۷۸۶/۹۲

تفسیر جامع

زیر سرپرستی

قبلہ حضرت محمد انوار حسین صاحب   قبلہ حضرت محمد نیاز حسین صاحب

قبلہ حضرت محمد افتخار حسین صاحب و قبلہ حضرت محمد اعجاز حسین صاحب

اَدَامَ اللّٰہُ تعالیٰ فُیُوضَھُم وَ اَفَاضَ عَلَینَا بَرَکَاتِہِم

مطبوع شد

عطا محمد

فہرست عنوانات تفسیر برزخ جامع

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	نذرِ عقیدت	۲
۲	مقدمہ (ابتداءِ خلق کے بیان میں)	۶
۳	نُور	۶
۴	عقل	۷
۵	قلم	۷
۶	علم	۹
۷	معرفت	۹
۸	دیباچہ	۱۲
۹	تعریف برزخ	۱۷
۱۰	سید عوالم ختم المرسلین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نور قدیم حضرت محمدؐ پاک صلعم کیلئے دو جہتیں ہیں الخ	۱۷
۱۱	شرح برزخ جامع حضور نبی کریم جناب محمدؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی شان پاک و اقدس	۲۰
۱۲	آج کل کے مسلمانوں کے عقائد فاسدہ	۴۲
۱۳	حضرت انسانِ کامل حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جہتِ ربوبیت اور شانِ علم کی وضاحت الخ	۴۴
۱۴	قرآن مجید کی نادر تفسیر	۵۵
۱۵	(سوال) جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دونوں کمال یعنی کمالِ ربوبیت و عبودیت الخ	۹
۱۶	در توحید حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ و برزخ جامع اعنی مقام محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم	۱۲
۱۷	بعض لوگ مسئلہ وحدۃ الوجود کا انکار کرتے ہیں اور جناب نبی کریمؐ کو اللہ تعالیٰ کا آئینہ تامہ نہیں مانتے الخ	۱۸
۱۸	نقشہ خلاصہ مرآت العارفین	
۱۹	آیات متشابہات کی تفسیر از تفسیر شیخ الاکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۶

آگے صفحہ ج پر

جملہ حقوق محفوظ ہیں

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ط

تفسیرِ برزخِ جامع

یعنی

آیاتِ متشابہات متعلقہ حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تفسیر بےنظیر

مشتمل بر

علوم و مکاشفاتِ اولیاء اللہ و علمائے باللہ رضی اللہ عنہم

من تصنیف لطیف

خاکسار عطا محمد خادم خادمان سید الافراد سلطان الاوتاد
غوث الاعظم ثانی خاتم الاولیاء اعلیٰ حضرت مولانا پیر غلام محمد
صاحب قبلہ جلوآنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ملنے کا پتہ (۱) میاں محمد یار وٹو قادری۔ دھڈی والا کلاں۔ لاہور روڈ۔ لائل پور شہر
(۲) غوثیہ کتب خانہ متصل دربار حضرت داتا گنج بخش صاحب لاہور

بار اول ✦ تعداد ایکہزار ✦ سال اشاعت ۱۳۸۶ھ ✦ ہدیہ تین روپیے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نذرِ عقیدت

غوثِ اعظم درمیانِ اولیاء ✤ چوں محمد درمیانِ انبیاء

تفسیر برزخ جامع میں کئی مختلف کتب سے اقتباسات درج کئے گئے ہیں لیکن وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ کے مطابق عرض کئے دیتا ہوں کہ مجھے ایک نہایت مشکل سوال پیدا ہوا جس کا حل خود عالی سرکار جناب حضرتِ غوث الاعظم پاک پیرانِ پیر دستگیر محبوب سبحانی قطب ربانی باز اشہب حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بنفسِ نفیس ارشاد فرمایا۔ سوال و جواب تفسیر متبرکہ میں موجود ہیں۔ اسلئے یہ مورِ مسکین اس تصنیف لطیف کو آپ رضی کی بارگاہِ عالیہ میں بطور ہدیہ پیش کرتا ہے تاکہ آپ رضی عالیجناب کی بارگاہِ اقدس میں قربِ خاص نصیب ہو۔

تفسیر کو مزین کرنے کیلئے تبرکاً آپ کی تصنیف لطیف "سر الاسرار" کا ایک اقتباس درج کیا جاتا ہے

اَلْمُقَدِّمَةُ فِي بَيَانِ ابْتِدَاءِ الْخَلْقِ اِعْلَمْ وَفَّقَكَ اللّٰهُ لِمَا يُحِبُّ وَيَرْضَى لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى رُوْحَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلًا مِنْ نُوْرِ جَمَالِهٖ كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقْتُ رُوْحَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نُوْرِ وَجْهِيْ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ رُوْحِيْ وَاَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِيْ وَاَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ وَاَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْعَقْلَ فَالْمُرَادُ مِنْهَا شَيْءٌ وَّاحِدٌ وَّهُوَ الْحَقِيْقَةُ الْمُحَمَّدِيَّةُ لٰكِنْ سُمِّيَ نُوْرًا لِكَوْنِهٖ صَافِيًا عَنِ الظُّلُمٰتِ الْجَلَالِيَّةِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ (وَعَقْلًا) لِكَوْنِهٖ مُدْرِكًا لِّلْكُلِّيَّاتِ (وَقَلَمًا) لِكَوْنِهٖ سَبَبًا لِنَقْلِ الْعِلْمِ كَمَا اَنَّ الْعِلْمَ سَبَبٌ لَّهٗ فِيْ عَالَمِ الْحُرُوْفَاتِ فَالرُّوْحُ الْمُحَمَّدِيَّةُ خُلَاصَةُ الْاَكْوَانِ وَاَوَّلُ الْكَائِنَاتِ وَاَصْلُهَا كَمَا قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَنَا مِنَ اللّٰهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ مِنِّيْ وَخَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْوَاحَ كُلَّهَا مِنْهُ فِيْ عَالَمِ اللَّاهُوْتِ وَفِيْ اَحْسَنِ التَّقْوِيْمِ الْحَقِيْقِيِّ وَهُوَ اسْمُ جُمْلَةِ الْاِنْسِ فِيْ ذٰلِكَ الْعَالَمِ وَهُوَ الْوَطَنُ الْاَصْلِيُّ فَلَمَّا مَضٰى عَلَيْهَا اَرْبَعَةُ اٰلَافِ سَنَةٍ خَلَقَ الْعَرْشَ مِنْ نُّوْرِ عَيْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَوَاقِي الْكَائِنَاتِ مِنْهُ ثُمَّ رَدَّتِ الْاَرْوَاحُ اِلٰى دَرْكِ الْاَسْفَلِ

الكائنات اعني الاجساد كما قال الله تعالى ثم رددناه اسفل سافلين يعني نزله اولا من علم اللاهوت الى عالم الجبروت فالبسهم الله تعالى بنور الجبروت كسوة بين الحرمين وهو الروح السلطاني ثم انزلهم بهذا الكسوة الى عالم الملكوت وكساهم بنور الملكوت وهو الروح الروحاني ثم انزلهم الى عالم الملك وكساهم بنور الملك وهو الروح الجسماني ثم خلق الله الاجساد منها كما قال الله تعالى منها خلقناكم وفيها نعيدكم ومنها نخرجكم تارة اخرى ثم امر الله تعالى الارواح ان تدخل في الاجساد فدخلت بامر الله تعالى كما قال عز وجل ونفخت فيه من روحي فلما تعلقت الارواح والست في الاجساد ونسيت ما اتخذت من عهد الميثاق في يوم الست بربكم قالوا بلى فلم ترجع الى الوطن الاصلي فيرحم الرحمان المستعان عليهم بانزال الكتب السماوية تذكرة لهم بذالك الوطن الاصلي كما قال الله تعالى وذكرهم بايام الله اى ايام وصاله فيما سبق مع الارواح فجميع الانبياء جاءوا في الدنيا وذهبوا الى الاخرة بهذا التنبيه فقل من تذكر ورجع واشتاق ووصل اليه اى الى وطنه الاصلي حتى افضت النبوة الى الروح الاعظم المحمدي خاتم الرسالة والهادي من الضلالة فارسله الى هؤلاء الناس الغافلين ليفتح بصيرتهم من نوم الغفلة فيدعوهم الى الله تعالى ووصاله ولقاء جماله الازلي كما قال الله تعالى قل هذه سبيلي ادعوا الى الله على بصيرة انا ومن اتبعني قال النبي صلى الله عليه وسلم اصحابي كالنجوم بايهم اقتديتم اهتديتم والبصيرة من عين الروح تفتح في مقام الفؤاد للاولياء وذلك لا تحصل بعلم الظاهر بل بعلم اللدن الباطن كما قال الله تعالى وعلمناه من لدنا علما فالواجب على الانسان تحصيل تلك العين على اهل البصائر باخذ التلقين من ولي مرشد مخبر من عالم اللاهوت فيا ايها الاخوان انتبهوا وسارعوا الى المغفرة من ربكم بالتوبة كما قال الله تعالى وسارعوا الى مغفرة من ربكم وجنة

عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ وَادْخُلُوْا فِي الطَّرِيْقِ وَارْجِعُوْا اِلٰى رَبِّكُمْ مَعَ هٰذِهِ الْقَوَافِلِ الرُّوْحَانِيَّةِ فَعَنْ قَرِيْبٍ يَنْقَطِعُ الطَّرِيْقُ وَلَا يُوْجَدُ الرَّفِيْقُ اِلٰى ذٰلِكَ الْعَالَمِ وَمَا جِئْنَا لِنَقْعُدَ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الدَّنِيَّةِ الْخَرَابَةِ وَلَا لِاَجْلِ الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَلِنَتَمَتَّعَ بِالْمُهِمَّاتِ النَّفْسَانِيَّةِ الْخَبِيْثَةِ ۞

فَنَبِيُّكُمْ مُنْتَظِرٌ مَغْمُوْمٌ لِاَجْلِكُمْ كَمَا قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ غَمِّيْ لِاَجْلِ اُمَّتِيَ الَّذِيْ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ۔

فَالْعِلْمُ الْمُنَزَّلُ عَلَيْنَا عِلْمَانِ ظَاهِرٌ وَّبَاطِنٌ يَعْنِي الشَّرِيْعَةَ وَالْمَعْرِفَةَ فَاَمَرَ بِالشَّرِيْعَةِ عَلٰى ظَاهِرِنَا وَبِالْمَعْرِفَةِ عَلٰى بَاطِنِنَا لِيُنْتِجَ مِنِ اجْتِمَاعِهِمَا عِلْمُ الْحَقِيْقَةِ كَالشَّجَرَةِ وَالْاَوْرَاقِ يَحْصُلُ مِنْهُمَا الثَّمَرَةُ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ الْاٰيَةَ وَاِلَّا فَبِمُجَرَّدِ عِلْمِ الظَّاهِرِ لَا يَحْصُلُ الْحَقِيْقَةُ وَلَا يَصِلُ اِلَى الْمَقْصُوْدِ فَالْعِبَادَةُ الْكَامِلَةُ بِهِمَا لَا بِاَحَدِهِمَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ اَيْ لِيَعْرِفُوْنِ فَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ كَيْفَ يَعْبُدُهُ فَالْمَعْرِفَةُ اِنَّمَا تَحْصُلُ بِكَشْفِ حِجَابِ النَّفْسِ عَنْ مِرْاٰةِ الْقَلْبِ بِتَصْفِيَتِهَا فَيَرٰى فِيْهَا جَمَالَ الْكَنْزِ الْمَخْفِيِّ فِيْ سِرِّ لُبِّ الْقَلْبِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ حَدِيْثِ الْقُدْسِيِّ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِكَيْ اُعْرَفَ فَلِهٰذَا تَبَيَّنَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ الْاِنْسَانَ لِمَعْرِفَتِهِ فَالْمَعْرِفَةُ عَلٰى نَوْعَيْنِ مَعْرِفَةُ صِفَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَعْرِفَةُ ذَاتِهِ فَمَعْرِفَةُ الصِّفَاتِ تَكُوْنُ حَظَّ الْجِسْمِ فِي الدَّارَيْنِ وَمَعْرِفَةُ تَكُوْنُ حَظَّ الرُّوْحِ الْقُدْسِيِّ فِي الْاٰخِرَةِ وَمَعْرِفَةُ الذَّاتِ تَكُوْنُ حَظَّ الرُّوْحِ الْقُدْسِيِّ فِي الْاٰخِرَةِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَيَّدْنَاهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَهُمْ مُؤَيَّدُوْنَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَهَاتَانِ الْمَعْرِفَتَانِ لَا تَحْصُلَانِ اِلَّا بِعِلْمَيْنِ عِلْمِ الظَّاهِرِ وَعِلْمِ الْبَاطِنِ بِهِمَا الْمَذْكُوْرَيْنِ كَمَا قَالَ

عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ عِلْمٌ بِاللِّسَانِ وَذَالِكَ حُجَّةُ اللهِ عَلَى عِبَادِهٖ وَعِلْمٌ بِالْجَنَانِ فَذٰلِكَ الْعِلْمُ النَّافِعُ لِحُصُوْلِ الْمَقْصُوْدِ وَالْاِنْسَانُ يَحْتَاجُ اَوَّلًا اِلَى عِلْمِ الشَّرِيْعَةِ لِيُحَصِّلَ الْبَدَنُ كَسْبَ مَعْرِفَتِهٖ فِىْ عَالَمِ مَعْرِفَةِ الصِّفَاتِ وَهُوَ الدَّرَجَاتُ ثُمَّ اِلَى عِلْمِ الْبَاطِنِ لِيُحَصِّلَ الرُّوْحُ كَسْبَ مَعْرِفَتِهٖ فِىْ عَالَمِ مَعْرِفَتِهٖ وَذَالِكَ لَا يَحْصُلُ اِلَّا بِتَرْكِ الرُّسُوْمَاتِ الَّتِىْ هِىَ مُخَالَفَةُ الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ وَحُصُوْلُهٗ بِقُبُوْلِ الْمَشَقَّاتِ النَّفْسَانِيَّةِ وَالرُّوْحَانِيَّةِ لِرِضَاءِ اللهِ تَعَالٰى بِلَا رِيَاءٍ وَلَا سُمْعَةٍ كَمَا قَالَ اللهُ تَعَالٰى فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا وَعَالَمُ الْمَعْرِفَةِ وَهُوَ عَالَمُ اللَّاهُوْتِ وَهُوَ الْوَطَنُ الْاَصْلِىُّ الْمَذْكُوْرُ الَّذِىْ خَلَقَ فِيْهِ الرُّوْحُ الْقُدْسِىُّ فِىْ اَحْسَنِ التَّقْوِيْمِ وَالْمُرَادُ مِنَ الرُّوْحِ الْقُدْسِىِّ الْاِنْسَانِىُّ الْحَقِيْقِىُّ الَّذِىْ اُوْدِعَ فِىْ لُبِّ الْقَلْبِ وَيَظْهَرُ وُجُوْدُهٗ بِالتَّوْبَةِ وَالتَّلْقِيْنِ وَمُلَازَمَةِ كَلِمَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ بِلِسَانِهٖ اَوَّلًا عَلٰى كَلِمَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ بِلِسَانِهِ الْجَنَانِ بَعْدَ حَيٰوةِ الْقَلْبِ حِيْنَ تُسَمِّيْهِ الْمُتَصَوِّفَةُ طِفْلَ الْمَعَانِىْ لِاَنَّهٗ مِنَ الْمَعْنَوِيَّاتِ الْقُدْسِيَّةِ وَتَسْمِيَتُهٗ طِفْلًا لِخِصَالٍ اَحَدُهُمَا اَنَّهٗ يَتَوَلَّدُ مِنَ الْقَلْبِ كَتَوَلُّدِ الطِّفْلِ مِنَ الْاُمِّ وَيُرَبِّيْهِ الْوَالِدُ فَيَكْبُرُ قَلِيْلًا اِلَى الْبُلُوْغِ ❊

(وَالثَّانِىْ) اَنَّ تَعْلِيْمَ الْعِلْمِ يَكُوْنُ لِلْاَطْفَالِ غَالِبًا تَعْلِيْمُ عِلْمِ الْمَعْرِفَةِ لِهٰذَا الطِّفْلِ اَيْضًا ❊

(وَالثَّالِثُ) اَنَّ الطِّفْلَ مُطَهَّرٌ مِنْ اَدْنَاسِ الذُّنُوْبِ الظَّاهِرَةِ فَهٰذَا اَيْضًا مُطَهَّرٌ مِنْ دَنَسِ الشِّرْكِ وَالْغَفْلَةِ وَالْجِسْمَانِيَّةِ ❊

(وَالرَّابِعَةُ) اَنَّ مِثْلَ هٰذِهِ الصُّوْرَةِ الصَّافِيَةِ لِلْوَلَدِ اَكْثَرُ وَلِذٰلِكَ يُرٰى فِى الْمَنَامَاتِ عَلٰى صُوْرَةِ الْمُرَادِ كَالْمَلٰئِكَةِ ❊

(وَالْخَامِسَةُ) اَنَّ اللهَ تَعَالٰى وَصَفَ نَتَائِجَ الْجَنَّةِ بِالطِّفْلِيَّةِ بِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ وَبِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ❊

(اَلسَّادِسُ) اَنَّ هٰذَا الْاِسْمَ كَانَ لَهٗ بِاِعْتِبَارِ لَطَافَتِهٖ وَنَظَافَتِهٖ ❊ .

(السابعة) أن إطلاق هذا الإسم على سبيل المجاز باعتبار تعلقه بالبدن بتمثله بصورة البشر بناءً على أن إطلاقه عليه لأجل ملاحته لا لأجل استصفاره ونظراً إلى بداية حاله وهو الإنسان الحقيقي لأن له نسبة مع الله تعالى فالجسم والجسماني ليس محرمان له بقوله عليه السلام لي مع الله وقت لا يسع فيه ملك مقرب ولا نبي مرسل والمراد منه بشرية النبي صلى الله عليه وسلم ومن الملك المقرب روحانيته التي خلقت من نور الجبروت كما أن الملك منه فلا مدخل له في نور اللاهوت وقال عليه الصلوٰة والسلام أن لله جنة لا فيها حور ولا قصور ولا عسل ولا لبن بل أن ينظر إلى وجه الله تعالى كما قال جل جلاله وجوه يومئذ ناضرة وكما قال عليه السلام سترون ربكم كما ترون القمر ليلة البدر ولو دخل الملك والجسماني في هذه العالم لاحترقتها كما قال الله تعالى في حديث القدسي لو كشفت سبحات وجه جلالي لاحترقت كل ما انتهى إليه بصري وكما قال جبرائيل عليه السلام لو دنوت أنملة لاحترقت ٭

مقدمہ (ابتداء خلق کے بیان میں) جان اے اللہ تعالیٰ تجھے اُس بات کی توفیق عطا فرمائے جس کو وُہ پسند رکھتا ہے اور جس میں اُس کی خوشنودی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے رُوحِ پُرفتوح جنابِ سرورِ دو عالم حبیبِ کبریا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو سب سے پہلے اپنے نورِ جمال سے پیدا کیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "میں نے رُوح جناب محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو اپنے ذاتی نور سے پیدا کیا" اور جیسا کہ حضور نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا "سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری رُوح کو پیدا کیا۔ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نُور کو پیدا کیا۔ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے قلم کو پیدا کیا۔ اور سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے عقل کو پیدا کیا"۔ اِن سب سے مُراد ایک ہی شے ہے اور وُہ حقیقتِ محمّدیہ ہے (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم)٭

نُور اِس ذاتِ پاک کا اسواسطے نام رکھا کہ ظلمات جلالیہ سے بالکل پاک وصاف ہے۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالےٰ کا ارشاد ہے "بے شک اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس ایک

نور (یعنی سیدِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) اور روشن کتاب (قرآن مجید) آئے اور عقل اِسواسطے فرمایا کہ اِس کو تمام کلیات کا اِدراک حاصل ہے اور قلم اِسواسطے نام رکھا کہ علم کو نقل کرنے کا ذریعہ ہے جیسا کہ عالمِ حروفات میں علم اِس کے لئے سبب ہے۔ پس رُوحِ محمّدیہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تمام موجودات کا خلاصہ اور جملہ کائنات کی ابتدا اور اصل ہے جیسا کہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے فرمایا "مَیں اللہ سے ہُوں اور مومنین مجھ سے ہیں"۔ اللہ تعالیٰ نے تمام اَرواح کو عالمِ لاہُوت (یعنی عالمِ ذاتِ باری) میں اِس رُوحِ اقدس سے (یعنی رُوحِ محمّدیہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے) اچھی اور حقیقی صُورت پر بنایا اور اس عالَم میں تمام بنی نوعِ انسان سے مُراد آپ کی ذات پاک ہے اور وُہی وطنِ اصلی ہے۔ جب اِس پر چار ہزار برس گزر گئے تو اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی چشمِ مبارک کے نُور سے عرش کو پیدا کیا اور باقی تمام کائنات کو عرش سے۔ پھر ارواح کائنات کے سب سے نچلے طبقہ (یعنی اجساد) کی طرف لوٹا دیئے گئے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ہم نے اِس کو پھیر دیا نیچی سے نیچی حالت کی طرف یعنی پہلے اِس کو عالمِ لاہوت سے عالمِ جبروت میں اُتارا اور اللہ تعالےٰ نے اُنہیں حرمین کے مابین نُورِ جبرُوت کا لباس پہنایا اور وُہ رُوحِ سُلطانی ہے۔ پھر انہیں اِس لباس میں عالمِ ملکوت کیطرف بھیجا۔ اور ان کو نورِ ملکوت کا لباس پہنایا اور وُہ رُوحِ رُوحانی ہے۔ پھر انہیں عالمِ مُلک میں بھیجا اور اُن کو نُورِ مُلک کا لباس پہنایا۔ اور وُہ رُوحِ جسمانی ہے۔ پھر اس سے جسموں کو پیدا کیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "ہم نے زمین ہی سے تمہیں پیدا کیا۔ اور اِسی میں پھر تمہیں لوٹا دینگے۔ اور اِسی سے پھر دُوسری بار نکالیں گے"۔ پھر اللہ تعالیٰ نے روحوں کو جسموں میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ پس وُہ اللہ کے امر سے داخل ہوگئیں۔ جیسا کہ اللہ عزّو جلّ نے فرمایا ہے "اور مَیں نے اپنی طرف سے اِس میں رُوح پھُونکی"۔ پس جب ارواح و اجساد کا رشتہ استوار ہوگیا۔ اور روحیں جسموں کے ساتھ مانوس ہوگئیں اور اِس عہدِ میثاق (قول و اقرار) کو فراموش کر دیا۔ جو "اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ" اور "قَالُوْا بَلٰی" کے دن ہُوا تھا (جس دن اللہ تعالیٰ نے ارواح کو مخاطب کر کے فرمایا "کیا مَیں تمہارا رَبّ نہیں" تو سب نے بالاتفاق جواب دیا "کیوں نہیں"۔

بیشک آپ ہمارے پروردگار ہیں) تو اصلی وطن کی طرف رجوع نہ کیا۔ پس اللہ رحمان مددگار نے ان پر آسمانی کتابیں نازل فرما کر انہیں اصلی وطن کی یاد دلائی۔ چنانچہ ارشاد باری ہے "اور یاد دلائیں اُن کو اللہ کے ایام" یعنی ایام وصال جو ارواح دیکھ چکے تھے چنانچہ جملہ انبیاء علیہم السلام اس آگاہی کیلئے دُنیا میں تشریف لائے اور عالمِ عقبیٰ کو سُدھارے۔ لیکن بہت کم لوگوں نے نصیحت پر عمل کیا اور رجوع کیا۔ ان کے دلوں میں وطن کی محبت نے جوش مارا اور وُہ اصلی ٹھکانے پر پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ حتیٰ کہ سلسلۂ نبوت روحِ اعظم (یعنی رُوح پُر فتوح جناب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خاتمِ رسالت، ہادئ راہِ ہدایت پر مکمل ہو گیا۔ آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا تمام لوگوں کیطرف جو غفلت میں پڑے ہوئے تھے تاکہ ان کی بصیرت (دل کی آنکھ) کو غفلت کی نیند سے بیدار فرمادیں۔ آپؐ نے اُن کو اللہ تعالیٰ کی طرف اُس کا وصال اور جمالِ ازلی حاصل کرنے کیلئے دعوت دی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا (حبیب لبیب) "فرما دیجئے یہ میری راہ ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کیطرف بلاتا ہوں۔ میں اور جو میری اتباع کرتے ہیں دل کی آنکھیں رکھتے ہیں" حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میرے اصحاب تاروں کی مانند ہیں۔ ان میں سے تم جس کی بھی اقتداء کرو گے راہ ہدایت پاؤ گے"۔ بصیرت اولیاء کے دل کے مقام میں رُوح کی آنکھ سے کھلتی ہے اور یہ ظاہری علم سے نہیں بلکہ باطنی لدنی علم سے حاصل ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد باری ہے "اور ہم نے اُسے اپنا لدنی علم عطا فرمایا"۔ پس انسان پر واجب ہے کہ اہلِ بصیرت کی موافقت اور عالمِ لاہوت کے واقف کار ولی مرشد کی تلقین و تعلیم سے وُہ آنکھ حاصل کرے۔ بھائیو! خبردار ہو جاؤ اور توبہ کرتے ہوئے اپنے رب کی بخشش کی طرف دوڑو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اور دَوڑو اپنے رب کی بخشش اور ایسی جنت کیطرف جس کا عرض زمین و آسمان ہے اور پرہیزگاروں کیلئے تیار کی گئی ہے" راہ طریقت اختیار کرو اور ان رُوحانی قافلوں کی معیت میں اپنے رب کیطرف رجوع کرو کیونکہ عنقریب اس عالم کا راستہ منقطع ہو جائیگا اور کوئی رفیق راہ نہ ملے گا۔ ہم اس برباد ہونیوالی کمینی دُنیا میں نہ تو دائمی قیام کیلئے آئے ہیں، نہ کھانے اور پینے کیلئے اور نہ خبیث نفس کی لذات اور خواہشات پر

قناعت کرنے کیلئے۔

تمہارے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔ اور تمہاری خاطر غمزدہ ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ "مجھے اپنے اُن اُمتیوں کا غم ہے جو اخیر زمانہ میں آنیوالے ہیں"۔

علم:۔ ہم پر دو قسم کا علم نازل کیا گیا ہے۔ علم ظاہری اور علم باطنی یعنی علم شریعت اور علم معرفت شریعت کا حکم ہمارے ظاہر پر اور معرفت کا امر ہمارے باطن پر ہے۔ دونوں علم جمع ہو جائیں تو اُن کا نتیجہ علم حقیقت ہے۔ جسطرح درخت اور پتوں کے اجتماع کا ماحصل پھل ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ "اُس نے دو سمندر بہائے کہ دیکھنے میں ملے ہوئے معلوم ہوتے ہیں لیکن اِن کے مابین حدِ فاصل ہے کہ ایک دوسرے پر بڑھ نہیں سکتا"۔ (آیہ کریمہ) محض علم ظاہری سے حقیقت حاصل نہیں ہو سکتی اور نہ ہی منزلِ مقصود پر پہنچ سکتے ہیں۔ کامل عبادت (یعنی معرفت الٰہی) کیلئے دونوں علوم ضروری ہیں۔ ایک علم کافی نہیں جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے "میں نے جنوں اور انسانوں کو اسلئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں یعنی میری معرفت حاصل کریں"۔ پس جو اُس ذات باری کو پہچانتا ہی نہیں وہ کس طرح اُس کی عبادت کر سکتا ہے۔ معرفت صفائی قلب۔ اور دل کے آئینہ سے نفس کا حجاب دور کرنے سے حاصل ہو سکتی ہے۔ پھر اُس میں جمالِ کنزِ مخفی دل کی گہرائی کے بستر کے اندر مشاہدہ کیا جاتا ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "میں ایک مخفی خزانہ تھا۔ میں نے چاہا کہ میں جانا پہچانا جاؤں۔ پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا کہ وہ میری معرفت حاصل کریں۔ لہٰذا یہ بات واضح ہو گئی کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی معرفت کیلئے پیدا کیا"۔

معرفت:۔ معرفت دو قسم کی ہے (۱) معرفت صفاتِ الٰہیہ (۲) معرفت ذاتِ الٰہی۔ معرفت صفات دونوں جہاں میں وجود کا حصہ ہے اور معرفتِ ذات آخرت میں روح القدس کا نصیبہ ہے۔ چنانچہ فرمانِ ایزدی ہے "اور ہم نے اُس کی روح القدس سے مدد کی"۔ اور وہ روح القدس کیساتھ مدد کئے جاتے ہیں۔ اور یہ دونوں معرفتیں بغیر ہر دو علوم ظاہری اور باطنی (جنکے ساتھ انکا ذکر ہو چکا ہے) حاصل نہیں ہو سکتیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ علم دو طرح

کا ہے (۱) علم جس کا تعلق زبان سے ہے یہ اللہ تعالیٰ کی حُجّت ہے اپنے بندوں پر (۲) علم جس کا تعلق دِل سے ہے۔ یہ علم حصولِ مقصد کیلئے نفع بخش ہے۔ اِنسان کو پہلے علم شریعت کی ضرورت ہے تاکہ بدن عالمِ معرفتِ صفات میں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر سکے اور وُہ درجات ہیں۔ اِس کے بعد علم باطنی کی ضرورت ہے تاکہ رُوح کو عالمِ معرفت میں معرفت ذاتِ الٰہی حاصل ہو جائے اور وُہ شریعت اور طریقت کے خلاف رسومات ترک کرنے کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی اِس کا حاصل ہونا ایسی نفسانی اور رُوحانی مشقتیں اور ریاضتیں اختیار کرنے سے ہے جو محض اللہ تعالیٰ کی رضامندی کیلئے ہوں۔ کسی کو دکھانے اور سنانے کیلئے نہ ہوں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "پس جو اپنے رب سے ملنے کی اُمید رکھتا ہے اُسے چاہیئے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے"۔ اور عالمِ معرفت یعنی عالمِ لاہوت وہی وطنِ اصلی ہے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ جسمیں اللہ تعالیٰ نے رُوح القدس کو اچھی صُورت پر پیدا کیا۔ رُوح القدس سے مُراد انسانِ حقیقی ہے جو دل کی گہرائی میں ودیعت رکھا گیا ہے۔ اُسکے وجود کا ظہور تو بہ تلقین اور کلمہ توحید لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا اوّل زبان سے دائمی ذکر کرنے سے ہوتا ہے۔ اِس طور پر کہ دِل زندہ ہو جانے کے بعد زبانِ حال سے کلمۂ توحید کا ذکر کیا جائے اُسوقت صوفیائے کرام اپنی اصطلاح میں اُس کا نام طِفل المعانی رکھتے ہیں۔ کیونکہ وُہ معانی قدسیہ سے ہویدا ہوتا ہے اور اُس کا نام طفل المعانی چند وجوہ سے ہے (اوّل) یہ کہ وُہ دِل سے پیدا ہوتا ہے جیسے بچہ ماں کے بطن سے پیدا ہوتا ہے اور باپ اُس کی پرورش کرتا ہے اور وُہ آہستہ آہستہ بڑا ہو کر سِنِ بلُوغت کو پہنچ جاتا ہے۔

(دوئم) یہ کہ بچوں کو عموماً ظاہری علم کی تعلیم دی جاتی ہے اسی طرح اِس بچے کو بھی علم معرفت کی تعلیم دی جاتی ہے۔

(سوئم) یہ کہ جسطرح بچہ ظاہری گناہوں کی مَیل کچیل سے پاک ہے اسی طرح یہ طفل بھی شرک، غفلت اور جسمانیت کی مَیل سے پاک ہے۔

(چہارم) یہ کہ بچّے کی اِس پاک صاف صُورت کی مانند طہارت و پاکیزگی میں بڑھ جاتا ہے تو خوابوں میں مطلُوب و مقصُود کی صُورت پر فرشتوں کی مانند دکھائی دیتا ہے ؛

(پنجم) یہ کہ اللہ تعالیٰ نے نتائج جنّت کو طفولیت کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ فرمان باری تعالیٰ ہے اور ان کے (اہل جنّت کے) گرد لئے پھرینگے ہمیشہ رہنے والے لڑکے نیز فرمایا (اہلِ جنّت کی خدمت کیلئے) لڑکے ہونگے گویا کہ وُہ چُھپائے ہُوئے موتی ہیں ؛

(ششم) اُس کا یہ نام اُس کی پاکیزگی اور لطافت کے لحاظ سے ہے ؛

(ہفتم) بدن کے ساتھ تعلق ہونے کے اعتبار سے اور بشری صورت کے لحاظ سے اُس پر اِس نام (یعنی طفل) کا اطلاق محض مجاز کے طور پر ہے۔ یہ اطلاق اُس کی ملاحت کے باعث ہے نہ اُس کے فقر و غنا اور صفائی باطن کی وجہ سے اور اُس کے ابتدائی حالات پر ایک نظر ڈالنے سے معلُوم ہوجاتا ہے کہ وُہ اِنسان حقیقی ہے کیونکہ اُس کو اللہ تعالےٰ کے ساتھ ایک اَیسی نسبت ہے کہ جسم اور جسمانی اُس کے حال سے واقف نہیں۔ بموجب ارشاد عالی حضُور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام "میرے لئے اللہ کے ساتھ ایک ایسا وقت ہے جس میں نہ کسی مُقرّب فرشتے اور نہ کسی نبیِ مُرسل کو گنجائش ہے"۔ اِس سے مُراد بشریت جناب نبیِ کریم علیہ التحیۃ والتسلیم ہے۔ اور مَلک مُقرّب سے مُراد ایسی رُوحانیّت ہے جو نُورِ جبرُوت سے پیدا کی گئی ہے چنانچہ فرشتہ بھی اُس نور سے پیدا کیا گیا ہے۔ لہٰذا اُس کیلئے نورِ لاہوت میں مقام دخل نہیں ہے۔ حضُور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے ارشاد فرمایا ہے تحقیق اللہ تعالیٰ کیلئے ایسی جنّت ہے جس میں نہ حُور و قصُور ہے اور نہ شہد و دُودھ۔ اِس میں صرف ذاتِ باری کا دیدار کیا جائیگا" جیسا کہ اللہ جل جلالہٗ نے فرمایا "کچھ چہرے اُس دن تر و تازہ ہوں گے"۔ اور جیسا کہ حضور علیہ الصلواۃ والسّلام کا ارشاد عالی ہے "عنقریب تم اپنے پروردگار کو دیکھوگے جیسا کہ چودھویں رات کا چاند دیکھتے ہو"۔ اگر فرشتہ یا جسمانی اِس عالم میں داخل ہو تو اُس کو جلا دے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حدیثِ قُدسی میں فرمایا۔ "اگر میں اپنے انوارِ عظمت و جلال ظاہر کر دُوں تو ہر شئے

جہاں تک میرا جلوہ پہنچے جل جائے"۔ جیسا کہ جبرائیل علیہ السّلام نے عرض کیا" اگر میں سرِ انگشت کے برابر بھی آگے بڑھوں تو جل جاؤں گا"۔

مسکین عطا محمد عفی اللہ عنہ الصمد
گجرات

دیباچہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ خَتْمِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

یہ بندۂ مسکین عطا محمدؐ ولد سردار خاں ساکن گجرات شہر عرض رساں ہے کہ اس درویش ناچیز نے جب عالم میں نگاہ کی تو عوام تو درکنار بڑے بڑے اکابر علماء کے عقاید باطلہ و فاسدہ پائے دل کو نہایت قلق ہوا۔ خیال پیدا ہوا کہ کسی ایسے احسن پیرایہ میں ایک مختصر اور مستند عریضہ پیش کیا جائے کہ کسی کو بھی اعتراض کی گنجائش باقی نہ رہے کیونکہ عقاید صحیحہ کے بغیر اعمال کا کوئی اعتبار نہیں ؎

خشتِ اوّل چوں نہد معمار کج
تا ثریا میرود دیوار کج
مولانا رومؒ

انہی ایّام میں یہ ناچیز قبلۂ کونین و کعبۂ دارین العلامۃ الاوحد قطبُ الاقطاب و فرد الاحباب وحیدِ عصر و یکتائے دہر غوث الاعظم ثانی ولاثانی سیدی مرشدی و مولائی اعلیحضرت جناب فخر الواصلین مولانا غلام محمدؐ صاحب قبلہ جلالپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس واطہر میں حاضر ہوا۔ سبحان اللہ۔ آنحضور پُر نور میرے دل کا خیال ہی معلوم کر کے فرمانے لگے "فقیر کو چاہیئے کہ مرأۃ العارفین کا مطالعہ کرے"۔ سچ ہے ؎

اولیاء اطفال حقند اے پسر ۞ در حضور و غیب آگہ باخبر

برتر اند از عرش و کرسی و ز خلا ❊ ساکنانِ مقعدِ صدقِ خدا

واپس آتے ہی مسکین نے مِرْاٰۃُ الْعَارِفِیْن کا مطالعہ شروع کیا جب غور کیا تو تمام عقاید صحیحہ کا نور نظر آیا۔ دل کو نہایت سرور ہوا۔ مِرْاٰۃُ الْعَارِفِیْن امام القبلتین سیّد الکونین محبوب ربّ العالمین سبطِ ختم المرسلین سیّد الشہدا حضرت امام عالیمقام حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصنیف لطیف ہے۔ جو اپنی نظیر آپ ہے۔ مِرْاٰۃُ الْعَارِفِیْن میں آپ نے آنحضرت ختم المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم جناب محمدؐ پاک صلّی اللہ علیہ آلہٖ وسلّم کی ذاتِ اقدس کو حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ثابت کیا ہے۔ یعنی آنحضورؐ سراپا نور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم جمیع کمالات حقّی اور خلقی کے جامع ہیں یہ عریضہ چونکہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام ہی کے اسرارات کے بحار کا ایک قطرہ ہے۔ لہٰذا اس کا نام تفسیر برزخ جامع تجویز کیا ❊

آجکل لوگوں کے عقائد باطلہ کی وجہ یہ ہے کہ وہ محققین اقطاب عارفینؒ کی صحبت سے محروم ہیں بلکہ اُن کی خدمت میں حاضر ہونے کو عار سمجھتے ہیں حالانکہ قرآن مجید اور احادیث شریف میں اُولِی الْاَمْر کی طاعت کی سخت تاکید کی گئی ہے اُولِی الْاَمْر سے مُراد علمائے ربّانی ہیں اور یہ وُہ علمائے کرام ہیں جو سیّد المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین حضور نبی کریم رؤف رحیم نورِ قدیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی طرف سے ہر زمانہ میں تلقین و ارشاد کے منصب پر مامور کئے جاتے ہیں اور یہی لوگ صاحب امر صاحب اجازت یا صاحب ارشاد ہیں اور یہ شرف اور عزّت اُن کو اپنے مشائخ عظام و صوفیائے کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے نصیب ہوتا ہے جیسے سلطان العارفین عالیجناب حضرت سلطان باہو صاحب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

دست بیعت کرد مارا مصطفٰےؐ
فرزندِ خود خواند است مارا مجتبٰےؓ
شُد اجازت باہُوؒ را از مصطفٰےؐ
خلق را تلقین کُن بہرِ خدا

علامۂ دوران حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑوی علیہ الرحمۃ اپنے ملفوظات شریف میں فرماتے ہیں کہ قرآن مجید اور حدیث شریف کے مطالب اور معانی۔ حقائق اور دقائق سوائے عارفین باللہ کے کوئی نہیں جانتا اور اسپر استشہاداً عہدِ فاروقی رضی کا ایک عجیب و غریب واقعہ پیش کرتے ہیں وَھُوَھٰذَا۔ دو عورتوں کا وضع حمل اتفاقاً ایک ہی جگہ پر ایک ہی وقت میں ہوا۔ اور کوئی شخص اُن کے پاس موجود نہ تھا۔ ایک عورت نے لڑکی اور دوسری نے لڑکا جنا۔ لڑکے والی بیہوش ہو گئی مگر دُوسری ہوش میں رہی اور چالاکی سے اپنی لڑکی اُٹھا کر بیہوش کے آگے رکھ دی اور اُس کا لڑکا خود سنبھال لیا۔ اتنے میں لڑکے والی عورت ہوش میں آگئی اور واویلہ شروع کیا اور دُوسری عورت کو کہا کہ یہ لڑکی میری نہیں کیونکہ میرا دل اس کو دیکھنے کو نہیں مانگتا۔ میرا تو وُہ لڑکا ہے کیونکہ میرا دل سارے کا سارا اُدھر اُلٹا جا رہا ہے۔ لیکن دُوسری عورت نے لڑکا دینے سے انکار کر دیا۔ بالآخر یہ معاملہ دربار فاروقی رضی میں پیش ہُوا۔ سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ گواہ شاہد نہ پا کر حیران رہ گئے۔ آخر جب کوئی حل نہ پایا تو بابِ مدینۂ علم سیدنا مولا مشکل کشا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ کہ معاملہ بہت سہل ہے دونوں عورتوں کے دُودھ کا وزن کر لیں جس کا دُودھ بھاری ہو لڑکا اُس کا ہے۔ اِس پر سیدنا حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا حضرت آپ کا فرمان سر آنکھوں پر لیکن ثبوت؟ فرمایا "قرآن مجید"۔ عرض کیا۔ کونسی آیت؟ فرمایا! "یُوْصِیْکُمُ اللّٰہُ فِیْۤ اَوْلَادِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ" (یعنی وصیت کرتا ہے اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد کے حق میں مرد کا حصہ برابر مثل دو عورتوں کے ہے۔ نساء ع ۲) اور ماں کی چھاتیوں میں دُودھ بھی وراثت ہے۔ لہٰذا یہاں بھی یہی حصہ ہے۔" چنانچہ جا کر دونوں عورتوں کا دُودھ چوا کر وزن کیا گیا تو واویلہ کرنے والی عورت حق پہ ثابت ہوئی اور لڑکا اُس کو واپس دلوایا گیا اور فرمایا کہ اگر علی رضی نہ ہوتے تو عمر رضی ہلاک ہو جاتا۔ اگرچہ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین ہدایت کے ستارے اور صاحب ولایت تھے لیکن حضرت علی المرتضیٰ مولا مشکل کشا

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو کمالِ ولایت حاصل تھا دُوسروں کو نہ تھا جیسے کہ حدیث شریف میں وارِد ہُوا ہے اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا فَمَنْ اَرَادَ الْعِلْمَ فَلْیَاْتِ الْبَابَ یعنی مَیں علم کا شہر ہُوں اور علی علیہ السّلام اُس کا دروازہ ہیں پس جو علم کا اِرادہ کرے وہ دروازے پر آوے (جواہر البحار)۔

پس قرآن مجید اور حدیث شریف کے مطالب اور معانی کو سوائے عُلمائے ربّانی یعنی فقرائے کاملین کے کوئی نہیں جانتا۔ اِسی واسطے ہر عام وخاص کو اِن کی اطاعت اور فرمانبرداری کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ مست بادۂ قیّوم حضرت مولانا رُوم محمّد جلال الدّین صاحب رحمۃ اللہ علیہ مثنوی شریف میں ارشاد فرماتے ہیں ؎

ہیں کہ اِسرافیلِ وقتند اَولیاء
مُردہ را زیشاں حیاتست و نما!
اَولیاء اصحابِ کہف اند اے عنود
در قیام و در تقلب در رقود
چُوں شوی دُور از حضورِ اَولیاء
در حقیقت گشتۂ دُور از خدا
اولیاء را ہست قدرت از الٰہ
تیر جستہ باز گرداند ز راہ

تفسیر برزخ جامع میں سارے قرآن مجید کا ایک نہایت احسن حل پیش کیا گیا ہے۔ جس سے تمام اختلافی مسائل حل ہو جاتے ہیں مختصر طور پر عرض کئے دیتا ہُوں کہ سرکار دو عالم حضور نبی کریم نُورِ قدیم جناب محمّد پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کیلئے دو کمال یا دو نسبتیں یا دو جہتیں ہیں۔ ایک جہت الی الحق دوسری جہت الی الخلق۔ قرآن مجید میں اِسلئے حقتعالیٰ نے دونوں جہتوں کے مطابق آیات بیّنات نازل فرمائی ہیں۔ اب جو شخص اِن دو جہتوں سے واقف ہے وہ کسی آیت کریمہ پر مذبذب نہیں ہو سکتا وُہ جانتا ہے کہ اِسکا اطلاق آپ کی فلاں جہت پر ہے۔ تفسیر متبرکہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ

کسی آیت کی تحویل کرنیکی کوئی حاجت نہیں ہر مسلمان کو لفظی ترجمہ تسلیم کر لینا چاہیئے۔ سُبْحَانَ اللّٰہ! واقعی یہ نادر تفسیر ہے اور بالکل نئی تفسیر ہے۔ اِس مورِ مسکین پر نظر نہ رکھیں۔ قرآن مجید کے مطالب اور معانیٔ حقائق اور دقائق، رموز، اور کنوز اس بندۂ بیکس نے اپنے پیر و مُرشد قطب الموحدین سلطان العارفین سُر تاج الواصلین غوث الاعظم ثانی ولاثانی خاتم الاولیاء اعلیحضرت شمسُ العلماء مولانا غلام محمدؐ صاحب قبلہ جلبوآنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درِ دولت سے حاصل کئے ہیں۔ اور یہ آپ ہی کے بحور کا ایک قطرہ ہے ؂

تنبیہہ:۔ تفسیر برزخ جامع میں جو عقائد پیش کئے گئے ہیں وہ اہل بیت آئمہ اطہار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے نورانی عقائد کی من وعن نقل ہیں۔ اب جو شخص ان کو تسلیم نہ کرے وُہ پرلے درجے کا گستاخ اور بدنصیب ہے ہاں کوئی چیز اگر حیطۂ ادراک میں نہ آئے تو اپنے فہم کا قصور سمجھے اور سمجھنے کی کوشش کرے ؂

دُعا:۔ اِلٰہُ الْعَالَمِیْن اپنی رحمت کاملہ سے اور اپنے محبُوبؐ پاک کے صدقہ اور وسیلہ جلیلہ سے اور آنحضور سراپا نُور صلیّ اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلّم کی سیرتِ پاک کی برکت سے ہمارے دِلوں میں سچّا ایمان اور صحیح عقیدہ بھر دے اور اپنی رضا اور اپنے محبُوبؐ پاک کی خوشنودی کا تمغہ عطا فرمادے! آمین ثم آمین۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؂

خاکسار عطا محمد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

تفسیر برزخ جامع

تعریف برزخ :۔ لغت میں اُس چیز کو کہتے ہیں کہ درمیان دو مخالف چیزوں کے حائل ہووے خواہ اُن دونوں چیزوں کیساتھ مناسبت رکھے یا نہ رکھے جیسے کہ اعراف برزخ ہے درمیان بہشت اور دوزخ کے اور درخت خرما اور مردم گیاہ برزخ ہے درمیان حیوانات اور نباتات کے اور مونگا برزخ ہے درمیان نباتات اور جمادات کے اور اُس زمانے کو کہ درمیان موت اور حشر کے ہے برزخ کہتے ہیں۔ لہٰذا برزخ سے مُراد ایسی شئے یا حقیقت ہے جو دو متضادہ طرفین کو شامل ہو۔

سیدِ عوالم ختم المرسلین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم محبوب رب العالمین حضرت محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے دو جہتیں ہیں۔ جہتِ ربوبیت اور جہتِ عبودیت یعنی آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں۔

ختم المرسلین محبوب ربّ العالمین حضور نبی کریم نورِ قدیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے دو جہتیں ہیں۔ جہتِ ربوبیت اور جہتِ عبودیت اعنی حضور سراپا نور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ذوالکمالین ہیں یعنی آپؐ کمالِ ربوبیت اور کمالِ عبودیت ہر دو سے متصف اور مکمل ہیں اسلئے آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں کما قولہٗ تعالیٰ وَتَرٰھُمْ یَنْظُرُوْنَ اِلَیْکَ وَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ (اعراف ع ۲۴) یعنی اے حبیب کریم صلی اللہ علیک وسلم آپ دیکھ رہے ہیں کہ یہ لوگ آپؐ کیطرف نظریں تو کرتے ہیں لیکن آپؐ کو دیکھ نہیں رہے یعنی آپؐ کی ظاہری صورت تو دیکھ رہے ہیں لیکن آپکی باطنی صورت نہیں دیکھتے یا دوسرے الفاظ میں آپؐ کے بشری کمالات تو دیکھ رہے ہیں لیکن ان کی نگاہیں آپؐ کے حقی کمالات تک نہیں پہنچتیں۔

پس اس مذکورہ بالا آیہ کریمہ سے ختم المرسلین حضور نبی کریم نورِ قدیم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کیلئے دو جہتیں یعنی دو کمالات ثابت ہیں۔ یعنی جہتِ ربوبیّت اور جہتِ عبودیّت اعنی آپؐ کمالِ ربوبیت اور کمالِ عبودیت دونوں سے متصف اور موصوف ہیں تو آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں۔

سیّدِ عوالم محبوبِ ربّ العالمین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم جناب محمدؐ پاک صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کیسے ارشاد فرماتے ہیں إِنِّي أَعْلَمُكُمْ وَأَخْشَاكُمْ بِاللّٰهِ۔ ترجمہ:۔ (میں تم سب سے زیادہ عالم ہوں اور سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے خوف کرنیوالا ہوں) پس حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا کمالِ علم بوجہ کمالِ ربوبیّت اور کمالِ خشیّت بوجہ کمالِ عبودیّت ہے کیونکہ آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامعؐ ہیں اور تمام کمالات حقّی اور تمام کمالات خلقی آپؐ کی ذات بابرکات پر ختم اور اتمّ ہیں۔ اسی لئے حضور نبی کریم نورِ قدیم علیہ التحیۃ والتسلیم کا خطاب مستطاب "ختم المرسلینؐ" ہے۔

الغرض متعدد آیات بیّنات اور احادیث شریف آپؐ کے حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہونے پر دال ہیں لیکن یہاں پر اختصار منظور ہے۔

سیّد الشہداء امام المفسّرین سیّد العارفین سبطِ رسولؐ ربّ العالمین حضرت امام عالیمقام جناب حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے رسالہ متبرکہ مرآۃ العارفین میں حضرت انسان کامل صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حق اور خلق کے درمیان کیسے برزخ جامع ثابت فرماتے ہیں:۔

اصالتاً انسان کامل ختم المرسلین شفیع المذنبین محبوب ربّ العالمین حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمدؐ پاک صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہیں کیونکہ جمیع کمالات حقّی اور خلقی کے آپؐ جامع ہیں۔

وَقَالَ الْإِمَامُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلْعَقْلُ نُسْخَةُ الذَّاتِ وَاللَّوْحُ نُسْخَةُ الْعِلْمِ وَالْعَرْشُ نُسْخَةُ الْقَلَمِ وَالْكُرْسِيُّ نُسْخَةُ اللَّوْحِ وَاَمَّا الْإِنْسَانُ الْكَامِلُ فَهُوَ نُسْخَةٌ جَامِعَةٌ لِجَمِيعِ النُّسَخِ وَهُوَ الْمُسْتَخْرَجُ وَالْمُسْتَنْبَطُ مِنَ الْكُلِّ وَهُوَ الْجَامِعُ بَيْنَ الْحَقَائِقِ الْإِلٰهِيَّةِ وَالْكَوْنِيَّةِ۔

یعنی پس عقلِ اوّل نسخہ ذات کا ہے اور لوحِ محفوظ نسخہ علم کا ہے اور عرش نسخہ قلم کا

ہے اور کرسی نسخہ لوحِ محفوظ کا ہے۔ لیکن انسانِ کامل نسخہ جامع واسطے تمام نسخوں کے ہے اور وہ کل سے منتخب اور استنباط کیا گیا ہے اور حقائقِ الٰہیہ اور کونیہ کا جامع ہے ؂

یعنی ختم المرسلین حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں ؂

اور فرماتے ہیں وَلِهٰذَا الْوُجُوْدِ الْوَاحِدِ ظُهُوْرٌ وَهُوَ الْعَالَمُ وَبُطُوْنٌ وَهُوَ الْاَسْمَاءُ وَبَرْزَخٌ جَامِعٌ فَاصِلٌ بَيْنَهُمَا لِيَتَمَيَّزَ بِهِ الظُّهُوْرُ عَنِ الْبُطُوْنِ وَهُوَ الْاِنْسَانُ الْكَامِلُ ؂

یعنی اس وجودِ واحد کا ایک ظہور ہے وہ عالم ہے اور بطون ہے وہ اسماء ہیں اور ایک برزخ جامع ہے جو اُن دونوں میں فاصل ہے تاکہ اُس کے ساتھ ظہور بطون سے متمیز ہو وہ انسانِ کامل ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ؂

اعنی ختم المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین محبوبِ ربّ العالمین نورِ مجسم نبی محتشم شفیعِ معظم رؤف الرحیم نورِ قدیم جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق اور خلق کے درمیان برزخِ جامع ہیں ؂

اور فرماتے ہیں فَنَقُوْلُ كَمَا اَنَّ بَيْنَ ذَاتِ الْحَقِّ وَذَاتِ الْاِنْسَانِ الْكَامِلِ وَعِلْمِ الْحَقِّ وَعِلْمِهٖ مُضَاهَاةٌ وَاَنَّ كُلَّ مَا فِيْهَا مُجْمَلٌ فَهُوَ فِيْهَا مُجْمَلٌ وَكُلَّ مَا فِيْهِ مُفَصَّلٌ فَهُوَ فِيْهِ مُفَصَّلٌ كَذٰلِكَ بَيْنَ الْقَلَمِ وَرُوْحِ الْاِنْسَانِ وَاللَّوْحِ وَقَلْبِ الْاِنْسَانِ وَالْعَرْشِ وَجِسْمِ الْاِنْسَانِ وَالْكُرْسِيِّ وَنَفْسِ الْاِنْسَانِ مُضَاهَاةٌ وَكُلٌّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِرْاٰةٌ لِمَا يُضَاهِيْهِ فَكُلُّ مَا فِي الْقَلَمِ مُجْمَلٌ فَهُوَ فِيْ رُوْحِهٖ مُجْمَلٌ وَكُلُّ مَا فِي اللَّوْحِ مُفَصَّلٌ فَهُوَ فِيْ قَلْبِهٖ مُفَصَّلٌ وَكُلُّ مَا فِي الْعَرْشِ مُجْمَلٌ فَهُوَ فِيْ جِسْمِهٖ مُجْمَلٌ وَكُلُّ مَا فِي الْكُرْسِيِّ مُفَصَّلٌ فَهُوَ فِيْ نَفْسِهٖ مُفَصَّلٌ فَالْاِنْسَانُ كِتَابٌ جَامِعٌ لِجَمِيْعِ الْكُتُبِ الْاِلٰهِيَّةِ وَالْكَوْنِيَّةِ ؂

یعنی ہم کہتے ہیں کہ جیسے ذاتِ حق اور ذاتِ انسان کامل میں اور علمِ حق اور علمِ انسانِ کامل میں مشابہت ہے اور جو کچھ ذاتِ حق میں مجمل ہے ذاتِ انسانِ کامل میں مجمل ہے اور جو کچھ علمِ حق میں مفصل ہے علمِ انسانِ کامل میں مفصل ہے اسی طرح قلم اور رُوحِ انسان میں

اور لوح اور قلبِ انسان میں اور عرش اور جسمِ انسان میں اور کرسی اور نفسِ انسان میں مشابہت ہے، اور ہر ایک اُن میں سے آئینہ ہے واسطے اُس کے جس کا وہ مضاہی ہے۔ پس جو کچھ قلم میں مُجمل ہے وہی اِنسان کی رُوح میں مُجمل ہے اور جو لوح میں مفصّل ہے وُہ اِنسان کے دِل میں مفصّل ہے اور جو عرش میں مجمل ہے وُہ اِنسان کے جسم میں مجمل ہے اور جو کُرسی میں مفصّل ہے وُہ انسان کے نفس میں مفصّل ہے پس اِنسان تمام کتب الٰہیہ اور کونیہ کا جامع ہے ❖

پس حضرت امام پاک علیہ السّلام نے ثابت کر دیا ہے کہ سرکارِ دو عالم حضور نبی کریم نورِ قدیم حضرت محمّد پاک صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تمام کمالاتِ الٰہیہ اور خلقیہ کے جامع ہیں برزخ جامع سے یہی مُراد ہے ❖ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ❖

شرح برزخ جامع یعنی ختم المرسلین سیدِ عوالم نورِ مجسّم حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمّد پاک صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شانِ پاک و اقدس

برزخ جامع کی شرح یعنی ختم المرسلین سیّدِ عوالم حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمّد پاک صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شانِ پاک واقدس واطہر سیّدنا ومولانا سیّد الشہداء امام القبلتین حضرت امام حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو تمام علمائے کرام اور اولیائے عظام اور مفسّرین کے سرتاج اور سردار ہیں کیسے احسن پیرایہ سے فرماتے ہیں (مرأۃ العارفین):-

فَاعْلَمْ اَنَّ فِیْ ھٰذَا الْبَرْزَخِ یَتَّصِفُ الْحَقُّ تَعَالٰی بِصِفَاتِ الْعَبْدِ مِنَ الضِّحْکِ وَالْبُکَاءِ وَالْبَشَاشَۃِ وَالْفَرَحِ وَالْمَکْرِ وَالْاِسْتِھْزَاءِ وَالْمَرَضِ وَالْجُوْعِ وَالْعَطْشِ وَمَا اَشْبَہَ ذَالِکَ وَالْعَبْدُ یَتَّصِفُ بِصِفَاتِ الْحَقِّ تَعَالٰی مِنَ الْحَیٰوۃِ وَالْعِلْمِ وَالْاِرَادَۃِ وَالْقُدْرَۃِ وَالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَالْکَلَامِ وَالْاِحْیَاءِ وَالْاِمَاتَۃِ وَالْاِنْبِسَاطِ وَالْاِنْقِبَاضِ وَالتَّصَرُّفِ فِی الْاَکْوَانِ وَغَیْرِ ذٰلِکَ فَھٰذَا الْبَرْزَخُ ھُوَ مَرْتَبَۃُ التَّنَزُّلِ الرَّبَّانِیِّ لِیَتَّصِفَ الرَّبُّ فِیْھَا بِالصِّفَاتِ الْعَبْدَانِیَّۃِ وَمَرْتَبَۃُ ارْتِفَاعِ الْعَبْدِ لِیَتَّصِفَ الْعَبْدُ فِیْھَا بِالصِّفَاتِ الرَّبَّانِیَّۃِ فَھِیَ الْعَمَاءُ الْمَذْکُوْرُ فِی الْحَدِیْثِ الْمَشْھُوْرِ ❖

یعنی جاننا چاہیئے کہ اِس برزخ (انسانِ کاملؐ) میں حقتعالیٰ صفاتِ بندہ سے متصف ہوتا ہی جیسے ہنسی اور رونا اور بشاشت اور خوشی اور مکر اور استہزاء اور مرض اور بھوک اور پیاس اور جو اس کے مشابہ ہے اور بندہ صفاتِ حقتعالیٰ سے متصف ہوتا ہے جیسے حیات اور علم اور ارادہ اور قدرت اور سمع اور بصر اور کلام اور زندہ کرنا اور مارنا اور کشادگی اور تنگی اور اکوان میں تصرّف وغیرہ پس یہ برزخ تنزلِ ربانی کا مرتبہ ہے تاکہ پروردگار اِس مرتبہ میں صفاتِ عبودیّت سے متصف ہو اور ارتفاعِ عبد کا مرتبہ ہے تاکہ بندہ اِس مرتبہ میں صفاتِ ربانی سے متصف ہو۔ پس یہی مرتبۂ عماء ہے جس کا حدیثِ مشہور میں ذکر ہے ؂

عَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَیْنَ کَانَ رَبُّنَا قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ الْخَلْقَ قَالَ کَانَ فِی الْعَمَاءِ مَافَوْقَہٗ ھَوَاءٌ وَمَاتَحْتَہٗ ھَوَاءٌ ؂

یعنی ابی رزین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اُس نے کہا کہ مَیں نے نبی کریم رؤف الرحیم صلّی اللہ علیہٖ وآلہٖ وسلّم کی خدمت اقدس واطہر میں عرض کیا کہ خلق کے پیدا کرنے سے پہلے ہمارا پروردگار کہاں تھا۔ ارشاد فرمایا۔ عماء (ابرِ رقیق) میں تھا۔ جس کے اوپر بھی ہوا تھی اور نیچے بھی ہوا تھی۔ اعنی جس میں حق کا بھی ظہور تھا اور خلق کا بھی ظہور تھا ؂

مراد یہ ہے کہ ذاتِ حق کا خزانہ بالذات انسانِ کامل صلّے اللہ علیہ وسلّم کی صورت میں اُسکی شیئیت ثبوتی کی حالت میں مخفی تھا اور اُس میں اللہ تعالیٰ مکنوز یعنی پوشیدہ تھا۔ پھر جب حق تعالیٰ نے انسانِ کاملؐ کو شیئیت وجودی کا لباس پہنایا تو اُس کے ظہور سے خزانہ ظاہر ہوگیا۔ پس انسانِ کاملؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ذاتِ الٰہی کو اپنے وجود سے پہچانا اور جان لیا کہ اللہ تعالیٰ اُس میں شیئیت ثبوتی کی حالت میں مکنوز تھا ؂

اِس مرتبہ کو عماء اِس واسطے کہا گیا ہے کہ اِس میں اور ابرِ رقیق میں مناسبت تامّہ ہے کیونکہ ابرِ رقیق حاجبِ آفتاب نہیں ہوسکتا اِسی طرح کثرت جو اِس مرتبہ میں ثابت ہی حاجبِ وحدت نہیں ہے اِسلئے کہ یہاں کثرتِ حقیقت نہیں اگر خلق سے مُراد تقدیر ہو تو

درست ہے اسلئے کہ تقدیرِ اعیان مرتبۂ واحدیت میں ہے اور صفاتِ الٰہیہ میں تمام افعال زمانہ سے بری ہیں اور مراتبِ قدیمہ میں قبلیت اور بعدیت ذاتیہ ہے زمانیہ نہیں انسان باعتبار جامعیتِ کاملہ مشابہ مرتبۂ عمائیہ ہے اسلئے انسان کو عماء کہہ سکتے ہیں ؏

غور فرمائیے کہ سیّد الکونین امام القبلتین سیّد الشہداء امام عالیمقام حضرت حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس شرح و بسط سے ختم المرسلین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم جناب محمدؐ پاک صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کو تمام صفاتِ الٰہیہ کاملہ سے مکمّل اور مزیّن اور موصوف ثابت کرتے ہیں۔ یہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی جہتِ ربوبیّت ہے یعنی آپؐ تمام کمالاتِ حقیّ سے مکمّل اور موصوف ہیں ؏

لاکھوں معجزات جیسے چاند کے دو ٹکڑے کر دینا۔ ڈوبے سورج کو واپس لوٹا کر رات کا دن بنانا۔ مُردوں کو زندہ فرمانا۔ مٹھی بھر کھجوروں سے تمام لشکر کا پیٹ بھر دینا۔ اُنگلیوں مبارک سے پانی کے چشموں کا پھوٹ نکلنا۔ خشک چشمہ میں وضو مُبارک کا پانی ڈالنے سے چشمہ کا بھر جانا۔ کنکروں کو کلمہ پڑھانا۔ مُٹھی بھر مٹی سے لشکر کفّار کا اندھا کرنا۔ اُستن حنانہ کا آپؐ کے فراق میں رونا۔ پردہ کیلئے درختوں کو بلانا۔ بادل کا آپؐ کو سایہ کرنا۔ آپؐ کے پیکرِ نورانی کا سایہ نہ ہونا۔ دہن مُبارک کے لعاب شریف سے کھاری پانی کا میٹھا ہونا۔ سُوکھی کھجوروں کا پھل دینا۔ دست پاک کی برکت سے خشک جانوروں کا شیر دار ہونا۔ آپؐ کا افصح العرب اور عجم ہونے کا دعویٰ فرمانا۔ علیٰ ہٰذا القیاس لاکھوں پیشین گوئیاں فرمانا وغیرہ جن پر آیاتِ قرآنی اور احادیث شریف نبوّیہ شاہد ہیں آپؐ کے صفاتِ حقیّ سے موصوف ہونے پر دال ہیں۔ پس آپؐ تمام کمالاتِ حقیّ سے مکمّل اور موصوف ہیں۔ یہ آپؐ کی جہتِ ولایت اعنی جہتِ ربوبیّت ہے اور احکامِ الٰہیہ کی اطاعت کا کمال اور دیگر بشری کمالات مثلاً ہنسنا، رونا، بشاشت، مرض، بھوک، پیاس وغیرہ سے بھی آپؐ متّصف اور مکمّل ہیں۔ یہ آپؐ کا بشری کمال ہے اور آپؐ کی جہتِ عبُودیّت ہے ؏

پس ختم المرسلین رؤف الرحیم حضور نبی کریم نورِ قدیم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ذوالکمالین ہیں۔ اعنی آپؐ کیلئے دو کمال ہیں۔ کمالِ ربُوبیّت اور کمالِ عبُودیّت یا آپؐ کیلئے دو جہتیں ہیں جہتِ حقیّ اور

جہتِ خلقی۔ دوسرے الفاظ میں آپؐ حق اور خلق کے مابین برزخِ جامع ہیں اور جمیع کمالاتِ حقی اور خلقی سے آپ مکمّل اور موصوف ہیں:۔

یا یُوں تصوّر کیجئے کہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام آئینہ دو رُخہ ہیں۔ ایک رُخ سے صفاتِ بشری کا کمال نظر آرہا ہے۔ یہ آپؐ کی جہتِ بشریّت یا جہتِ عبُودیّت یا جہتِ رسالت ہے اور دوسرے رُخ سے صفاتِ الٰہیّہ کاملہ کا تجلّیٰ پُوری ٹھاٹھ سے چمکارا مار رہا ہے اور مُومنین کے سینے ٹھار رہا ہے اور یہ آپؐ کی جہتِ ولایت یا جہتِ رُبوبیّت ہے۔ لہٰذا آپؐ جمیع کمالاتِ حقّی اور خلقی کے جامع ہیں ؎

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل!
خواص اس برزخِ کُبریٰ میں ہے حرفِ مشدّد کا

دیکھئے! یہ ہے تحقیق انیق امام آئمہ الاطہار خاتم الاولیاء سر تاجُ المُفسّرین سیّد العارفین، رسالت اور ولایت کے یکتا جوہر سیّد الشہداء مقبول خالق کونین حضرت امام حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اپنی تصنیف شریف "مِرْاٰۃُ الْعَارِفِیْنَ" میں جو تمام کتبِ توحید کی اصل ہے اور یہ ہے عقیدہ تمام آئمہ اطہار صحابہ کرام اور اقطاب عارفین کا رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین:۔

اگرچہ سیّد العارفین سیّد الکونین سیّد السّادات سیّد الشہداء حضرت امام حسین پاک علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی تحقیق انیق کے بعد کسی اور سند اور ثبوت کی ضرورت نہیں لیکن چند اقطاب عارفین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تحقیق وضاحت کیلئے پیش کی جاتی ہے:۔

قُطبُ الموحدین حضرت شیخ الاکبر محی الدّین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی کتاب انشاء الدوائر میں فرماتے ہیں:۔ اَلْاِنْسَانُ نُسْخَتَانِ نُسْخَۃٌ ظَاھِرَۃٌ وَّنُسْخَۃٌ بَاطِنَۃٌ فَنُسْخَتُہُ الظَّاھِرَۃُ مُضَاھِیَۃٌ لِّلْعَالَمِ بِاَسْرِہٖ وَنُسْخَتُہُ الْبَاطِنَۃُ مُضَاھِیَۃٌ لِّلْحَضْرَۃِ الْاِلٰھِیَّۃِ فَالْاِنْسَانُ ھُوَ الْکُلِّیُّ عَلَی الْاِطْلَاقِ وَالْحَقِیْقَۃِ وَھُوَ الْقَابِلُ لِجَمِیْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ قَدِیْمِھَا وَحَدِیْثِھَا وَمَا سِوَاہُ لَا یَقْبَلُ ذٰلِکَ فَاِنَّ کُلَّ جُزْءٍ مِّنْ اَجْزَاءِ الْعَالَمِ لَا یَقْبَلُ الْاُلُوْھِیَّۃَ وَالْاِلٰہُ لَا یَقْبَلُ الْعُبُوْدِیَّۃَ بَلِ الْعَالَمُ کُلُّہٗ عَبْدٌ وَّالْحَقُّ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ صَمَدٌ فَلَا یَجُوْزُ عَلَیْہِ الْاِتِّصَافُ بِمَا یُنَاقِضُ الْاَوْصَافَ الْاِلٰھِیَّۃَ کَمَا

لَا یَجُوزُ عَلَی العَالَمِ الِاتِّصَافُ بِمَا یُنَاقِضُ الْاَوْصَافَ الحَادِثَۃَ العُبُودِیَّۃَ فَالْاِنْسَانُ ذُو نِسْبَتَیْنِ کَامِلَتَیْنِ نِسْبَۃٌ یَدْخُلُ بِھَا اِلَی الْحَضْرَۃِ الْاِلٰھِیَّۃِ وَ نِسْبَۃٌ یَدْخُلُ بِھَا اِلَی الْحَضْرَۃِ الْکِیَانِیَّۃِ فَیُقَالُ فِیْہِ عَبْدٌ مِنْ حَیْثُ اَنَّہٗ مُکَلَّفٌ وَ یُقَالُ فِیْہِ رَبٌّ مِنْ حَیْثُ اَنَّہٗ خَلِیْفَۃٌ ۔ انتہیٰ۔ یعنی انسان دو نسخہ ہے۔ نسخۂ ظاہر اور نسخۂ باطن۔ نسخۂ ظاہر تمام عالم کے مشابہ ہے۔ اور نسخۂ باطن مرتبۂ الٰہیہ کے مشابہ ہے۔ پس انسان باعتبار اطلاق اور حقیقت کُلّی ہے اور وُہ تمام موجودات قدیمہ اور حدیثہ کو قبول کرنے والا ہے اور جو موجودات سوائے انسان ہے وُہ اِس امر کو قبول نہیں کرتی کیونکہ عالم کی کوئی جزء الوہیّت کو قبول نہیں کرتی اور الٰہ عبُودیت کو قبول نہیں کرتا بلکہ عالم سب کا سب عبد ہے اور حق الٰہ واحد اور صمد ہے۔ پس حق سُبحانہٗ کو اُن اوصاف سے موصوف کرنا جائز نہیں جو اوصافِ الٰہیّہ کے مخالف ہوں جیسے عالم کو اُن اوصاف سے موصوف نہیں کر سکتے جو اوصافِ حادثۂ عبودیّت کے مخالف ہیں پس انسان کے واسطے دو نسبت کاملہ ہیں ایک نسبت سے وہ حضرتِ الٰہیہ میں داخل ہوتا ہے اور ایک نسبت سے مرتبہ کیانیہ میں داخل ہوتا ہے پس مرتبۂ کیانیہ میں اسکو عبد کہتے ہیں اسلئے کہ وُہ مکلّف ہے اور حضرتِ الٰہیہ میں اُس کو ربّ کہتے ہیں اس لئے کہ وُہ خلیفہ ہے انتہیٰ ؂

انشاء الدّوائر میں ہے اِنَّ الْاِنْسَانَ بَرْزَخٌ بَیْنَ الْحَقِّ وَ الْعَالَمِ وَجَامِعٌ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْخَلْقِ وَھُوَ الْخَطُّ الْفَاصِلُ بَیْنَ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ فَلَہُ الْکَمَالُ الْمُطْلَقُ فِی الْحُدُوْثِ وَالْقِدَمِ وَالْحَقُّ لَہُ الْکَمَالُ الْمُطْلَقُ فِی الْقِدَمِ وَ لَیْسَ لَہٗ مَدْخَلٌ فِی الْحُدُوْثِ تَعَالٰی عَنْ ذٰالِکَ وَ الْعَالَمُ لَہُ الْکَمَالُ الْمُطْلَقُ فِی الْحُدُوْثِ وَ لَیْسَ لَہٗ فِی الْقِدَمِ مَدْخَلٌ فَصَارَ الْاِنْسَانُ جَامِعًا لِمَا اَشْرَفُھَا مِنْ حَقِیْقَتِہٖ وَ اَظْھَرُھَا مِنْ مَوْجُوْدٍ وَمَا اَحْسَنُعَا وَ اَدْنیٰھَا اَیْضًا فِی الْوَجُوْدِ اِذْ کَانَ مِنْھَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ اَبُوْجَھْلٍ وَ مُوْسیٰ عَلیٰ نَبِیِّنَا وَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ فِرْعَوْنُ فَتَحَقَّقَ اَحْسَنَ تَقْوِیْمٍ وَجَعَلَہٗ مَرْکَزَ الطَّالِعِیْنَ

الْمُقَرَّبِيْنَ وَتَحَقَّقَ اَسْفَلُ السَّافِلِيْنَ وَجَعَلَهُ مَرْكَزَ الْجَاحِدِيْنَ الْكَافِرِيْنَ فَسُبْحَانَ مَنْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْئٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ انتہیٰ یعنی انسان عالم اور حق میں برزخ ہے اور حق اور خلق کا جامع ہے اور وہ ظل اور شمس میں خطِ فاصل ہے پس اُسکے واسطے حدوث اور قِدم میں کمالِ مطلق ہے اور حق کیلئے صرف قِدم میں کمالِ مطلق ہے اور حدوث میں اُسکو دخل نہیں ہے تعالیٰ عَنْ ذٰلِكَ اور عالم کیلئے حدوث میں کمالِ مطلق ہے اُس کو قِدم میں دخل نہیں ہے پس انسان جامع اشرف اور اظہر اور احسن اور ادنیٰ موجودات ہے کیونکہ مرتبہ انسان سے مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور ابوجہل اور موسیٰؑ اور فرعون ہیں۔ پس احسن تقویم ثابت ہُوا اور اُس کو مطیعین مقربین کا مرکز کیا اور اسفل السافلین متحقق ہُوا اور اُس کو جاحدین اور کافرین کا مرکز کیا پس پاک ہے وُہ ذات جس کی مثل کوئی شے نہیں وہی سُننے والا دیکھنے والا ہے۔

اور فتوحات کے جزء ثالث باب ۳۳۹ میں صفحہ ۱۵۲ پر فرمایا۔ لَمَّا اَطَّتِ السَّمَاءُ بِعُمَّارِهَا وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ مَا فِيْهَا مَوْضَعُ شِبْرٍ اِلَّا وَفِيْهِ مَلَكٌ سَاجِدٌ لِلّٰهِ فَاَخْبَرَ فِيْ قَوْلِهٖ سَاجِدٌ لِلّٰهِ يُنَبِّهُ عَلٰی نَظَرِ كُلِّ مَلَكٍ فِی السَّمَاءِ اِلَی الْاَرْضِ لِاَنَّ السُّجُوْدَ التَّطَأْطُؤُ وَالْاِنْخِفَاضُ وَقَدْ عَرَفُوْا اَنَّ الْاَرْضَ مَوْضَعُ الْخَلِيْفَةِ وَاُمِرُوْا بِالسُّجُوْدِ فَطَأْطَؤُا عَنْ اَمْرِ اللّٰهِ نَاظِرِيْنَ اِلٰی مَكَانِ هٰذَا الْخَلِيْفَةِ حَتّٰی يَكُوْنَ السُّجُوْدُ لَهٗ لِاَنَّ اللّٰهَ اَمَرَهُمْ بِالسُّجُوْدِ لَهٗ وَلَمْ يَزَلْ حُكْمُ السُّجُوْدِ فِيْهِمْ لِاٰدَمَ وَلِلْكَامِلِ اَبَدًا دَائِمًا فَاِنْ قُلْتَ فَيَزُوْلُ فِی الدَّارِ الْاٰخِرَةِ مِثْلُ هٰذَا السُّجُوْدِ قُلْنَا لَا يَزُوْلُ لِاَنَّ الصُّوْرَةَ الظَّاهِرَةَ مِنَ الْاِنْسَانِ الْكَامِلِ الَّتِيْ وَقَعَ السُّجُوْدُ لَهَا اَنْشَأَهَا اللّٰهُ مِنَ الطَّبِيْعَةِ الْعُنْصَرِيَّةِ اِبْتِدَاءً وَاِعَادَةً فَفِی الْاِبْتِدَاءِ اَنْبَتَهَا مِنَ الْاَرْضِ ثُمَّ اَعَادَهَا اِلَيْهَا بِالْمَوْتِ ثُمَّ اَخْرَجَهَا مِنْهَا اِخْرَاجًا بِالْبَعْثِ وَلَهَا اَسْفَلُ فِی الْمَرْتَبَةِ تَطْلُبُ بِهٰذِهِ الْحَقِيْقَةِ اللّٰهَ الَّذِيْ قَالَ فِيْهِ النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْدُلِّيْتُمْ بِحَبْلٍ لَهَبَطَ عَلَی اللّٰهِ وَكَذَا يَنْبَغِيْ اَنْ يَكُوْنَ الْاَمْرُ فِيْ نَفْسِهٖ فَلَابُدَّ مِنِ اسْتِصْحَابِ سُجُوْدِهِمْ لِلْاِمَامِ دُنْيَا وَاٰخِرَةً فَخَاذَ الْاِنْسَانُ الْكَامِلُ صُوْرَةَ الْعَالَمِ وَ

صُوْرَۃُ الْحَقِّ فَفُضِّلَ بِالْمَجْمُوْعِ فَالسَّاجِدُ وَالْمَسْجُوْدُ لَہٗ فِیْہِ وَمِنْہُ وَلَوْ لَمْ یَکُنِ الْاَمْرُ هٰكَذَا لَمْ یَکُنْ جَامِعًا یَعْنِیْ الْمَلَأُ الْاَعْلٰی اِزْدِحَامُہُمْ لِرُؤْیَۃِ الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ کَمَا یَزْدَحِمُ النَّاسُ عِنْدَ رُؤْیَۃِ الْمَلِکِ اِذَا طَلَعَ عَلَیْہِمْ فَاَطَّتِ السَّمَآءُ لِاِزْدِحَامِہِمْ ۞

یعنی جب آسمان اپنے رہنے والوں کے بھار سے چرچرایا اور حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ آسمان کے لئے حق ہے کہ چرچرائے کیونکہ آسمان میں بالشت بھر بھی جگہ نہیں ہے مگر اُس میں فرشتہ اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے پس حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اپنے قول سَاجِدٌ لِلّٰہِ (فرشتے آسمان میں خدا کو سجدہ کرتے ہیں) میں اِس امر کی خبر دی ہے کہ آسمان میں ہر فرشتے کی نظر زمین کیطرف ہے کیونکہ سجود سے مراد سر نیچا کرنا اور نیچے گرنا ہے اور تحقیق فرشتوں نے جانا کہ زمین خلیفہ کی جگہ ہے جس کو سجدہ کرنے کا حکم کیئے گئے ہیں اِسلئے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُس خلیفہ کے مکان کیطرف سروں کو جُھکایا تاکہ اُسے سجدہ ہو جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں اُس کو سجدہ کرنے کا حکم دیا ہے اور ہمیشہ کے لئے اِن کو آدم علیہ السلام اور کامل کو سجدہ کرنے کا حکم ہے۔ اور اگر تو کہے کہ آخرت میں اِس قسم کا سجدہ زائل ہو جائیگا تو مَیں کہتا ہُوں زائل نہیں ہوگا کیونکہ اِنسانِ کامل کی صُورتِ ظاہری جس کو سجدہ ہُوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے شروع اور لوٹانے میں طبیعتِ عنصری سے پیدا کیا ہے۔ پس شروع میں اُسے زمین سے پیدا کیا پھر اُسی میں موت کیساتھ لوٹایا پھر اُسی سے قیامت میں نکالیگا اور زمین کیلئے مرتبہ میں پستی ہے اور اِسی حقیقت سے اللہ تعالےٰ کی طالب ہے جسکی شان میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ اگر تم رسّی سے ڈول کو نیچے گراؤ تو وہ اللہ پہ گرے گا اور درحقیقت ایسا ہی ہونا چاہیئے سو فرشتوں کو دُنیا و آخرت میں امام کو سجدہ کرنا لازم ہے۔ پس اِنسانِ کامل صلے اللہ علیہ وسلّم صورتِ عالم اور صُورتِ حق کو شامل ہے اور اُسے جامعیّت کی فضیلت حاصل ہے لہٰذا وہی ساجد اور وہی مسجود ہے اور اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ جامع نہ ہوتا۔ پس فرشتوں میں انسانِ کامل صلے اللہ علیہ وسلّم کی زیارت کیلئے ہجوم ہوتا ہے جس طرح بادشاہ کے

دیکھنے کے وقت انسانوں کا ہجوم ہوتا ہے جب وہ اُن پر ظاہر ہو۔ اِسلئے اُن کے انبوہ سے آسمان چرچراتا ہے ❖

اور فتوحات کے جزء ثالث باب ۳۶۱ میں صفحہ ۲۹۶ پر فرمایا فَظَاهِرُ الْإِنْسَانِ خَلْقٌ وَبَاطِنُهُ حَقٌّ وَهٰذَا هُوَ الْإِنْسَانُ الْكَامِلُ الْمَطْلُوْبُ وَمَا عَدَا هٰذَا فَهُوَ الْإِنْسَانُ الْحَيْوَانِيُّ وَرُتْبَةُ الْإِنْسَانِ الْحَيْوَانِيِّ مِنَ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ رُتْبَةُ خَلْقِ النَّسْنَاسِ مِنَ الْإِنْسَانِ الْحَيْوَانِيِّ ❖

یعنی اِنسان کا ظاہر خلق ہے اور اُس کا باطن حق ہے اور یہ وُہ اِنسان کامل ہے جو کہ مطلوب ہے اور جو اُسکے سوا ہیں وُہ انسانِ حیوانی ہیں اور انسان حیوانی کا درجہ انسانِ کامل کے مقابلہ میں ایسا ہے جیسے بن مانس کا رُتبہ انسان حیوانی کے مقابلہ میں ہے ❖

اور فتوحات کے جزء ثالث باب ۳۶۶ میں صفحہ ۳۳۱ پر فرمایا اَلْإِنْسَانُ الْكَامِلُ الَّذِيْ سَادَ الْعَالَمَ فِي الْكَمَالِ وَهُوَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ❖

یعنی اِنسانِ کامل جو کمال میں سارے عالم کا سردار ہے وُہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو قیامت میں تمام لوگوں کے سردار ہوں گے ❖

اور حضرت مولینا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی کتاب نقد النصوص فی شرح فصوص الحکم کی فصل محمدی میں فرماتے ہیں۔ اصل و منشاء و معاد و مبداء جملہ خلائق حضرت حقیقۃ الحقائق است و آں حقیقتِ محمدی و نورِ احمدی است صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کہ صورۃِ حضرت واحدی احدی است جامع جملہ کمالاتِ الٰہی و کیانی و واضح میزان ہمہ مراتب اعتدالاتِ ملکی و اِنسانی و حیوانی است عالم و عالمیان صور و اجزائی تفصیلِ اُو و آدم و آدمیان مسخر برائی تکمیلِ اُو وَاِلَيْهِ الْإِشَارَةُ بِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَاٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَائِيْ۔

نظم

آنچہ اوّل شُد پدید از جیب غیب ❖ بود نورِ جانِ اُو بے ہیچ ریب

بعد ازاں چوں نورِ مطلق زد علم ٭ گشت عرش و کرسی و لوح و قلم
یک رقم از نورِ پاکش عالم است ٭ یک رقم ذرّیت است و آدم است
نورِ اُو چوں اصل موجودات بود ٭ ذاتِ اُو چوں معطیِ ہر ذات بود
واجب آمد دعوتِ ہر دو جہانش دعوتِ ذرّات پیدا و نہانش

یعنی سب خلائق کی اصل اور منشاء اور معاد اور مبداء حضرتِ حقیقۃ الحقائق ہے اور وُہ حقیقت محمّدی و نورِ احمدی صلّی اللہ علیہ وسلّم ہے جو کہ صُورتِ حضرتِ واحدی احدی ہے جامع تمام کمالاتِ الٰہی اور کیانی کے اور واضح میزان سب مراتب اعتدالاتِ مُلکی اور اِنسانی اور حیوانی کے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم ہیں۔ عالم اور عالمیان آپؐ کی تفصیل کیصورتیں اور اجزاء ہیں اور آدمؑ اور آدمیان آپؐ کی تکمیل کیلئے مُسخّر ہیں اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے اس قول میں اِسی طرف اِشارہ فرمایا ہے۔ اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَاٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَہٗ تَحْتَ لِوَائِیْ۔ یعنی میں اولادِ آدمؑ کا سردار ہُوں اور آدم علیہ السّلام اور اُس کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہیں

نظم ترجمہ (۱) غیب سے جو چیز سب سے پہلے ظاہر ہُوئی وُہ بیشک آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا نُور ہے۔

(۲) اُس کے بعد جب نُورِ مطلق ظاہر ہُوا تو عرش اور کرسی اور لوح اور قلم پیدا ہُوئے۔

(۳) حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نُورِ پاک سے ایک رقم عالم ہے اور ایک رقم آدمؑ اور اُس کی اولاد ہے۔

(۴) آپؐ کا نُور چُونکہ موجودات کی اصل تھا اور آپؐ کی ذات مقدس ہر ذات کو عطا کرنے والی تھی۔

(۵) اِسلئے آپؐ پر دونوں جہان اور ظاہر و باطن ذرّاتِ عالم کی دعوت واجب ہوئی ٭

اور فرمایا قَالَ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی وَمَا صَاحِبُکُمْ یَعْنِیْ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بِمَجْنُوْنٍ مِنَ الْجُنُوْنِ بِمَعْنَی السَّتْرِ اَیْ مَا سَتَرَ عَنْہُ شَیْءٌ اِذْ لَا

يعزب عن علمه مثقال ذرة في الارض ولا في السماء من حيث حقيقته وان كان
يقول انتم اعلم بامور دنياكم من حيث بشريته وذلك لان الحقيقة المحمدية
هي صورة اسم الجامع الالهي التي ترب صور العالم كلها بالرب الظاهر فيها
الذي هو رب الارباب فلابد لها من الاتصاف بصفات الالهية كلها من العلم
الشامل والقدرة الكاملة وغيرهما ليتصرف بها اعيان العالم على حسب استعدادها
ولكن ذلك انما هو من جهة حقيقتها الا من حيث بشريتها فانها من تلك الجهة
عبد مربوب محتاج الى ربها كما نبه سبحانه على هذه الجهة بقوله قل انما
انا بشر مثلكم يوحى الي وعلى جهة الاولى بقوله وما رميت اذ رميت ولكن
الله رمى فاسند رميه الى الله. فالحاصل ان ربوبيته للعالم بالصفات الالهية
التي له من حيث مرتبته وعجزه ومسكنته وجميع ما يلزمه من النقائص
الامكانية فمن حيث بشريته الحاصلة من التقييد والتنزل الى العالم السفلي
ليحيط بظاهره لخواص العالم الظاهر وبباطنه لخواص العالم الباطن فيصير مجمع
البحرين ومظهر العالمين فنزوله ايضا كماله كما ان عروجه الى مقام
الاصلي كماله فالنقائص ايضا كمالات باعتبار اخر غيرها فهما من تنور قلبه
بنور الالهي ٭

(وقال) انه صلى الله عليه واله واصحابه وسلم بربوبية المذكورة اعطى كل ذي
حق حقه وافاض عليه جميع ما احتاج اليه واستحقه ٭

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وما صاحبکم بمجنون تمہارا صاحب یعنی محمد صلی اللہ علیہ و
آلہ واصحابہ وسلم مجنوں نہیں ہیں مجنوں جنوں سے ہے۔ جس کا معنی ستر (چھپانا) ہے یعنی حضور
صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے۔ کیونکہ آپ کے علم سے ایک ذرہ بھر
بھی زمین اور آسمان میں غائب نہیں ہے اور یہ آپ کی حقیقت کے اعتبار سے ہے اگرچہ

آپؐ اپنی بشریّت کے اعتبار سے فرماتے تھے۔ اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْیَاکُمْ یعنی تم اپنے دُنیاوی کاموں کو میری بہ نسبت زیادہ جاننے والے ہو۔ اور یہ اس لئے ہے کہ حقیقت محمّدی صلّی اللہ علیہ وسلّم اِسم جامع الٰہی کی صورت ہے جو کہ تمام صورِ عالَم کی اِس ربّ کیساتھ پرورش کرتی ہے جو اِس میں ظاہر ہے اور وُہ ربّ الارباب ہے۔ پس حقیقت محمّدی صلی اللہ علیہ وسلّم کیلئے ضروری ہے کہ تمام صفاتِ الٰہی مثلاً علم شامل اور قُدرتِ کاملہ وغیرہ سے موصوف ہو تاکہ اُن کیساتھ اعیان عالم پر اُن کی استعدادات کے مطابق تصرّف کرے لیکن یہ اُس کی حقیقت کی جہت سے ہے۔ مگر اپنی بشریّت کے اعتبار اور جہت سے وُہ عبد و مربوب اور اپنے ربّ کیطرف محتاج ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس جہت کی اپنے اِس قول میں خبر دی ہے قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحیٰ اِلَیَّ یعنی اے حبیب صلّی اللہ علیہ وسلّم آپؐ فرماویں کہ میں تمہاری مثل بشر ہوں۔ میری طرف وحی کی جاتی ہے اور پہلی جہتِ حقیقت کی اِس قول میں خبر دی۔ وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمیٰ یعنی آپؐ نے مُشتِ خاک نہیں پھینکی جب کہ آپؐ نے پھینکی لیکن وُہ اللہ نے پھینکی۔ پس آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پھینکنے کو اللہ کیطرف منسُوب فرمایا۔ خلاصۂ کلام یہ ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا عالم کیواسطے ربّ ہونا اُن صفاتِ الٰہی کیساتھ ہے جو آپؐ کو مرتبہ کے اعتبار سے حاصل ہیں اور آپؐ کا عجز اور مسکینی اور وُہ تمام چیزیں جن کو نقائصِ امکانی میں سے کوئی شئے لازم ہے سو وُہ آپؐ کی بشریّت کے اعتبار سے ہے جو کہ آپؐ کو عالمِ سفلی کیطرف تنزّل اور تقیید سے حاصل ہوئی ہے تاکہ آپؐ اپنے ظاہر سے عالمِ ظاہر کے خواص پر اور اپنے باطن سے عالمِ باطن کے خواص پر محیط ہوں اور مجمع بحرین (حدوث و قدم) اور مظہرِ عالمین (غیب و شہادت) ہوں۔ پس آپؐ کا نزول بھی آپؐ کا کمال ہے جیسا کہ مقامِ اصلی کیطرف آپؐ کا عرُوج کمال ہے۔ پس دوسرے اعتبار سے نقائص بھی کمالات ہیں۔ اِس بات کو وہی شخص جان سکتا ہے جس کا دِل نورِ الٰہی سے منوّر ہو۔

(اور فرمایا) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم اپنی ربُوبیت مذکورہ کیساتھ ہر حقدار کو اس کا حق عطا کرتے ہیں اور جس چیز کیطرف وُہ محتاج ہو اور جس شئے کا مستحق ہو وُہ سب اُس کو پہنچاتے ہیں وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؛

اور عارف ربّانی حضرت شیخ عبدالکریم جیلانی قدس سرہ العزیز کتاب انسان الکامل کے مقدمہ میں فرماتے ہیں ؎

ذَاتٌ لَھَا فِیْ نَفْسِھَا وَجْھَانِ
لِلسُّفْلِ وَجْہٌ وَالْعُلٰی لِلثَّانِیْ

ایک ذات ہے جس کی دو صورتیں ہیں ایک صُورت پستی کی ہے اور ایک صورت بلندی کی ہے ؛

وَلِکُلِّ وَجْہٍ فِی الْعِبَارَۃِ وَالْاَدَا
ذَاتٌ وَّاَوْصَافٌ وَّفِعْلٌ بَیَانٗ

اور ہر صُورت کیلئے عبارت میں ذات اور اوصاف اور فعل ہیں ؛

اِنْ قُلْتَ وَاحِدَۃً صَدَقْتَ وَاِنْ تَقُلْ
اِثْنَانِ حَقٌّ اِنَّہٗ اِثْنَانٖ

اگر تُو کہے کہ ایک ہے تو سچا ہے اور اگر کہے کہ دو ہیں تو بھی صحیح ہے واقعی دو ہیں ؛

اَوْ قُلْتَ لَا بَلْ اِنَّہٗ لَمُثَلَّثٌ
فَصَدَقْتَ ذَاکَ حَقِیْقَۃُ الْاِنْسَانٖ

یا کہے کہ نہیں بلکہ وُہ تیسرا ہے تو بھی سچا یہی انسان کی حقیقت ہے ؛

اُنْظُرْ اِلٰی اَحَدِیَّۃٍ ھِیَ ذَاتُہٗ
قُلْ وَاحِدٌ اَحَدٌ فَرِیْدُ الشَّانٖ

تو اُس کی اُحدیّتِ ذات کی طرف دیکھ اور کہہ کہ وُہ واحد اور احد اور تنہا شان والا ہے ؛

وَلَئِنْ تَرَی الذَّاتَانِ قُلْتَ بِکَوْنِہٖ
عَبْدًا وَّرَبًّا اَنَّہٗ اِثْنَانٖ

اور اگر تُو دو ذاتوں کو دیکھے تو اُس کے بندہ اور رب ہونے کی وجہ سے کہیگا کہ وُہ دو ہیں ؛

وَاِذَا تَصَفَّحْتَ الْحَقِیْقَۃَ وَالَّتِیْ
جَمَعَتْہُ مِمَّا حُکْمُہٗ ضِدَّانٖ

اور جب تُو حقیقت اور اس چیز کا غور کریگا جس نے دو ضدوں کو جمع کیا ہے۔

تَحْتَارُ فِيهِ فَلَا تَقُولُ لِسِفْلِهٖ
عَالٍ وَلَا لِعُلُوِّهٖ هُوَ دَانِیْ
بَلْ سَمِّ ذٰلِكَ ثَالِثًا لِحَقِيقَةٍ،
لَحِقَتْ حَقَائِقَ ذَاتِهَا وَصِفَاتٍ
فَهِيَ الْمُسَمّٰى اَحْمَدَ مِنْ كَوْنِ ذَا
وَمُحَمَّدٌ لِحَقِيقَةِ الْاَكْوَانِ

تو اُسمیں حیران رہ جائیگا پس نہ اس کے پست کو عالی کہیگا اور نہ اس کے علوّ کو قریب کہیگا ٭
بلکہ تُو اس حقیقت کا تیسرا نام رکھے گا جسکی ذات کو دو وصف لاحق ہو گئے ہیں ٭
پس اس کا نام اس سبب سے احمد صلی اللہ علیہ وسلّم ہے اور حقیقتِ اکوان کے اعتبار سے محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم ہے ٭

وَهُوَ الْمُعَرَّفُ بِالْعَزِيزِ وَالْهُدٰى
مِنْ كَوْنِهٖ رَبًّا فِدَاهُ جَنَانِیْ
يَا مَرْكَزَ الْبِيكَارِ يَا سِرَّ الْهُدٰى
يَا مِحْوَرَ الْاِيجَابِ وَالْاِمْكَانِ
يَا عَيْنَ دَائِرَةِ الْوُجُودِ جَمِيعِهٖ
يَا نُقْطَةَ الْقُرْآنِ وَالْفُرْقَانِ

اور رب ہونے کے اعتبار سے آپ کی تعریف عزیز اور ہدیٰ ہے۔ میرا دل اُن پر قربان ہو ٭
اے مرکزِ پرکارِ وجود اور اے رازِ ہدایت اور اے محورِ وجوب وامکان ٭
اور اے عین تمام دائرۂ وجود کے اور اے نُقطہ قرآن و فرقان کے ٭

وَقَالَ ؎

اور فرمایا ؎

وَلِاَجْلِ رَبٍّ عَيْنُ وَصْفِكَ عَيْنُهٗ
هَا اَنْتَ مِصْبَاحٌ وَنُورٌ بَيَانِیْ

آپ کا وصف عین خدا کا وصف ہے اور آپ ہی مصباح ہیں اور آپ ہی نور ہیں ٭

وَقَالَ ؎

اور فرمایا ؎

وَعَلَيْكَ صَلَّى اللّٰهُ يَا حَاءَ الْحَيَا،
يَا سِينَ سِرِّ اللّٰهِ فِي الْاِنْسَانِ

آپ پر خدا کا درود ہو اے صاحب حیا۔
آپ انسان میں سرِ الٰہی کی یاسین ہیں ٭

اور کتاب "انسانِ کامل" کے بابِ ثانی میں فرمایا۔ اَلْحَرْفُ الْخَامِسُ مِنْ هٰذَا الْاِسْمِ هُوَ الْهَاءُ فَهُوَ اِشَارَةٌ اِلٰى هُوِيَّةِ الْحَقِّ الَّذِي هُوَ عَيْنُ الْاِنْسَانِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى قُلْ يَا

مُحَمَّدُ هُوَ اَيِ الْإِنْسَانُ اللهُ اَحَدٌ فَهَاءُ الْإِشَارَةِ فِي هُوَ رَاجِعٌ اِلَى فَاعِلِ قُلْ وَهُوَ اَنْتَ وَاِلَّا فَلَا يَجُوْزُ اِعَادَةُ الضَّمِيْرِ اِلَى غَيْرِ مَذْكُوْرٍ اُقِيْمَ الْمُخَاطَبُ هٰهُنَا مَقَامَ الْغَائِبِ اِلْتِفَاتًا بَيَانِيًّا اِشَارَةً اِلَى اَنَّ الْمُخَاطَبَ بِهٰذَا لَيْسَ نَفْسُ الْحَاضِرِ وَحْدَهُ بَلِ الْغَائِبُ وَالْحَاضِرُ فِي هٰذَا عَلَى السَّوَآءِ قَالَ اللهُ تَعَالٰى وَلَوْ تَرٰى اِذْ وُقِفُوْا لَيْسَ الْمُرَادُ بِهٖ مُحَمَّدًا وَحْدَهٗ بَلْ كُلَّ رَاءٍ فَاسْتَدَارَةُ رَأْسِ الْهَاءِ اِشَارَةٌ اِلَى دَوْرِ دَائِرَةِ الْوُجُوْدِ الْحَقِّيِّ وَالْخَلْقِيِّ عَلَى الْاِنْسَانِ فَهُوَ فِي عَالَمِ الْمِثَالِ كَالدَّائِرَةِ الَّتِيْ اَشَارَ الْهَاءُ اِلَيْهَا فَقُلْ مَا شِئْتَ اِنْ شِئْتَ قُلْتُ الدَّائِرَةُ حَقٌّ وَجُوْفُهَا خَلْقٌ وَاِنْ شِئْتَ قُلْتَ الدَّائِرَةُ خَلْقٌ وَجُوْفُهَا حَقٌّ فَهُوَ حَقٌّ وَهُوَ خَلْقٌ وَاِنْ شِئْتَ قُلْتَ الْاَمْرُ فِيْهِ بِالْاِلْهَامِ فَالْاَمْرُ فِي الْاِنْسَانِ دَوْرِيٌّ بَيْنَ اَنَّهٗ مَخْلُوْقٌ لَهٗ ذُلُّ الْعُبُوْدِيَّةِ وَالْعَجْزُ وَبَيْنَ اَنَّهٗ عَلٰى صُوْرَةِ الرَّحْمٰنِ فَلَهُ الْكَمَالُ وَالْعِزُّ قَالَ اللهُ تَعَالٰى وَاللهُ هُوَ الْوَلِيُّ يَعْنِي الْاِنْسَانَ الْكَامِلَ الَّذِيْ قَالَ فِيْهِ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ لِاَنَّهٗ يَسْتَحِيْلُ الْخَوْفُ وَالْحُزْنُ وَاَمْثَالُ ذٰلِكَ عَلَى اللهِ لِاَنَّ اللهَ هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ وَهُوَ يُحْيِي الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَيِ الْوَلِيُّ فَهُوَ حَقٌّ مُتَصَوَّرٌ فِيْ صُوْرَةٍ خَلْقِيَّةٍ اَوْ خَلْقٌ مُتَحَقِّقٌ بِمَعَانِي الْاِلٰهِيَّةِ فَعَلٰى كُلِّ حَالٍ وَتَقْدِيْرٍ فِيْ كُلِّ مَقَالٍ وَتَقْرِيْرٍ هُوَ الْجَامِعُ الْوَصْفَيِ النَّقْصِ وَالْكَمَالِ وَالسَّاطِعُ فِيْ اَرْضِ كَوْنِهٖ بِنُوْرِ شَمْسِ الْمُتَعَالِ فَهُوَ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ وَهُوَ الطُّوْلُ الْعَرْضُ اِنْتَهٰى ؂

یعنی اسم اللہ کا پانچواں حرف (ہ) ہے اور وہ خدا کی جو عین انسان ہے ہویت کیطرف اشارہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم وُہ یعنی انسان اللہ ایک ہے۔ پس لفظ ھو میں کا سے اشارہ قل کے فاعل کیطرف ہے اور وہ اَنتَ یعنی تو ہے ورنہ غیر مذکور کیطرف ضمیر کا پھیرنا جائز نہیں ہے۔ یہاں مخاطب غائب کا قائم مقام بطور التفات بیانی کے ہے اور اس سے اسطرف اشارہ ہے کہ لفظ ھو کا مخاطب صرف حاضر نہیں ہے بلکہ غائب اور حاضر دونوں اس میں برابر ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَلَوْ تَرٰى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ

یعنی اگر تو دیکھے جب وُہ اپنے رَبّ کے سامنے کھڑے کئے جائینگے تو اِس سے مُراد تنہا محمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم نہیں ہیں بلکہ ہر دیکھنے والا مُراد ہے پس حرف ہ کے سر کے گول ہونے سے وجُودِ حقّی اور خلقی کی چکّی کا اِنسان پر گھومنے کیطرف اِشارہ ہے پس عالمِ مثال میں مثل اِس دائرہ کے ہے جسکی طرف ہ کا اِشارہ ہے۔ پس کہہ جو کہنا چاہتا ہے اگر چاہے تو کہہ کہ دائرۂ حق ہے اور اُس کا جوف خلق ہے اور اگر چاہے تو کہہ کہ دائرہ خلق ہے اور اس کا جوف حق ہے۔ پس وُہی حق ہے اور وُہی خلق ہے اور اگر تُو چاہے تو یُوں کہہ کہ اس میں حکمِ الہام کا ہے۔ پس اِنسان میں امر دوری ہے درمیان اِس بات کے کہ وُہ مخلوق ہے اِس کیلئے عبُودیّت کی ذلت اور عجز ہے اور درمیان اِس بات کے کہ وُہ رحمان کیصُورت پر ہے پس اِس کے واسطے کمال اور عزّت ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَاللّٰہُ هُوَ الْوَلِيُّ اللہ وُہی ولی ہے یعنی اِنسانِ کامل جس کی نسبت فرمایا اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ؕ یعنی خبردار خدا کے دوستوں کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وُہ غمگین ہوتے ہیں۔ اسلئے کہ خوف اور غم اور اِس قسم کی چیزیں خدا پر محال ہیں کیونکہ اللہ وُہی ولی اور حمید ہے۔ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ اور وُہی مُردوں کو زندہ کرنیوالا ہے اور ہر شے پر قادر ہے یعنی وُہی ولی پس وُہی حق ہے کہ صُورتِ خلقیّہ میں متصوّر ہے یا خلق ہے کہ معانی الٰہیّہ کیساتھ متحقق ہے پس ہر حال وتقدیر اور ہر مقال وتقریر میں وُہ نقص اور کمال دونوں وصفوں کا جامع ہے اور اپنے وجود کی زمین میں شمسِ متعال کے نُور سے بلند ہونیوالا ہے پس وُہی آسمان ہے اور وُہی زمین ہے اور وُہی طول ہے اور وُہی عرض ہے ؂

اور اِنسان کامل کے باب ۴۰ میں فرمایا ہے اِعْلَمْ اَنَّ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَهِيَ السَّبْعُ الصِّفَاتُ النَّفْسِيَّةُ الَّتِيْ هِيَ الْحَيَاةُ وَالْعِلْمُ وَالْاِرَادَةُ وَالْقُدْرَةُ وَالسَّمْعُ وَالْبَصَرُ وَالْكَلَامُ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ قَسَمَ الْفَاتِحَةَ بَيْنَ عَبْدِهٖ وَبَيْنَهٗ اِشَارَةً اِلٰى اَنَّ الْوُجُوْدَ مُنْقَسِمٌ بَيْنَ الْخَلْقِ وَالْحَقِّ فَالْاِنْسَانُ الَّذِيْ هُوَ الْخَلْقُ

باعتبار ظاهره هو الحق باعتبار باطنه فالوجود منقسم بين باطن و ظاهر الا
ترى الى الصفات النفسية انما هى نفسها و عينها صفات محمد صلى الله عليه وسلم
وكما يقال فى الحق انه حى عالم يقال فى محمد صلى الله عليه وسلم انه حى عالم
الى جميع الصفات فهذه هى اقسام الفاتحة بين الحق تعالى و بين عبده فالفاتحة
بما دلت عليه اشارة الى هذا الهيكل الانسانى الذى فتح الله به اقفال الوجود
وانقسامها بين العبد وربه اشارة الى ان الانسان و لو كان خلقا فالحق حقيقته
فكما انه حاو لاوصاف العبودية كذالك هو حاو لاوصاف الربوبية لان
الله حقيقته و هو المراد بمحمد صلى الله عليه وسلم ولا ثم غيره فهو المعتبر فى
المرتبتين وهو الوجود فى المملكتين فهو الحق وهو الخلق ٭

یعنی جاننا چاہیئے کہ فاتحہ الکتاب سبع المثانی ہے اور وُہ سات صفات نفسیہ ہیں یعنی حیات اور علم اور ارادہ اور قدرت اور سمع اور بصر اور کلام اور جناب رسُولِ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فاتحہ کو اپنے اور بندہ کے بیچ میں تقسیم کیا ہے یہ اسطرف اشارہ ہے کہ وجود حق اور خلق درمیان منقسم ہے۔ پس اِنسان جو اپنے ظاہر کے اعتبار سے خلق ہے اپنے باطن کے اعتبار سے حق ہے۔ پس وجود کی دو قسمیں ہیں ایک باطن اور ایک ظاہر۔ کیا تو صفات نفسیہ کو نہیں دیکھتا کہ وُہ بعینہٖ محمد پاک صلی اللہ علیہ وسلّم کے صفات ہیں جیسے حقتعالیٰ کیلئے کہا جاتا ہے کہ وہ حی اور عالم ہے ایسے ہی محمد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کیلئے کہا جاتا ہے کہ وہ حی اور عالم ہیں اسیطرح باقی صفات ہیں پس فاتحہ حق اور عبد کے درمیان منقسم ہے۔٭

پس فاتحہ بالذات اس ہیکل انسانی کیطرف اشارہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے وجود کے قفلوں کو کھول دیا ہے اور اس کا بندے اور خدا کے درمیان تقسیم ہونے سے اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ اِنسان اگرچہ مخلوق ہے لیکن اس کی حقیقت حق ہے پس جیسے کہ وہ تمام اوصاف عبودیت کیواسطے حاوی ہے ایسے ہی تمام اوصاف ربوبیت کیواسطے حاوی

ہے کیونکہ اُس کی حقیقت اللہ ہے اور اس سے محمد پاک صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں اور یہاں سوائے اُن کے کوئی نہیں ہے۔ دونوں مرتبوں میں وہی معتبر ہیں اور دونوں مملکتوں میں وہی موجود ہیں پس وُہی حق ہیں اور وُہی خلق ہیں ۞

اور کتاب الکمالات الالٰہیہ فی الصفات المحمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں لَمَّا کَانَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتِیًّا مُتَّسِعًا لِلْخَلْقِ لِلتَّجَلِّیْ الذَّاتِیْ کَانَ مُتَّصِفًا مُتَحَقِّقًا بِسَائِرِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ وَمُسْتَوْعِبًا لِسَائِرِ الْکَمَالَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْوُجُوْہِ وَالنِّسَبِ وَالْاِعْتِبَارَاتِ فَحَازَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْکَمَالَاتِ الْوُجُوْدِیَّۃَ الْحَقِّیَّۃَ وَالْخَلْقِیَّۃَ وَلَمْ یَجْتَمِعَا بِکَمَالِھِمَا فِیْ مَوْجُوْدٍ سِوَاہُ ۞

یعنی چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وجودِ ذاتی ہیں اور تجلی ذاتی کیواسطے خلق پر وسیع ہیں اسلئے تمام اسماء اور صفات سے متصف اور متحقق ہیں اور تمام کمالات کو سب وجوہ اور نسب اور اعتبارات سے پورا حاصل کرنے والے ہیں۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کمالات وجودیہ حقیہ اور خلقیہ پر حاوی ہیں اور آپ کے سوا کمالِ حقی اور خلقی کا کوئی جامع نہیں ہے (کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیشان میں کیا عمدہ کہا ہے) ؎

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل ؛ خواص اس برزخ کبریٰ میں ہے حرفِ مشدّد کا

نیز امام ربانی حضرت سید عبدالکریم جیلانی قدس سرہٗ کتاب النّاموس الاعظم والقاموس الاقدم فی معرفۃ قدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جزء دسویں مسمّی بقاب قوسین و ملتقی النّاموسین کے مقدمہ میں فرماتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَجْلَاہُ الْاَعَزَّ الْاَکْمَلَ الْاَفْخَرَ الْاَفْضَلَ الْاَمْجَدَ الْاَعْظَمَ مَحَلَّ نَظَرِہٖ مِنَ الْعَالَمِ وَمَظْھَرَ ذَاتِہٖ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ وَمِرْاٰۃَ جَمَالِہٖ وَجَلَالِہٖ وَکَمَالِہِ الْاَکْمَلِ الْاَقْوَمِ وَتَرْجُمَانَ صِفَاتِہٖ اِلٰی مَخْلُوْقَاتِہٖ بَیْنَ الْحُدُوْثِ وَ

الْقِدَمِ بِاللِّسَانِ الْأَقْدَمِ اَكْمَلَ كُمَلَاءِ الْوُجُوْدِ الْمُبْهَمِ طِرَازِ حُلَّةِ الصُّوْرَةِ وَالْمَعْنَىٰ الْمُعْلَمِ تَاجَ فَرْقِ الْجَمْعِ الْمُحْكَمِ وَاحِدَ الدَّهْرِ الْأَزَلِيِّ الْمُدْغَمِ سِرَّ اللّٰهِ فِي الْوُجُوْدِ وَخَزَانَةَ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ سُلْطَانَ الْحَقِيْقَتَيْنِ وَحَقِيْقَةَ الرَّقِيْقَتَيْنِ وَوَاحِدَ الْوَجْهَيْنِ وَمَوْصُوْفَ الْوَصْفَيْنِ وَحَاوِيَ الْمَعْنَيَيْنِ وَحَائِزَ الْكَمَالَيْنِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْأَيْنِ الْمُنْفَرِدَ بِالْأَكْمَلِيَّةِ صُوْرَةً وَّمَعْنًى صَاحِبَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ؕ

ترجمہ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ سب تعریف واسطے اللہ تعالیٰ کے ہے جس نے جناب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا اکمل اور افخر اور افضل اور امجد اور اعظم جلوہ گاہ اور عالم میں اپنا محل نگاہ اور اولادِ آدمؑ سے اپنی ذات کا مظہرِ اتم اور اپنے جمال اور جلال اور کمالِ اکمل اور اقوم کا آئینہ اور حدوث اور قدم کے درمیان اپنی مخلوقات کی طرف لسانِ اقدم کیساتھ اپنی صفات کا ترجمان بنایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وجودِ مطلق کے تمام کاملین میں سے اکمل اور صورت و معنی کے جامۂ منقش کی آرائش اور جمع محکم کے سر کا تاج اور زمانہ ازلی مخفی کا یگانہ اور وجود میں اللہ تعالیٰ کے راز اور بخشش اور سخاوت کا خزانہ اور دونوں حقیقتوں کا بادشاہ اور ہر دو رقیقوں کی حقیقت اور دونوں وجہوں میں یگانہ اور دونوں وصفوں سے موصوف اور ہر دو معنوں پر حاوی اور ہر دو کمال عین اور این کو شامل اور صورت و معنی میں اکملیت کیساتھ فرد اور قابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی کا مالک بنایا۔

اور اسی کتاب قاب قوسین کے باب ششم میں فرمایا (اَلْقِسْمُ الثَّانِيْ مِنَ التَّعَلُّقِ الْمَعْنَوِيِّ هُوَ اسْتِحْضَارُ حَقِيْقَتِهِ الْكَامِلَةِ الْمَوْصُوْفَةِ بِاَوْصَافِ الْكَمَالِ الْجَامِعَةِ بَيْنَ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ الْمُتَجَلِّيَةِ بِاَوْصَافِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ الْمُشَرَّفَةِ بِنُوْرِ الذَّاتِ الْاِلٰهِيَّةِ فِي الْآنَاءِ وَالْآزَالِ الْمُحِيْطَةِ بِكُلِّ كَمَالٍ حَقِّيٍّ وَّخَلْقِيٍّ الْمُسْتَوْعِبَةِ لِكُلِّ فَضِيْلَةٍ فِي الْوُجُوْدِ صُوْرَةً وَّمَعْنًى حُكْمًا وَّعَيْنًا غَيْبًا وَّشَهَادَةً ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا وَلَنْ تَسْتَطِيْعَ اَنْ تَسْتَحْضِرَ كُلَّ ذٰلِكَ لَهٗ حَتّٰى تَعْلَمَ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْبَرْزَخُ الْكُلِّيُّ الْقَائِمُ

بطن في حقائق الوجود القديم والحديث فهو حقيقة كل من الجهتين ذاتا وصفات لأنه مخلوق من نور الذات والذات جامعة لأوصافها وأفعالها وآثارها ومؤثراتها حكما وعينا. ومن ثم قال الله تعالى في حقه ثم دنا فتدلى فكان قاب قوسين أو أدنى وإني سأنزل لك حقيقة معنى هذه الآية الشريفة المفصحة عن كمالاته المنيفة صلى الله عليه وسلم إنزالا مثاليا يتصور لك في الذهن برؤيته هذا المثال تحقيق معناها إن شاء الله تعالى إعلم أولا أن الوجود كله كدائرة مقسومة في النصف بخط يمر على مركز الدائرة. فالنصف الأعلى منها يسمى بالوجود القديم والواجب والحق وتعالى الله عن التقسيم والانقسام. والنصف الأسفل منها يسمى بالوجود المحدث والممكن والخلق فكل نصف من الدائرة قوس والخط الواحد وتر لذلك القوس فالخط وتر قوسي الدائرة به تقوس كل نصف على ما هو عليه فقسم هذا الخط الذي هو الوتر قاب قوسين. فعلم أن المقام المحمدي هو الجامع الكمالات الإلهية والكمالات الخلقية صورة ومعنى وهذه صورة الدائرة الوجودية المثالية

دائرة الوجود



وَاِنَّمَا كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرْزَخًا بَيْنَ الْحَقَائِقِ الْحَقِّيَّةِ وَالْحَقَائِقِ الْخَلْقِيَّةِ لِاَنَّهٗ حَقِيْقَةُ الْحَقَائِقِ جَمِيْعِهَا وَلِهٰذَا كَانَ مَقَامُهٗ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ فَوْقَ الْعَرْشِ وَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ الْعَرْشَ غَايَةُ الْمَخْلُوْقَاتِ اِذْ لَيْسَ فَوْقَ الْعَرْشِ مَخْلُوْقٌ فَعِنْدَ اِسْتِوَائِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ كَانَتِ الْمَخْلُوْقَاتُ بِاَسْرِهَا تَحْتَهٗ وَرَبُّهٗ فَوْقَهٗ فَصَارَ بَرْزَخًا بَيْنَ الْحَقِّ وَالْخَلْقِ بِالصُّوْرَةِ الْمَحْسُوْسَةِ كَمَا كَانَ بَرْزَخًا بِالْمَعْنٰى لِاَنَّهُ الْمَوْجُوْدُ مِنَ الْحَقِّ وَالْخَلْقُ مَوْجُوْدُوْنَ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الْمُتَّصِفُ بِكِلْتَا الصِّفَتَيْنِ مِنْ كِلْتَا الْجِهَتَيْنِ صُوْرَةً وَّمَعْنًى حُكْمًا وَّعَيْنًا - فَاِذَا عَلِمْتَ مَا ذَكَرْتُهٗ لَكَ سَهُلَ عَلَيْكَ اِسْتِحْضَارُ هٰذَا الْكَمَالِ الْمُحَمَّدِيِّ كَمَا هُوَ لَهٗ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى ؂

(دوسری قسم) تعلق معنوی سے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حقیقت کاملہ کا حاضر کرنا ہے جو کہ اوصافِ کمال کے ساتھ موصوف اور جلال اور جمال کی جامع اور اللہ بزرگ اور بلند کی صفتوں سے آراستہ اور ذاتِ الٰہی کے نور سے ازلوں اور ابدوں میں مشرّف اور ہر کمالِ حقی اور خلقی پر محیط اور وجود میں ہر فضیلت کو صورت اور معنی حکم اور عین غیب اور شہادت ظاہر اور باطن میں پورے طور پر حاصل کرنے والی ہے اور تو ان سب کو حاضر نہیں کر سکتا۔ یہاں تک کہ تو جان لے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم برزخ کلّی ہیں جو کہ وجودِ قدیم اور حادث کی دونوں طرفوں میں قائم ہے۔ پس آپؐ ذات اور صفات میں دونوں جہتوں کی حقیقت ہیں کیونکہ آپؐ نورِ ذات سے پیدا ہوئے ہیں اور ذات اپنی صفات اور افعال اور آثار اور موثرات کی از روئے حکم اور عین کے جامع ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی شان میں فرمایا ہے ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰی یعنی پھر آپؐ نزدیک ہوئے پس اتر آئے پس رہ گیا فرق برابر دو کمان کے یا اس سے بھی نزدیک تر اور اس آیۂ شریفہ کے معنی جو حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے کمالاتِ عالیہ کی وضاحت کرتی ہے، میں ایک مثالی صورت میں بیان کرتا ہوں جس کے دیکھنے سے اس کے معنی کی تحقیق انشاءاللہ تعالیٰ تیرے

ذہن میں صورت پکڑے گی ٭

اوّل جاننا چاہیئے کہ تمام وجود مثل ایک دائرہ کے ہے جو مرکزِ دائرہ پر نصف میں ایک خط کے گذرنے کیساتھ تقسیم شدہ ہے۔ نصفِ اعلیٰ وجودِ قدیم اور واجب اور حق کے ساتھ مسمّٰی ہے اور اللہ تقسیم اور انقسام سے پاک ہے اور نصفِ اسفل وجودِ محدث اور ممکن اور خلق کیساتھ موسوم ہے۔ پس دائرہ کا ہر نصف ایک قوس ہے اور خطِ واحد اُس قوس کا وتر ہے پس خط دائرہ کے دونوں قوسوں کا وتر ہے اور اُس کیساتھ دائرہ کا ہر نصف اپنے حال پر مقوّس ہے۔ پس اِس خط نے جو کہ وتر ہے قابِ قوسین کو تقسیم کیا ہے۔ پس معلوم ہُوا کہ مقامِ محمدی صلّی اللہ علیہ وسلّم صورت و معنی کے اعتبار سے تمام کمالاتِ الٰہیہ اور کمالاتِ خلقیہ کا جامع ہے اور دائرہ وجودیہ مثالیہ کی صورت یہ ہے۔

دائرۂ وُجُود



اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم حقائقِ حقیہ اور حقائقِ خلقیہ کے مابین برزخ ہیں کیونکہ آپؐ تمام حقیقتوں کی حقیقت ہیں اور اِسی لئے معراج میں آپؐ کا مقام عرش کے اوپر ہُوا ہے اور تو جان چکا ہے کہ عرش مخلوقات کی انتہا ہے کیونکہ عرش کے اُوپر کوئی مخلوق نہیں ہے پس عرش پر حضورؐ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے استواء کیوقت تمام مخلوقات آپؐ کے تحت

اور حقتعالےٰ آپؐ کے اُوپر ہے۔ پس آپؐ حق اور خلق کے درمیان صورتِ حِسّی کیساتھ بھی اسی طرح برزخ ہیں جیساکہ معنی کے ساتھ برزخ ہیں اسلئے کہ آپؐ حقتعالیٰ کے نور سے موجود ہوئے ہیں اور مخلوقات آپؐ کے نور سے پیدا ہوئی ہے پس آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم صورت و معنی اور حکم و عین میں دونوں جہتوں سے دونوں وصفوں کے ساتھ موصوف ہیں۔ پس جب تو اِس کو جان لے گا جس کا میں نے تیرے لئے ذکر کیا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اِس کمالِ محمّدی صلّی اللہ علیہ وسلّم کو کماحقہٗ حاضر کرنا تجھ پر آسان ہو جائیگا ۔

اور قطب ربّانی عارف صمدانی حضرت شیخ عبدالوھاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طبقات الکبریٰ میں حضرت شیخ محمّد ابوالمواھب الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذکر میں فرمایا قَالَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَرَأَیْتُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّۃً اُخْرٰی فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَوْلُ الْاَبُوْصِیْرِیْ " فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِیْہِ اَنَّہٗ بَشَرٌ مَعْنَاہُ عِنْدَ مُنْتَھَی الْعِلْمِ فِیْکَ عِنْدَ مَنْ لَاعِلْمَ عِنْدَہٗ بِحَقِیْقَتِکَ اِنَّکَ بَشَرٌ وَاِلَّا فَاَنْتَ وَرَاءَ ذٰلِکَ کُلِّہٖ بِالرُّوْحِ الْقُدُسِیِّ وَالْقَالَبِ النَّبَوِیِّ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَدَقْتَ وَفَھِمْتُ مُرَادَکَ ۔

یعنی فرمایا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہ میں نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کو دوبارہ خواب میں دیکھا اور عرض کیا یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم امام البوصیری رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول ؎ فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِیْہِ اَنَّہٗ بَشَرٌ (پس علم کی رسائی حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حق میں اتنی ہے کہ آپؐ بشر ہیں) اِس کا معنی یہ ہے کہ جس شخص کو آپؐ کی حقیقت کا علم نہیں ہے اُسکے نزدیک آپؐ بشر ہیں ورنہ آپؐ اپنے رُوحِ قدسی اور قالبِ نبویؐ کے ساتھ بشریّت سے بالاتر ہیں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا تو نے سچ کہا ہے اور میں نے تیری مراد کو سمجھ لیا ہے ۔

وَکَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یَقُوْلُ قُلْتُ مَرَّۃً فِیْ مَجْلِسٍ مُحَمَّدٌ بَشَرٌ لَاکَالْبَشَرِ بَلْ ھُوَ یَاقُوْتٌ بَیْنَ الْحَجَرِ فَرَأَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِیْ قَدْ غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ وَلِکُلِّ مَنْ قَالَھَا مَعَکَ وَکَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لَمْ یَزَلْ یَقُوْلُھَا فِیْ کُلِّ مَجْلِسٍ اِلٰی اَنْ مَاتَ ۔

وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِيْ عَنْ نَفْسِهٖ لَسْتُ بِمَيِّتٍ وَإِنَّمَا مَوْتِيْ عِبَارَةٌ عَنْ تَسَتُّرِيْ عَمَّنْ لَا يَفْقَهُ عَنِ اللّٰهِ فَهَا أَنَا أَرَاهُ وَيَرَانِيْ اور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک بار مجلس میں کہا مُحَمَّدٌ بَشَرٌ لَا كَالْبَشَرِ بَلْ هُوَ يَاقُوْتٌ بَيْنَ الْحَجَرِ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں لیکن بشر کی مثل نہیں بلکہ آپ اسطرح ہیں جیسے پتھر کے مقابلہ میں یاقوت ہے تو مجھے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا نے تجھے اور اُن سب کو بخش دیا ہے جنہوں نے تیرے ساتھ یہ کلمہ کہا ہے اور ہمیشہ رضی اللہ عنہ ہر مجلس میں یہ کلمہ فرمایا کرتے تھے یہاں تک کہ آپ نے انتقال فرمایا ۞

نیز رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا پس مجھے اپنی ذات کے متعلق فرمایا کہ میرے لئے موت نہیں ہے میری موت سے مراد صرف میرا اُس شخص سے پوشیدہ ہونا ہے جس کو معرفت الٰہی حاصل نہیں ہے لیکن جسے معرفت الٰہی حاصل ہے پس یہ میں ہوں کہ اُسے دیکھتا ہوں اور وہ مجھے دیکھتا ہے ۞

پس حضرت انسانِ کامل اعنی ختم المرسلین حضور نبی کریم نورِ قدیم محبوب ربّ العالمین جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہونا ثابت ہوا یعنی آپ تمام کمالاتِ حقی اور خلقی کے جامع ہیں ۞

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا ۞ عَلٰى نَبِيِّكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

آجکل کے مسلمانوں کے عقائد فاسدہ

محبوب ربّ العالمین سرتاج مفسرین سید العارفین شہنشاہِ دنیا و دین امام عالیمقام حضرت سیدنا حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے علم سے جانتے تھے کہ آخری زمانہ کے اکثر مسلمان سید عوالم ختم المرسلین محبوب رب العالمین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالاتِ حقی کے منکر ہوں گے اسلئے آپ نے آنحضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جہتِ ربوبیت کو بڑی شد و مد سے ثابت فرمایا ہے ۞

جاننا چاہیئے کہ ختم المرسلین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم رحمۃ اللعالمین جناب محمدؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا عالم الغیب ہونا۔ حاضر و ناظر ہونا۔ مختارِ کل ہونا۔ حی لایموت ہونا آپؐ کی جہت ربوبیت سے ہے نہ کہ جہتِ عبودیت سے کیونکہ آپؐ تمام کمالاتِ حقی سے مشرف ہیں۔

آج کل کے مسلمانوں کے عقاید نہایت فاسدہ اور باطلہ ہیں۔

۱۔ اکثر لوگ حضور رحمۃ للعالمین ختم المرسلین نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جہتِ ربوبیت یعنی کمالاتِ حقی کے بالکل منکر ہیں۔

۲۔ بعض مسلمان نہ منکرین میں ہیں، نہ قائلین میں بلکہ بین بین ہیں یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مظہرِ اتم ہونا یعنی تمام کمالاتِ حقی سے مشرف ہونا اور تمام صفاتِ کاملہ الٰہیہ سے موصوف ہونا نہیں مانتے اور اُن کا عقیدہ یہ ہے۔

ا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو رب تعالیٰ نے اپنے بعض غیوب کا علم دیا ہے۔

ب۔ صفاتِ الٰہیہ اور بعد قیامت کے تمام واقعات کے علم کا ہم بھی دعویٰ نہیں کرتے۔

ج۔ ہم بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے علوم الٰہیہ کے مقابلہ میں بعض ہی علم کے قائل ہیں۔

د۔ حضور پُر نور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا علم عطائی اور حادث اور متناہی ہے اور رب کا علم ذاتی۔ قدیم اور کل معلومات غیر متناہیہ کا ہے۔

ہ۔ اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مختارِ کل نہیں ہیں۔

۳۔ بعض لوگ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے دشمن اولیائے کرامؒ کے وجود باجود کے منکر اور کلمہ طیبہ کی ترکیب کے بدلنے والے ہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا صدقہ مسلمانوں کو ان عقاید فاسدہ اور باطلہ سے محفوظ رکھے اور ختم المرسلین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین حضور نبی کریم رؤف الرحیم نورِ قدیم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم عالم الغیب استادِ کل مختارِ کل قیوم کل باعثِ کل حی کل

نورِ کُل سرورِ کُل اوّلِ کُل آخرِ کُل ظاہرِ کُل باطنِ کُل کُل اُلکُل کی سچی پکی اور محبّت کا ملہ نصیب فرمائے اور خاتمہ بالخیر کرے اور پنجتن پاک رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا صدقہ اور واسطہ خداوند کریم کرے کہ اُس کے پیارے ولیوں کا دامن رحمت ہمارے ہاتھوں سے چھوٹنے نہ پائے آمین ثم آمین ❊

حضرتِ انسان کامل اعنی سیدالمرسلین رحمۃ للعالمین حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمدؐ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جہتِ ربوبیت اور شانِ علم کی وضاحت۔ آپؐ حضرتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے مظہرِ اَتم اور آئینۂ تامہ ہیں۔ عقائد باطلہ اور فاسدہ کی تردید

دیکھئے سیدالکونین امام القبلتین سیدالعارفین محبوب ربّ العالمین سیدالشہداء امام عالیمقام حضرت حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُمت پر کیسا کرم فرما گئے ہیں کہ ان تمام عقائد باطلہ اور فاسدہ کی تردید پہلے ہی اپنی تصنیف شریف "مرأۃ العارفین" میں کیسے عمدہ پیرایہ سے فرما گئے ہیں وھُوَ ھٰذا:

فَبَیْنَ ذَاتِ الْحَقِّ سُبْحٰنَہٗ وَذَاتِ الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ مُضَاھَاۃٌ مِنْ جِھَۃِ الْکُلِّیِّ وَالْاِجْمَالِیِّ وَکَوْنِ الْاَشْیَآءِ فِیْھِمَا عَلَی الْوَجْہِ الْکُلِّیِّ وَالْاِجْمَالِیِّ وَبَیْنَ عِلْمِ الْحَقِّ وَعِلْمِ الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ مُضَاھَاۃٌ مِنْ حَیْثُ مَظْھَرِیَّتِہٖ لِتَفْصِیْلِ مَا اُجْمِلَ فَالْاِنْسَانُ الْکَامِلُ مِرْاٰۃٌ تَامَّۃٌ لِلذَّاتِ بِسَبَبِ ھٰذِہِ الْمُضَاھَاۃِ وَالذَّاتُ مُتَجَلِّیَۃٌ عَلَیْہِ عَلَی الْوَجْہِ الْکُلِّیِّ وَالْاِجْمَالِیِّ وَعِلْمُ الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ مِرْاٰۃٌ لِعِلْمِ الْحَقِّ وَعِلْمُ الْحَقِّ مُتَجَلٍّ عَلَیْہِ وَظَاھِرٌ بِہٖ فَمَا فِی الذَّاتِ مُنْدَرِجٌ عَلَی الْوَجْہِ الْکُلِّیِّ وَالْاِجْمَالِیِّ فَھُوَ فِی الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ مُنْدَرِجٌ عَلٰی ذٰلِکَ الْوَجْہِ وَمَا فِیْ عِلْمِ الْحَقِّ ظَاھِرٌ عَلَی الْوَجْہِ الْجُزْوِیِّ وَالتَّفْصِیْلِیِّ فَھُوَ فِیْ عِلْمِ الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ ظَاھِرٌ عَلَی الْوَجْہِ الْجُزْوِیِّ وَالتَّفْصِیْلِیِّ بَلْ عِلْمُہٗ عِلْمُہٗ وَذَاتُہٗ ذَاتُہٗ بِلَا اتِّحَادٍ مَعَہٗ وَلَا حُلُوْلٍ فِیْہِ وَلَا صَیْرُوْرَتِہٖ ھُوَ لِاَنَّھَا مُحَالٌ لِاَنَّ الْاِتِّحَادَ یَحْصُلُ مِنَ الْمَوْجُوْدَیْنِ وَکَذَا الْحُلُوْلُ وَالصَّیْرُوْرَۃُ وَمَا ثَمَّ اِلَّا وَجُوْدٌ وَّاحِدٌ وَالْاَشْیَآءُ مَوْجُوْدَۃٌ لَا بِہٖ مَعْدُوْمَۃٌ بِنَفْسِھَا فَکَیْفَ

يَتَّحِدُ مَنْ هُوَ مَوْجُوْدٌ بِهٖ وَمَعْدُوْمٌ بِنَفْسِهٖ ؞

یعنی ذاتِ حق اور ذاتِ انسانِ کامل میں مشابہت ہے بسبب کُلیت اور اجمال کے اور بسبب ہونے اشیاء کے ان دونوں میں بروجہ کلی اور اجمالی کے اور علمِ حق اور علمِ انسانِ کامل میں مشابہت ہے بسبب مظہر ہونے علم کیواسطے تفصیل اُس چیز کے جو مجمل ہے۔ پس انسانِ کامل ذاتِ حق کا آئینۂ تامّہ ہے بسبب اس مشابہت کے اور ذاتِ حق اس پر بروجہ کُلی اور جملی متجلّی ہے اور علمِ انسانِ کامل آئینہ ہے واسطے علمِ حق کے اور علمِ حق اُس پر متجلّی ہے اور اُس میں ظاہر ہے پس جو کچھ ذاتِ حق میں بروجہ کُلّی اور اجمالی مُندرج ہے وُہی انسانِ کامل میں بروجہ کُلی اور اجمالی مُندرج ہے اور جو کچھ علمِ حق میں بروجہ جزی اور تفصیلی ظاہر ہے وہی علمِ انسانِ کامل میں بروجہ جزی اور تفصیلی ظاہر ہے بلکہ علمِ انسان علمِ حق ہے اور ذاتِ انسان ذاتِ حق ہے سوائے اتحاد کے ساتھ اُس کے اور سوائے حلول کے اُس میں اور سوائے اُس کے کہ وُہ وُہ ہوجائے اسلیئے کہ یہ تینوں امر محال ہیں کیونکہ اتحاد دو وجُودوں سے حاصل ہوتا ہے ایسے ہی حلول اور صیرورت بھی دو وجُودوں میں پائے جاتے ہیں اور یہاں ایک ہی وجود ہے اور اشیاء اُسی کیساتھ موجُود اور بذاتِ خود معدُوم ہیں پس کسطرح متحد ہوسکتا ہے وُہ جو اُسکے ساتھ موجود اور بذاتِ خود معدُوم ہے ؞

دیکھئے! امام الاولیاء سرتاج الاصفیاء کعبۂ اتقیاء سیّد الکونین امام القبلتین محبوب ربّ العالمین سبطِ ختم المرسلین سیّد الشہداء امام عالیمقام حضرت حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آنحضور نورٌ علیٰ نورٌ کُلّ نور رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین خاتم النبیّین عالیجناب رسولِ پاک صاحبِ لولاک تاجدارِ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حضرتِ حق سبحانہٗ وتعالےٰ کا مظہرِ اتم اور آئینۂ تامّہ کیسے وضاحت سے ثابت فرمایا ہے اور آپؐ کا علم علمِ الٰہی کا آئینہ یعنی عین علمِ الٰہی ثابت فرمایا ہے اور آپ کی ذات بابرکات کو عین اللہ تعالیٰ کی ذات ثابت فرمایا ہے ؞

پس آپؐ مظہرِ اتم ہونے کی حیثیت سے تمام کمالاتِ حقی سے مکمل اور تمام صفاتِ الٰہیہ کاملہ سے موصوف اور تمام اسمائے الٰہیہ سے موسوم ہیں اور یہ آپؐ کی جہتِ ولایت یا جہتِ ربوبیت ہے لہٰذا اسی جہت سے آپؐ عالم الغیب۔ حاضر ناظر۔ مختارِ کُل اور حیّ لایموت ہیں اور حضور سراپا نور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کی خاص طور پر وضاحت فرمائی گئی ہے اور آپؐ کے علم کو عین علمِ الٰہی ثابت فرمایا ہے جو کہ قدیم ہے اللہ کامل واکمل ہے اور کُل غیر متناہیہ معلومات کو شامل ہے یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم میں کوئی ذرہ بھر فرق بھی روا نہیں رکھا بلکہ آپؐ کا علم علمِ الٰہی کا آئینہ تامہ ہونے کی وجہ سے عین علمِ الٰہی ہے۔ وضاحت کیلئے آپؐ ارشاد فرماتے ہیں وَمَا فِی عِلْمِ الْحَقِّ ظَاهِرٌ عَلَى الْوَجْهِ الْجُزْئِيِّ وَالتَّفْصِيلِيِّ فَهُوَ فِي عِلْمِ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ ظَاهِرٌ عَلَى الْوَجْهِ الْجُزْئِيِّ وَالتَّفْصِيلِيِّ بَلْ عِلْمُهٗ عِلْمُهٗ وَذَاتُهٗ ذَاتُهٗ ‌ ؎

آج کل کے مفترین غور فرماویں کہ امام پاک علیہ السلام حضرت انسان کامل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم پاک کے متعلق کیا فتویٰ دے رہے ہیں اور یہ اُس مفتی کا فتویٰ ہے جنہوں نے قرآن مجید خود جناب رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ پاک سے پڑھا ہُوا ہے اس سے زیادہ کیا تحریر کروں ؎

وَقَالَ الْإِمَامُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَمَا قُلْنَا فِي حَقِّ الْحَقِّ إِنَّ عِلْمَهٗ بِذَاتِهٖ مُسْتَلْزِمٌ لِّعِلْمِهٖ بِجَمِيعِ الْأَشْيَآءِ وَإِنَّهٗ يَعْلَمُ جَمِيعَ الْأَشْيَآءِ مِنْ عِلْمِهٖ بِذَاتِهٖ كَذٰلِكَ نَقُوْلُ فِيْ حَقِّ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ إِنَّ عِلْمَهٗ بِذَاتِهٖ مُسْتَلْزِمٌ لِعِلْمِهٖ بِجَمِيعِ الْأَشْيَآءِ وَإِنَّهٗ يَعْلَمُ جَمِيعَ الْأَشْيَآءِ مِنْ عِلْمِهٖ بِذَاتِهٖ لِأَنَّهٗ هُوَ جَمِيعُ الْأَشْيَآءِ إِجْمَالًا وَتَفْصِيلًا فَمَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ عَرَفَ رَبَّهٗ وَعَرَفَ جَمِيعَ الْأَشْيَآءِ ؎

یعنی جیساکہ ہم نے حقتعالیٰ کی شان میں کہا ہے کہ اس کا اپنی ذات کو جاننا تمام اشیاء کے علم کو مستلزم ہے اور وہ اپنی ذات کو جان لینے سے تمام اشیاء کو جانتا ہے اسیطرح

ہم انسان کامل کے حق میں کہتے ہیں کہ اس کا اپنی ذات کو جاننا تمام اشیاء کے علم کو مستلزم ہے اور وہ اپنی ذات کو جان لینے سے تمام اشیاء کو جانتا ہے اسلئے کہ از روئے اجمال اور تفصیل کے وہ مجموعہ اشیاء ہے پس جس نے اپنے نفس کو پہچانا اُسنے اپنے رب کو پہچانا اور تمام اشیاء کو جان لیا۔

غور فرمائیے امام پاک علیہ السلام حقتعالیٰ کے علم اور حضرت انسان کامل صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علم میں ذرہ بھر فرق روا نہیں رکھتے۔ حیف ہے اُن مفسرین پر جو فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو رب تعالیٰ نے اپنے بعض غیوب کا علم دیا وغیرہ وغیرہ۔ اِن مفسرین کے عقاید باطلہ صفحہ ۴۳ پر درج کیئے گئے ہیں۔ حقتعالیٰ اُن کو قرآن مجید کے مطالب اور معانی سمجھنے کیلئے فہم عطا فرماوے آمین ثم آمین۔

اگرچہ امام پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضور میری آنکھوں کے نور جناب رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی جہتِ ربوبیت یعنی آپ کا تمام صفات کاملہ الٰہیہ سے موصوف ہونا بڑی وضاحت سے ثابت فرمایا ہے لیکن تفصیل کے لئے قطب الموحدین حضرت شیخ الاکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تحقیق بھی پیش کیجاتی ہے۔

اور فتوحات کے جزو اول باب میں صفحہ ۲۶۴ پر فرمایا قِيلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَوْلِيَاءُ اللّٰهِ قَالَ الَّذِينَ إِذَا رُءُوا ذُكِرَ اللّٰهُ لِتَحَقُّقِهِمْ بِاللّٰهِ يَغِيبُونَ بِهِ عَنْهُمْ وَعَنْ عُيُونِ الْخَلْقِ فَإِذَا رَآهُمُ النَّاسُ لَمْ يَرَوْا غَيْرَ اللّٰهِ فَتَذَكَّرَهُمْ بِاللّٰهِ رُؤْيَتُهُمْ مِثْلَ الْآيَاتِ الْمُذَكِّرَاتِ وَهٰذَا هُوَ الْمَقَامُ الَّذِي سَأَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دُعَائِهِ وَاجْعَلْنِي نُوْرًا فَأَجَابَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ دُعَاءَهُ فَأَخْبَرَنَا أَنَّهُ بَعَثَهُ إِلَى النَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَدَاعِيًا إِلَى اللّٰهِ بِإِذْنِهِ سِرَاجًا مُنِيرًا فَجَعَلَهُ نُوْرًا كَمَا سَأَلَ فَإِنَّ قَوْلَهُ لِرَبِّهِ وَاجْعَلْنِي نُوْرًا فَأَكُوْنَ بِذَاتِي عَيْنَ الْاِسْمِ الْإِلٰهِيِّ النُّوْرِ وَمَنْ كَانَ الْحَقُّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ وَلِسَانَهُ وَيَدَهُ وَرِجْلَهُ وَلَا يَنْطِقُ

عَنِ الْهَوٰی فَمَا هُوَ هُوَ وَمَا بَقِیَ لِمَنْ یَرَاهُ مَا یَرٰی اِلَّا اللّٰهَ عَرَفَ ذٰلِكَ الرَّأْیُ اَوْ لَمْ یَعْرِفْهُ هٰكَذَا یُشَاهِدُوْنَهُ اَهْلُ الْعِلْمِ بِاللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلْخُلَفَاءُ یَظْهَرُ فِی الْعَالِمِ وَالسُّوْقَةِ بِصِفَاتِ مَنِ اسْتَخْلَفَهَا قَالَتْ بِلْقِیْسُ فِیْ عَرْشِهَا كَاَنَّهٗ هُوَ وَمَا كَانَ اِلَّا هُوَ وَلٰكِنْ حَجَبَهَا بُعْدُ الْمَسَافَةِ وَحُكْمُ الْعَادَةِ وَجَهْلُهَا بِقَدْرِ سُلَیْمَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ عِنْدَ رَبِّهٖ فَهٰذَا حَجَبَهَا اَنْ تَقُوْلَ هُوَ هُوَ فَقَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ وَاَیُّ مُسَافَةٍ اَبْعَدُ مَنْ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ مِمَّنْ مِثْلُهٗ اَشْیَاءُ قَالَ الْكَامِلُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ عَنْ اَمْرِ اللّٰهِ قِیْلَ لَهٗ قُلْ فَقَالَ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ وَبِهٰذَا عَلِمْنَا اَنَّهٗ عَنْ اَمْرِ اللّٰهِ لِاَنَّهٗ نَقَلَ الْاَمْرَ لَنَا كَمَا نَقَلَ الْمَامُوْرُ وَكَانَ هٰذَا الْقَوْلُ دَوَاءً لِلْمَرَضِ الَّذِیْ قَامَ بِمَنْ عَبَدَ عِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ اُمَّتِهٖ فَقَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِیْحُ بْنُ مَرْیَمَ وَفَاتَهُمْ عِلْمٌ كَثِیْرٌ حَیْثُ قَالُوْا بْنُ مَرْیَمَ وَمَا شَعَرُوْا (وَقَالَ) وَاِنَّمَا قُلْنَا هُوَ هُوَ لِمَا یُعْطِیْهِ الْكَشْفُ الصَّحِیْحُ فِی الْخُصُوْصِ وَالْاِیْمَانُ الصَّرِیْحُ فِی الْعُمُوْمِ كَمَا وَرَدَ بِهِ الْخَبَرُ النَّبَوِیُّ الْاِلٰهِیُّ مِنْ اَنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدَهٗ كَانَ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ وَذَكَرَ قُوَاهُ وَجَوَارِحَهٗ وَالْاِنْسَانُ لَیْسَ غَیْرَ هٰذِهِ الْاُمُوْرِ الْمَذْكُوْرَةِ الَّذِیْ جَعَلَ الْحَقُّ هُوِیَّتَهٗ عَیْنَهَا فَاِنْ كُنْتَ مُؤْمِنًا عَرَفْتَ بِمَنْ اَنْتَ وَاِنْ كُنْتَ صَاحِبَ شُهُوْدٍ صَحِیْحٍ عَرَفْتَ مَنْ شَاهَدْتَ وَاَكْثَرُ مِنْ هٰذَا الْبَیَانِ النَّبَوِیِّ عَنِ اللّٰهِ مَا یَكُوْنُ فِیْ قُوَّةِ الْاِنْسَانِ حَتّٰی یَكُوْنَ الْمُؤْمِنُ صَاحِبَ حَالِ عَیَانٍ فَیَعْرِفُ عِنْدَ ذٰلِكَ مَنْ هُوَ عَیْنُ هٰذِهِ الْاَكْوَانِ وَالْاَعْیَانِ ؛

یعنی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ اولیاء کون ہیں تو فرمایا اولیاء وہ ہیں کہ جب وہ دیکھے جائیں تو خدا یاد آجائے کیونکہ وہ خدا کے ساتھ متحقق ہیں اور اس کی ذات میں اپنی اور خلق کی آنکھوں سے غائب ہیں جب ان کو لوگ

دیکھتے ہیں تو غیر اللہ کو نہیں دیکھتے پس آیات مذکرات کیطرح اولیاء کی زیارت انہیں خدا یاد دلاتی ہے اور یہ وُہ مقام ہے جس کا سوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعا میں کیا ہے کہ دا جْعَلْنِي نُوْرًا یعنی بار خدایا! مجھے نُور کر دے پس اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی دعا قبول فرمائی اور ہم کو خبر دی کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں کیطرف خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا اور اللہ کیطرف اُس کے حکم سے بلانیوالا اور چراغ روشن بنا کر بھیجا ہے پس آپؐ کو نور بنایا جیسا کہ آپؐ نے سوال کیا تھا کیونکہ آپؐ نے خدا سے کہا کہ مجھے نور بنا دے تاکہ میں بذاتِ خود عین اِسم الٰہی نور ہو جاؤں اور جس کا خدا سمع اور بصر اور زبان اور ہاتھ اور پاؤں ہوجائے اور وُہ خواہش سے کلام نہ کرے پس وُہ وُہ نہیں ہے اور اُسے دیکھنے والے کیلئے کوئی باقی نہیں رہا اور وُہ اللہ کے سوا کسی کو نہیں دیکھتا خواہ وُہ دیکھنے والا اس بات کو جانے یا نہ جانے مومنین میں سے علماء باللہ اور خلفاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی مشاہدہ کرتے ہیں اور آپؐ عالم اور عامی میں اُن صفات کیساتھ جن کا وُہ خلیفہ ہے ظاہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ بلقیس نے اپنے تخت کو دیکھ کر کہا کَاَنَّهٗ هُوَ یعنی گویا کہ یہ وہی ہے حالانکہ وہ عین وہی تھا لیکن اُسے بُعدِ مسافت اور حکمِ عادت اور اللہ کے نزدیک حضرت سلیمان علیہ السلام کی قدر و منزلت کو نہ جاننا اس کہنے سے حجاب ہو گیا کہ تخت وہی ہے اسلئے تشبیہ کیساتھ کہا گویا کہ یہ وہی ہے اور اس سے زیادہ بُعدِ مسافت کیا ہو گا کہ ایک کی مثال کوئی شئے نہ ہو اور دوسرے کی مثل اشیاء ہوں اور حضور کامل صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (مَیں تمہاری مثل بشر ہوں) امر الٰہی سے فرمایا ہے یعنی آپکو کہا گیا ہے کہ اِسطرح کہو چنانچہ فرمایا قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یعنی اے حبیب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آپؐ فرما دیں کہ مَیں تمہاری طرح بشر ہوں۔ اس سے ہم نے جان لیا کہ آپؐ کا یہ قول اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے کیونکہ آپؐ نے ہمارے لئے امر کو نقل کیا ہے جیسا کہ مامور نقل کرتا ہے اور یہ قول اس مرض کی دوا ہے جو عیسیٰ علیہ السلام کی قوم کی میں اس کی عبادت سے پیدا ہوئی اور انہوں نے کہا کہ اللہ مسیح ابنِ مریمؑ ہے اور لفظ ابنِ مریم کے کہنے سے

علمِ کثیر اُن سے فوت ہو گیا اور وُہ نہ سمجھے (اور فرمایا) لیکن ہم کہتے ہیں کہ وُہ وہی ہے (یعنی انسانِ کامل کی ذات عین اللہ تعالیٰ کی ذات ہے) اسلئے کہ یہ بات خواص کو کشفِ صحیح سے اور عوام کو ایمانِ صریح سے عطا ہوئی ہے چنانچہ حدیثِ قدسی میں وارد ہے کہ اللہ تعالےٰ جب کسی بندہ کو دوست رکھتا ہے تو اُس کا کان اور آنکھ ہو جاتا ہے اور اُس کے قویٰ اور اعضاء کا ذکر فرمایا اور انسان بغیر ان امور مذکورہ کے نہیں ہے جن کا اللہ تعالیٰ نے اپنی ہویت کو عین فرمایا ہے۔ پس اگر تو مومن ہے تو جان لے گا کہ تو کس کے ساتھ ہے اور اگر تو صاحبِ شہودِ صحیح ہے تو جان لیگا کہ تُو نے کس کا مشاہدہ کیا ہے اور اِس بیان نبویٔ الٰہی سے زیادہ قوتِ انسانی میں نہیں ہے یہاں تک کہ مومن صاحبِ حال عیاں ہو جائے۔ پس اُسوقت وُہ جان لیگا کہ اِن اکوان اور اعیان کا عین کون ہے ؁

اور فتوحات کے جزثانی باب ۷۳ میں صہ ۱۲۵ پر فرمایا (اَلسُّوَالُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ وَمِائَةٌ مَاتَاوِیْلُ قَوْلِ بِسْمِ اللّٰہِ (اَلْجَوَابُ) ھُوَ لِلْعَبْدِ فِی التَّکْوِیْنِ بِمَنْزِلَۃِ کُنْ لِلْحَقِّ فِیْہِ یَتَکَوَّنُ عَنْ بَعْضِ النَّاسِ مَا شَاءُوْا قَالَ الْحَلَّاجُ بِسْمِ اللّٰہِ مِنَ الْعَبْدِ بِمَنْزِلَۃِ کُنْ مِنَ الْحَقِّ وَلٰکِنْ بَعْضُ الْعِبَادِ لَہٗ کُنْ دُوْنَ بِسْمِ اللّٰہِ وَھُمُ الْاَکَابِرُ جَاءَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَۃِ تَبُوْکَ اَنَّھُمْ رَاَوْا شَخْصًا فَلَمْ یَعْرِفُوْہُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُنْ اَبَاذَرٍّ فَاِذَا ھُوَ اَبُوْذَرٍّ وَلَمْ یَقُلْ بِسْمِ اللّٰہِ فَکَانَتْ کُنْ مِنْہُ کُنِ الْاِلٰھِیَّۃِ فَاِنَّہٗ قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ فِیْمَنْ اَحَبَّہٗ حُبُّ النَّوَافِلِ کُنْتُ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ وَلِسَانَہُ الَّذِیْ یَتَکَلَّمُ بِہٖ وَقَدْ شَھِدَ اللّٰہُ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ لَہٗ نَافِلَۃً بِقَوْلِہٖ تَعَالیٰ وَمِنَ اللَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِہٖ نَافِلَۃً لَّکَ فَلَا بُدَّ اَنْ یَکُوْنَ سَمْعُہُ الْحَقَّ وَبَصَرُہُ الْحَقَّ وَکَلَامُہُ الْحَقَّ (وَقَالَ) وَلِھٰذَا دَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَکُوْنَ کُلُّہٗ نُوْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ؁

یعنی سوال ۱۴۷ قولِ بسم اللہ کی تاویل کیا ہے۔ جواب بسم اللہ بندہ کیلئے تکوین میں

ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کیلئے کُن ہے اسلئے بسم اللہ کیساتھ بعض لوگ جو چاہتے ہیں ہو جاتا ہے چنانچہ حضرت منصور حلاج علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ بندہ سے بسم اللہ اللہ تعالےٰ سے کُن کیطرح ہے لیکن بعض اکابر کیلئے کُن بغیر بسم اللہ کے ہوتا ہے چنانچہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنگِ تبوک میں تھے کہ صحابۂ کرامؓ نے ایک شخص کو دُور سے دیکھا اور اُسے نہ پہچانا حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وُہ ابُوذرؓ ہے جب نزدیک آیا کوئی اَور تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کُن اَبَاذَرٍّ یعنی ابُوذر ہو جا پس وُہ ابُوذرؓ ہو گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ نہ فرمایا۔ پس آپؐ کی کُن اللہ تعالیٰ کی کُن ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اِس شخص کے حق میں جسے حُبِ نوافل سے دوست رکھتا ہے فرمایا ہے کہ مَیں اُس کے کان ہو جاتا ہُوں جس سے سُنتا ہے اور اُس کی آنکھیں ہو جاتا ہوں جس سے دیکھتا ہے اور اُسکی زبان ہو جاتا ہوں جس سے بولتا ہے اور اللہ تعالےٰ نے جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اپنے اِس قول میں نافلہ کی شہادت دی ہے۔ وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ یعنی کچھ رات قرآن کے ساتھ تہجد پڑھا کریں۔ یہ آپؐ کیلئے زائد امر ہے۔ پس ضروری ہے کہ آپؐ کا سمع اور بصر اور کلام حق ہو (اور فرمایا) اسی لئے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دُعا مانگی کہ آپؐ تمام نور ہو جائیں کیونکہ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے ؁

اَور فتوحات کے جزُ ثالث باب ۳۱۲ میں صفحہ ۳۴۴ پر فرمایا فَلَمَّا اُعْطِىَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ عَلِمْنَا اَنَّهٗ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ فَكُلُّ مَا ظَهَرَ مِنْ رِزْقٍ فِى الْعَالَمِ فَاِنَّ الْاِسْمَ الْاِلٰهِىَّ لَا يُعْطِيْهِ اِلَّا عَنْ اَمْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمَفَاتِيْحُ كَمَا اخْتَصَّ الْحَقُّ تَعَالٰى بِمَفَاتِيْحِ الْغَيْبِ فَلَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَاُعْطِىَ هٰذَا السَّيِّدُ مَنْزِلَةَ الْاِخْتِصَاصِ بِاِعْطَائِهٖ مَفَاتِيْحَ الْخَزَائِنِ وَالْخَصْلَةُ الثَّانِيَةُ اُوْتِىَ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَالْكَلِمُ جَمْعُ كَلِمَةٍ وَكَلِمَاتُ اللّٰهِ لَا تَنْفَدُ فَاُعْطِىَ عِلْمَ مَالَا يَتَنَاهٰى فَعَلِمَ مَا يَتَنَاهٰى بِمَا حَصَرَهُ الْوُجُوْدُ وَعَلِمَ مَالَمْ يَدْخُلْ فِى الْوُجُوْدِ وَهُوَ

غَیْرُ مُتَنَاہٍ فَاَحَاطَ عِلْمًا بِحَقَائِقِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَہِیَ صِفَۃٌ اِلٰہِیَّۃٌ لَمْ تَکُنْ بِغَیْرِہٖ ۔

یعنی جب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا ہوئی ہیں تو ہم نے جان لیا ہے کہ آپ حفیظ اور علیم ہیں پس جو رزق عالم میں ظاہر ہوتا ہے اُس کو اسمِ الٰہی بغیر حکم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جن کے ہاتھ میں رزق کی کنجیاں ہیں عطا نہیں کرتا۔ پس جیسے اللہ تعالیٰ مفاتیح غیب کیساتھ مخصوص ہے کہ اُن کو اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اسی طرح آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کو مفاتیح خزائن کے علیہ کا اختصاص حاصل ہے اور خصلتِ ثانی یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کلماتِ جامع عطا ہوئے ہیں اور کَلِمْ جمع کلمہ کی ہے اور اللہ تعالیٰ کے کلمات ختم نہیں ہوتے۔ پس آپؐ کو غیر متناہی چیزوں کا علم عطا ہوا اور آپؐ نے متناہی جس پر وجود کا حصر ہے اور غیر متناہی جو وجود میں داخل نہیں ہے سب کو جان لیا۔ پس آپؐ کا علم معلومات کے حقائق پر محیط ہے اور یہ اللہ تعالےٰ کی صفت ہے اُس کے غیر کے واسطے نہیں ہے۔ ف اس سے ثابت ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علمِ الٰہی سے غیر متناہی اشیاء کو جانتے ہیں اور غیر متناہی معلومات کا جاننا حق سبحانہٗ کی صفتِ خاصہ ہے پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا علم عین اللہ تعالیٰ کا علم ہے۔

اور حضرت عارفِ ربانی سیدی عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ عنہ کتاب "الیواقیت والجواہر" جز ثانی مبحث ۲۳ میں فرماتے ہیں (از فتوحات باب ۱۲)

(فَاِنْ قُلْتَ) فَمَا الدَّلِیْلُ عَلٰی کَوْنِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُمِدَّ الْاَنْبِیَآءِ السَّابِقِیْنَ فِی الظُّھُوْرِ عَلَیْہِ مِنَ الْقُرْاٰنِ (فَالْجَوَابُ) مِنَ الدَّلِیْلِ عَلٰی ذٰلِکَ قَوْلُہٗ تَعَالٰی اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدَاھُمُ اقْتَدِہْ اَیْ اِنَّ ھُدَاھُمْ ھُوَ ھُدَاکَ الَّذِیْ سَرٰی اِلَیْھِمْ مِنْکَ فِی الْبَاطِنِ فَاِذَا اھْتَدَیْتَ بِھُدَاھُمْ فَاِنَّمَا ذٰلِکَ اِھْتِدَاءٌ بِھُدَاکَ اِذِ الْاَوَّلِیَّۃُ لَکَ بَاطِنًا وَالْاٰخِرِیَّۃُ لَکَ ظَاھِرًا وَلَوْ اَنَّ الْمُرَادَ بِھُدَاھُمْ غَیْرُ مَا قَرَّرْنَاہُ لَقَالَ تَعَالٰی لَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبِھِمُ اقْتَدِہْ وَتَقَدَّمَ حَدِیْثُ کُنْتُ نَبِیًّا وَاٰدَمُ

بَیْنَ الْمَاءِ وَطِیْنٍ فَکُلُّ نَبِیٍّ تَقَدَّمَ عَلٰی زَمَنِ ظُهُوْرِهٖ فَهُوَ نَائِبٌ عَنْهُ فِیْ بَعْثَتِهٖ بِتِلْکَ الشَّرِیْعَةِ وَیُؤَیِّدُ ذٰلِکَ قَوْلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِیْثٍ وَضَعَ اللّٰهُ تَعَالٰی یَدَهٗ بَیْنَ ثُدَیَّ اَیْ کَمَا یَلِیْقُ بِجَلَالِهٖ فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اِذَا الْمُرَادُ بِالْاَوَّلِیْنَ هُمُ الْاَنْبِیَاءُ الَّذِیْنَ تَقَدَّمُوْهُ فِی الظُّهُوْرِ عِنْدَ غَیْبَةِ جِسْمِهِ الشَّرِیْفِ وَاَیْضًا ذٰلِکَ اَنَّهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُعْطِیَ الْعِلْمَ مَرَّتَیْنِ مَرَّةً قَبْلَ خَلْقِ اٰدَمَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَمَرَّةً بَعْدَ ظُهُوْرِ رِسَالَتِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَمَا اُنْزِلَ عَلَیْهِ الْقُرْاٰنُ اَوَّلًا مِنْ غَیْرِ عِلْمِ جِبْرِیْلَ ثُمَّ اُنْزِلَ عَلَیْهِ بِهٖ جِبْرِیْلُ مَرَّةً اُخْرٰی وَلِذٰلِکَ قَالَ تَعَالٰی لَهٗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّقْضٰی اِلَیْکَ وَحْیُهٗ اَیْ لَا تَعْجَلْ بِتِلَاوَةِ مَا عِنْدَکَ مِنْهُ قَبْلَ اَنْ تَسْمَعَهٗ مِنْ جِبْرِیْلَ بَلِ اسْمَعْهُ مِنْ جِبْرِیْلَ وَاَنْتَ مُنْصِتٌ اِلَیْهِ کَاَنَّکَ مَا سَمِعْتَهٗ قَطُّ

یعنی اگر تو سوال کرے کہ قرآن مجید میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے انبیاء سابقین علیہم السلام کے مددگار ہونے کی کونسی دلیل ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس بات پر دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں یعنی انبیاء علیہم السلام جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی سو آپؐ ان کی ہدایت کی پیروی کریں یعنی ان کی ہدایت وہ آپؐ کی ہدایت ہے جو آپؐ کے باطن سے ان کیطرف جاری ہوئی ہے پس جب آپؐ نے ان کی ہدایت سے ہدایت پائی تو یہ آپؐ ہی کی ہدایت سے ہدایت پانا ہے کیونکہ باطن میں آپؐ ہی اوّل ہیں اور ظاہر میں آپؐ ہی آخر ہیں۔ (فَهُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ) اور اگر ان کی ہدایت سے مراد ہماری اس تقریر کے خلاف ہوتی تو اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتا فَبِهِمُ اقْتَدِهْ یعنی ان کی پیروی کرو (اور یہ نہ فرماتا کہ ان کی ہدایت کی پیروی کرو) اور اس حدیث کا پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں اس وقت نبی تھا جب آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے پس ہر نبی جو

آپؐ کے زمانۂ ظہور سے پہلے ہوا ہے وہ آپؐ کی بعثتِ شرعی میں آپؐ کا نائب ہے اور اِس بات کا مؤید حدیث شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول ہے کہ شبِ معراج میں اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میری دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھا یعنی جیسا کہ اُس کی بزرگی کے لائق ہے پس مَیں نے علمِ اوّلین و آخرین کو جان لیا کیونکہ اوّلین سے مُراد وُہ انبیاء علیہم السّلام ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم شریف کے غائب ہونے کے وقت ظہور میں آپؐ پر مقدم ہیں اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دو مرتبہ علم عطا ہُوا ہے۔ ایک مرتبہ آدم علیہ السّلام کی پیدائش سے پہلے اور دوسری مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ظاہر ہونے کے بعد جیسا کہ اوّل آپؐ پر قرآن مجید جبرائیل علیہ السّلام کے علم کے بغیر نازل ہُوا۔ پھر دوسری مرتبہ جبرائیل علیہ السّلام لے کر اُترا اور اسی لئے اللہ تعالےٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا اَے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم آپؐ قرآن پڑھنے میں قبل اِس کے کہ آپؐ کیطرف اُس کی پوری وحی نازل ہو جلدی نہ کریں یعنی جو کچھ آپؐ کے پاس قرآن مجید سے ہے اُس کی تلاوت میں جلدی نہ کریں قبل اِس کے کہ آپؐ اُس کو جبرائیل علیہ السّلام سے سُنیں۔ بلکہ آپؐ قرآن کو جبرائیل علیہ السّلام سے ایسی خاموشی کی حالت میں سُنیں کہ گویا آپؐ نے اُس کو ہرگز نہیں سُنا ہُوا ہے ٭

امام آئمۃ الاطہار سید الابرار سید الشہداء امام عالیمقام حضرت حسین پاک رضی اللہ تعالےٰ عنہ اپنی کتاب مستطاب "مِرْاٰۃُ الْعَارِفِیْنَ" کا خاتمہ درُودِ شریف اور کلمہ طیّبہ پر کرتے ہیں۔ صحابہ کرام اور اولیائے عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا ذکر خاص طور پہ درُود شریف میں فرمایا ہے اور یہ آنجناب رضؓ کی رحمتِ خاص اور شفقتِ خاص کا نتیجہ ہے کیونکہ امام پاک رضؓ اپنے علم سے جانتے تھے کہ آخیر زمانہ میں بعض لوگ صحابہ کرام اور اولیائے عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے دشمن ہوں گے ٭

نیز ساتھ ہی کلمہ طیّبہ جو آپ رضؓ خود پڑھتے تھے اپنی تصنیف لطیف میں بطورِ ہدایت اور سند

لکھ گئے ہیں کیونکہ آپ رض کو معلوم تھا کہ ایک زمانہ میں بعض لوگ کلمہ طیبہ کی ترکیب بھی بدل دینگے وَھُوَھٰذَا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ کُلِّ شَیْءٍ وَّاَوْسَطِ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرِ کُلِّ شَیْءٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ وَاَحْفَادِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعَشِیْرَتِہٖ مِنَ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْاَوْلِیَآءِ الصّٰلِحِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

یعنی خداوندا رحمت بھیج ہمارے سردار محمد پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر جو ہر چیز کا اوّل اور ہر چیز کا اوسط اور ہر چیز کا آخر ہیں جیسا کہ تجھے پسند ہو اور تو راضی ہو اور آپ کی آل اور اولاد اور احفاد اور اصحاب اور انبیاء و مرسلین کے گروہ اور اولیائے صالحین پر اپنی رحمت سے درود بھیج اے تمام رحمت کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔ آمین ؕ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

اللہ تبارک و تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صدقہ مسلمانوں کو عقاید صحیحہ نصیب فرمائے۔ کیونکہ اگر عقاید صحیح نہ ہوں تو اعمال کا کوئی اعتبار نہیں ؎

خشتِ اوّل چوں نہد معمار کج ؕ تا ثریا میرود دیوار کج — حضرت مولانا رومؒ

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ

قرآن مجید کی نادر تفسیر

اگرچہ بلاشک و ریب ختم المرسلین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین رؤف الرحیم حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالم الغیب ہیں مختارِ کُل ہیں حاضر ناظر ہیں حیّ لایموت ہیں اور بے شمار آیات قرآنی و احادیث شریف نبویؐ اُس پر شاہد ہیں اور تمام آئمہ اطہار، صحابہ کرام، اقطاب عارفین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور مؤمنین کا یہ عقیدہ ہے لیکن چند ایک آیات میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپؐ سے صفات کاملہ الٰہیہ مثلاً آپؐ کے عالم الغیب ہونے مختارِ کُل ہونے اور حاضر ناظر ہونے وغیرہ کی نفی

کی ہے اور یہی چند ایک آیات عالم میں بحث و مناظرہ کا موضوع ہیں جن کو نہ سمجھنے کی وجہ سے دُنیا کے بڑے بڑے اکابر عُلماء اور مفسّرین ورطۂ ہلاکت میں جا گرے علمائے ربّانی میں سے بعض نے ان آیات کی بہتر تاویلیں کرنے کی کوشش کی ہے اور بعض نے ان آیات شریفہ کو متشابہات فرمایا ہے کہ وَمَا یَعْلَمُ تَاوِیْلَہٗۤ اِلَّا اللّٰہُ یعنی ان کی تاویل کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ کے مسکین سرتاج المفسرین استاد العارفین سیّد الکونین حضرت امام حسین پاک صلوٰۃ اللہ و سلامہٗ علیہ و علیٰ آبائہ الکرام نے اپنی تصنیف لطیف "مرأۃ العارفین" میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کیلئے دو جہتیں حقی اور خلقی ثابت کر کے سارے قرآن مجید کی تفسیر ایک اشارہ میں فرما دی ہے۔

چند ایک آیات بیّنات کی تفسیر اس مسکین ضعیف نحیف سے سُنیئے ایمان تازہ کیجئے اور دُعائے خیر سے یاد فرمائیے مگر یاد رہے کہ یہ مسکین درویش خاکپائے اہل اللہ محض ناقل یا ترجمان ہے اپنی طرف سے خاکسار نے ایک حرف بھی نہیں لکھا ؎

پیشِ مردانِ آفتاب صفت ٭ با منافت چو کرم شب تابی (شیخ سعدیؒ)

قرآن مجید کے مطالب اور معانی، حقائق اور دقائق، رموز اور کنوز، اسرار و انوار اور یہ سب کچھ سیّد الکونین و کعبۂ دارین سیّدی مُرشدی و مولائی العلامۃ الاوحد قطب الاقطاب و فرد الاحباب وحیدِ عصر و یکتائے دہر۔ امام آئمۃ الطریق و شیخ شیوخ الاسلام علی التحقیق، زینت الوجود و مرأۃ الشہود، عالم ربّانی و قطب فردانی غوث اعظم ثانی و لاثانی حضور سراپا نور اعلیحضرت خاتم الاولیاء و مولانا پیر غلام محمّد صاحب قبلہ جلوآنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے در اقدس و اطہر کا صدقہ ہے اور یہ آپؒ حضور پُر نور ہی کے بحرِ کرم کی ایک لہر ہے وَھُوَ ھٰذَا

سورہ ہُود میں جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَاۤ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا (اَیْ مِنْ جِهَةِ الْبَشَرِیَّةِ) یعنی جہت بشریت سے وحی الٰہی سے پہلے آپؐ اور آپؐ کی قوم غیب کی خبروں کو نہ جانتے

تھے حالانکہ جہتِ رُبوبیّت و ولایت سے آپؐ اور آپؐ کی اُمّت کے کمّل عارفینؒ ازل سے ابد تک کے اسرارات الٰہیہ سے واقف ہیں حتیٰ کہ اِسی جہتِ ولایت سے تھا کہ جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر جبرائیل علیہ السّلام نازل ہوتے تو آپؐ رُوح الامین سے پہلے کلام الٰہی کو پڑھنا شروع کر دیتے اسی لئے فرمان ہُوا وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّقْضٰٓی اِلَیْکَ وَحْیُہٗ (سورہ طٰہٰ) یعنی وحی پُوری ہونے سے پہلے قرآن پڑھنے میں جلدی نہ کیجئے کیونکہ یہ مقامِ نبوّت ہے نہ کہ مقامِ ولایت ۔

پس آپؐ کے عالم الغیب ہونے کی نفی جہتِ بشریّت سے کی گئی ہے حالانکہ جہتِ رُبوبیّت و ولایت سے آپؐ تمام اسرارات الٰہیہ سے واقف ہیں اور آپؐ کو کلّی علمِ غیب ہے۔

لہٰذا جن جن آیات بیّنات میں آپؐ کے لئے علم غیب ثابت ہے وہ آپ کی جہتِ حقیقت سے ہے اور جن آیات میں آپؐ سے علمِ غیب کی نفی پائی جاتی ہے وہ جہتِ بشریت سے ہے کیونکہ آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں ۔

اور بعینہٖ ایسا ہے جیسے کہ سورۂ قصص میں ہے اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ یعنی اے حبیبِ کریم صلّی اللہ علیک وسلّم آپؐ ہدایت نہیں کرتے جسے چاہیں لیکن اللہ تعالیٰ جسے چاہے ہدایت کرتا ہے ۔

اور پھر سورۂ شوریٰ میں فرمایا وَاِنَّکَ لَتَھْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۔ یعنی بے شک آپؐ ہی صراطِ مستقیم کیطرف ہدایت کرتے ہیں ۔

پس آیۂ اُولیٰ میں آپؐ سے ہدایت کرنے کی نفی جہتِ بشریّت سے ہے اور آیۂ ثانیہ میں آپؐ کیطرف ہدایت کرنے کا اثبات جہتِ ربوبیّت سے ہے کیونکہ آپ حق اور خلق کے درمیان برزخِ جامع ہیں ۔

اور سورۂ آلِ عمران میں جو فرمایا ہے لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ یعنی اے حبیب کریم صلّی اللہ علیک وسلّم آپؐ کا اختیار کچھ نہیں۔ یہ آپؐ سے اختیارات کی نفی جہتِ بشریّت سے

ہے حالانکہ جہتِ ربوبیّت سے آپؐ مختارِ کونین اور مختارِ کُل ہیں جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ (سورہ جاثیہ) یعنی اے حبیب کریم صلی اللہ علیک وسلم جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے سب کا سب آپؐ کے تابع کر دیا گیا ہے یعنی آپؐ مختارِ کُل ہیں ؁

پس چونکہ عرشِ عظیم سے لیکر تحت الثریٰ تک ہر چیز اور تمام کائنات مخلوقات موجودات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم میں کر دی گئی ہے لہٰذا آپؐ مختارِ کُل ہیں پس آپؐ سے اختیارات کی نفی جہت بشریّت سے ہے اور آپؐ کا مختارِ کُل ہونا جہتِ ربوبیّت سے ہے کیونکہ آپؐ کیلئے دو نسبتیں ہیں، دو جہتیں ہیں، دو کمال ہیں، اعنی کمالِ ربوبیّت اور کمالِ عبودیّت کیونکہ آپؐ جمیع کمالاتِ حقّی اور خلقی کے جامع ہیں ؁

قاعدۂ کُلیہ پس جن جن آیات میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عالم الغیب ہونے، مختارِ کُل ہونے، حاضر ناظر ہونے وغیرہ اعنی صفاتِ کاملہ الٰہیہ کی نفی کی گئی ہے وُہ نفی جہتِ بشریّت سے کی گئی ہے اور جن جن آیات شریفہ میں اِن صفاتِ الٰہیہ کاملہ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے اثبات پایا گیا ہے وُہ اثبات آپؐ کی جہتِ ربوبیّت سے ہے کیونکہ آپؐ کیلئے دو جہتیں ہیں دو کمال ہیں دو نسبتیں ہیں دو رُخ ہیں، جہتِ ربوبیّت اور جہتِ عبودیّت یا کمالِ ربوبیّت اور کمالِ عبودیّت اور یہ دونوں جہتیں یا دونوں کمال آپؐ کو بیک وقت معاً حاصل ہیں۔ لہٰذا دائمی ربوبیّت اور دائمی عبودیّت آپؐ کی شانِ اقدس واطہر ہے جو صرف اور صرف آپؐ ہی کی ذاتِ پاک کیلئے مختص اور مخصوص ہے ورنہ دیگر انبیائے کرام علیہم السّلام کو مولا تعالےٰ گاہے ذرہ کر دیتا ہے، گاہے پہاڑ گاہے قطرہ کر دیتا ہے گاہے دریا ؏

بگفت احوالِ ما برقِ جہان است ؁ دمے پیدا و دیگر دم نہان است
گہے بر طارمِ اعلےٰ نشینم ؁ گہے بر پُشتِ پائے خود نہ بینم

اسی مختص خصوصیت سے آنحضور سراپا نور شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین والمرسلین ہیں۔ لہٰذا خطاب مستطاب ہوا یَا اَیُّھَا الرُّسُلُ یعنی اے رسولوں کے مجموع کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ مقدسہ ومطہرہ میں وہ سب کمالات جمع ہیں جو دیگر سب انبیاء علیہم السلام میں تھے ؎

حُسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری ❊ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

اور مست بادۂ قیوم حضرت مولانا روم علیہ الرحمۃ مثنوی شریف میں ارشاد فرماتے ہیں ؎

ہمہ انبیاء در پناہِ تو اند ❊ مقیم در بارگاہِ تو اند!
تو مہرِ منیری ہمہ اختر اند ❊ تو سلطانِ ملکی ہمہ چاکر اند

پس جن جن آیات میں آنحضرت ختمی مرتبت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صفاتِ الٰہیہ کاملہ کی نفی کی گئی ہے ان کی تاویل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ یہ نفی آپ کی جہتِ بشریت سے کی گئی ہے ورنہ جہتِ ربوبیت سے آپ تمام صفات الٰہیہ کاملہ سے متصف اور مکمل اور مشرف ہیں ❊

اسیطرح احادیث پاک کی شرح اسی قاعدہ کے مطابق کرنی چاہیئے مثلاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرمایا اِنَّمَا اَنَا عَبْدٌ اٰکُلُ اَکْلَ الْعَبْدِ وَاَشْرِبُ شُرْبَ الْعَبْدِ یعنی میں بندہ ہوں بندے کیطرح کھاتا اور بندے کی طرح پیتا ہوں۔ یہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی جہتِ بشریت سے فرمایا ورنہ جہتِ ولایت یا جہتِ ربوبیت سے آپ نے فرمایا اَنَا اَحْمَدُ بِلَامِیْمٍ میں احمدِ بے میم ہوں یعنی میں احد ہوں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ قَدْرَ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ وَکَمَالِہٖ ❊

سوال جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دونوں کمال یعنی کمالِ ربوبیت اور کمالِ عبودیت معاً حاصل ہیں یعنی دائمی ربوبیت اور دائمی عبودیت آپ کی شانِ اقدس واطہر ہے تو دائمی ربوبیت سے آپ ہر لحظہ

اور ہر گھڑی صفاتِ کاملہ الٰہیہ سے موصوف اور مزین ہیں۔ پھر ان صفاتِ کاملہ الٰہیہ یعنی عالم الغیب ہونا، حاضر ناظر ہونا، مختارِ کُل ہونا وغیرہ کی نفی بعض آیات قرآنی میں کیسے کی گئی ؟

جب یہ سوال دل میں پیدا ہوا تو سارا دن اور کچھ حصّہ رات کا سوچ و بچار میں گزر گیا لیکن کوئی حل نہ ملا آخر تہجّد کے وقت عالی سرکار شہنشاہِ بغداد شریف جناب حضرت غوث الاعظم پاک پیرانِ پیر دستگیر محبوبِ سبحانی قطب ربّانی شہبازِ لامکانی میراں محی الدین شیخ سیّد عبدالقادر الجیلانی الکریم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف فرما ہوئے اور مکمل جواب ارشاد فرمایا۔ جواب سنیئے اور ایمان تازہ کیجئے۔

۱۔ سیّدِ عوالم ختم المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین رؤف الرحیم حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب محمّدِ پاک صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی حقیقت بشری عقول اور افہام سے بالاتر ہے اور آپؐ کا حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہونا یعنی آپؐ کا جمیع کمالات حقی اور خلقی سے مکمل موصوف اور مشرّف ہونا سوائے اقطاب عارفینؒ اور اُن کے احباب کے آج کل کوئی نہیں جانتا۔ جاہل صوفی آپ کی جہتِ بشریّت کا بالکل انکار کرتے ہیں، اسلیئے خداوند کریم دانا تر حکیم نے بعض آیاتِ قرآنی میں عمداً اور ارادۃً آپؐ سے صفاتِ کاملہ کی صاف نفی کر دی ہے تاکہ آپؐ کیلئے جہتِ بشریّت بھی ثابت ہو جائے اور اگر قرآن مجید میں کہیں بھی آپؐ سے صفاتِ کاملہ کی نفی نہ کی جاتی تو آپؐ کے لئے جہتِ بشریّت کیسے ثابت ہوتی حالانکہ جہتِ بشریّت یا جہتِ عبودیت بھی آپؐ کا ایک کمال ہے اور آپؐ کا کمالِ رسالت اسی جہت سے ہے اور اسی جہت سے آپؐ احکام الٰہیہ اور دیگر شرعی امور کے مکلّف ہیں۔ جہتِ بشریّت سے آپؐ سید البشر خیر البشر اور سیّد المرسلین ہیں لیکن جہتِ حقیقت سے آپؐ نورِ خدا ہیں مگر یاد رہے کہ آنحضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی جہتِ عبودیت یا جہتِ بشریّت بھی نرالی ہے۔ آپؐ کی بشریّت وُہ کہ جسپر

ربوبیت بھی قربان ہو رہی ہے اسلئے جو شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو اپنے جیسا بشر کہے وہ بے ادب بے ایمان اور کافر ہے۔ ارے نورِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو معاذ اللہ ثم معاذ اللہ بشر کہنا تو درکنار اولیاء اللہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے حق میں بھی ایسا گمان کرنا کہ وہ ہم جیسے بشر ہیں ابلیس کا فعل ہے دیکھو! ایسے گستاخوں کے حق میں حضرت مولانا رُوم رحمۃ اللہ علیہ نے کتنی تنبیہ فرمائی ہے ؎

اَے کہ میدانی عزیزاں رابشر ؛ داں کہ میراثِ بلیس است آں نظر

گر نہ فرزندِ بلیسی اے عنید ؛ پس بتو میراثِ آں سگ چوں رسید (مثنوی شریف)

دوسری طرف کج فہم اور ضدّی علمائے ظواہر آپؐ کی جہتِ ربوبیت کا صاف انکار کر رہے ہیں یعنی آپ کو تمام کمالاتِ حقیّ سے مکمّل یا تمام صفاتِ الٰہیّہ کاملہ سے موصوف نہیں مانتے بلکہ اپنے وہم اور زعم کے مطابق آنحضور پُر نور صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی جہتِ بشریت کے ساتھ چند صفات کاملہ الٰہیہ کا جزدی ظہور مانتے ہیں تو حق تعالیٰ نے آپؐ کی جہت بشریّت سے صفاتِ کاملہ کی صاف نفی کردی اور فرمایا۔ اے کج فہمو! تم صفات کاملہ کو آپؐ کی جہتِ بشریّت میں مت تلاش کرو کیونکہ جب تک کوئی ہستی ذاتِ حق میں محو اور مستغرق ہوکر اپنی ہستی سے فانی اور ذاتِ حق سے باقی نہ ہو جائے صفاتِ الٰہیّہ کاملہ سے ہرگز مشرّف نہیں ہوتی اسلئے تم آپؐ کی دوسری جہت جو آپؐ کی ایک علیحدہ ذاتی مستقل دائمی اور قدیمی جہت ہے پر پورا پورا ایمان لے آؤ یعنی جہتِ ربوبیت کو صاف تسلیم کرو اور اس جہت میں دیکھو کہ صفاتِ الٰہیّہ کاملہ کا تجلّی کیسے پوری ٹھاٹھ سے چمکارا مار رہا ہے۔ اِسی جہت سے آپؐ تمام صفات کاملہ الٰہیّہ سے مشرف ہیں۔ لہٰذا اللہ کی حیات آپؐ کی حیات، اللہ کا علم آپؐ کا علم، اللہ کی قدرت آپؐ کی قدرت، اللہ کا ارادہ آپؐ کا ارادہ، اللہ کی سمع آپؐ کی سمع، اللہ کی بصر آپؐ کی بصر اور اللہ کا کلام آپؐ کا کلام ہے ؛

۲- بعض آیات میں حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام سے صفاتِ کاملہ الٰہیّہ کی نفی کر کے آپؐ کی جہتِ بشریت ثابت کی گئی ہے اور بعض آیاتِ بیّنات میں آپؐ کیلئے صفاتِ کاملہ الٰہیّہ کا اثبات کر کے آپؐ کی جہتِ ربُوبیّت ثابت کی گئی ہے تاکہ ثابت ہو جائے کہ آپؐ کے لئے دو جہتیں ہیں اور آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں یعنی ختم المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین رؤف الرحیم حضور نبی کریمؐ نورِ قدیم جناب محمدِ پاک صلے اللہ علیہ و آلہ وسلّم دو رُخہ آئینہ ہیں اور اس قدِ بالا تامّہ اور مصفّا آئینہ کے ایک رُخ میں صفاتِ بشری کا کمال نظر آرہا ہے اور دُوسرے رُخ میں صفاتِ حقّی کا جلوہ پُوری ٹھاٹھ سے چمکارے مار رہا ہے۔ لہٰذا آپؐ حق اور خلق کے درمیان برزخ جامع ہیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَلٰى قَدْرِ نِعَمِهٖ وَاَفْضَالِهٖ ؂

در توحید حضرتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ و برزخ جامع اعنی مقام محمّدی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم (مراۃ العارفین)

فَاعْلَمْ اَيْضًا اَنَّ الْحَقَّ مَبْدَأُ الْكُلِّ وَمَعَادُهٗ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ وَلَا بُدَّ اَنْ يَّكُوْنَ الْكُلُّ فِيْهِ قَبْلَ كَوْنِهٖ وَلَا بُدَّ اَنْ يَّكُوْنَ فِى الْكُلِّ هُوَ اِذْ اَثْبَتَ اَنَّهٗ كَانَ وَلَا شَيْئَ مَعَهٗ وَهُوَ الْاٰنَ كَمَا كَانَ ۝

ترجمہ۔ پس یہ بھی جاننا چاہیئے کہ تحقیق حق کُل کا مَبداء اور معاد ہے اور اُسی کیطرف رجوع کرتا ہے امرِ کُل اور طرف اللہ کی عاقبت امور کی ہے اور ضروری ہے یہ کہ ہو ہر ایک اُس میں پہلے وجود اپنے کے اور ضروری ہے یہ کہ ہو بیچ ہر ایک کے وُہ ذات اور جب ثابت ہُوا کہ تھا اللہ اور نہ تھی ساتھ اُس کے کوئی چیز اور وُہ اب بھی ویسا ہے جیسا کہ تھا ؂

یعنی مثال کے طور پر یُوں تصوّر کیجئے کہ حضرتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ایک موجیں مارنیوالا سمندر ہے اور تمام حوادث مثل موجوں کے ہیں۔ موجیں اور ٹھاٹھیں سمندر سے پیدا ہو رہی ہیں اور سمندر ہی سے دوبارہ مل رہی ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہُوا ہے اَلْمَوْتُ جِسْرٌ يُّوْصِلُ الْحَبِيْبَ اِلَى الْحَبِيْبِ یعنی موت ایک پُل ہے جو دوست کو دوست کیساتھ

ملا دیتی ہے۔ موجیں اور ٹھاٹھیں قبل از ظہور سمندر میں تھیں اور بعد از ظہور سمندر موجوں اور ٹھاٹھوں میں ہے ؎

اے موج زِ آب کے جُدائی داری ❊ دانی او ئی و گر نہ دانی او ئی

(ترجمہ) اُے مَوج حادث تُو عین بحرِ قدیم ہے خواہ تُو جانے یا نہ جانے۔

یعنے حقیقت میں ذات واحد کے سوا دوسرا کوئی موجود نہیں ہے اور یہ کثرت جو دکھائی دیتی ہے فقط وہمی ہے اس کی کوئی علیحدہ حقیقت نہیں بلکہ وہی وجودِ واحد کثرتِ موجودات کی صورت میں جلوہ نما ہے جیسے حضرت شیخ الاکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں سُبحَانَ مَنْ خَلَقَ الْاَشْیَاءَ وَھُوَ عَیْنُھَا یعنی پاک ہے وُہ ذات جس نے پیدا کیا اشیاء کو اور وُہ اُن کا عین ہے پس ثابت ہُوا کہ خارج میں وجودِ حق کے سوا کوئی شَے موجود نہیں ہے اور وحدت وجود کا یہی معنی ہے جو حضرات صوفیائے کرام علیہم الرضوان پر منکشف ہُوا ہے ❊

چنانچہ لوائح جامی قدس سرہ السامی میں ہے کہ عالَم ظاہرِ حق است و حق باطنِ عالَم۔ عالَم پیش از ظہور عینِ حق بود و حق بعد از ظہور عینِ عالَم۔ فی الحقیقت یک حقیقت است وظہور وبطون و اولیّت و آخریّت از نسب و اعتباراتِ او یند ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ ❊

ترجمہ۔ عالَم حق کا ظہور ہے اور حق عالَم کا باطن۔ عالَم قبل از ظہور عینِ حق تھا اور حق بعد از ظہور عینِ عالَم۔ اصل میں ایک حقیقت ہے اور ظہور اور بطون اور اوّلیّت اور آخریّت اس کے نسب اور اعتبارات ہیں۔ وہی اوّل ہے اور وُہی آخر ہے وہی ظاہر ہے اور وہی باطن ہے ❊

اور حضرت شیخ محمّد مُبارک المشہُور ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ جو کہ حضرت غوث الاعظم پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیرِ طریقت ہیں۔ عربی رسالہ تُحْفَۃُ الْمُرْسَلَۃُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ میں ارشاد فرماتے ہیں اِعْلَمُوْا اِخْوَانِیْ اَسْعَدَکُمُ اللّٰہُ وَاِیَّانَا اَنَّ الْحَقَّ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی ھُوَ الْوُجُوْدُ الْمُطْلَقُ وَاَنَّ ذٰلِکَ الْوُجُوْدَ لَیْسَ لَہٗ شَکْلٌ وَلَاحَدٌّ

وَلَاحَصْرَ وَمَعَ هٰذَا ظَهَرَ وَتَجَلّٰی بِالْحَدِّ وَالشَّکْلِ وَلَمْ یَتَغَیَّرْ عَمَّا کَانَ مِنْ عَدَمِ الشَّکْلِ وَعَدَمِ الْحَدِّ بَلِ الْاٰنَ کَمَا کَانَ وَاَنَّ الْوُجُوْدَ وَاحِدٌ وَالْاَلْبَاسَ مُخْتَلِفَةٌ مُتَعَدِّدَةٌ وَاَنَّ ذٰلِكَ الْوُجُوْدَ حَقِیْقَةُ جَمِیْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَبَاطِنُهَا وَاَنَّ جَمِیْعَ الْکَائِنَاتِ حَتَّی الذَّرَّةَ لَا تَخْلُوْا عَنْ ذٰلِكَ الْوُجُوْدِ ؛

یعنی اللہ تعالیٰ تم کو اور ہم کو سعادت بخشے اِس بات کو جان لو کہ حق سبحانہٗ و تعالیٰ وجود ہے اور اِس وجود کیلئے نہ کوئی شکل ہے نہ حد ہے نہ حصر ہے اور باوجود اِس کے حد اور شکل میں ظاہر ہُوا ہے اور تجلّی کیا ہے اور اِس کے بے شکل اور بے حد ہونے میں کچھ فرق نہیں آیا بلکہ اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ ہے یعنی اب بھی وُہ ایسا ہے جیسا کہ تھا؛

اور تحقیق وجود واحد ہے اور اُس کے لباس مختلف اور متعدّد ہیں اور یہ وجود تمام موجودات کی حقیقت اور اُس کا باطن ہے اور تحقیق تمام کائنات حتیٰ کہ ذرّہ بھی اِس وجود سے خالی نہیں ہے چنانچہ حضرت شیخ الاکبر قدس سرہ الاطہر فص نوحیؔ میں فرماتے ہیں ؎

فَاِنْ قُلْتَ بِالتَّنْزِیْهِ کُنْتَ مُقَیِّدًا ؛ وَاِنْ قُلْتَ بِالتَّشْبِیْهِ کُنْتَ مُحَدِّدًا
وَاِنْ کُنْتَ بِالْاَمْرَیْنِ کُنْتَ مُسَدِّدًا ؛ وَکُنْتَ اِمَامًا فِی الْمَعَارِفِ سَیِّدًا

یعنی اگر تو صرف تنزیہہ کا قائل ہے تو تو اس کو قید لگانیوالا ہے اور اگر صرف تشبیہہ کا قائل ہے تو اس کو حد لگانے والا ہے اور اگر تو دونوں امروں کا قائل ہے تو تو مضبوطی والا اور علم معارف کا امام اور سردار ہے؛

اور حضرت قبلہ عالم سیّد مہر علی شاہ صاحب گولڑوی علیہ الرحمۃ اپنے مکتوبات میں مسئلہ ہمہ اوست کی تحقیق میں فرماتے ہیں وَالْحَقُّ هُوَ الْجَمْعُ بَیْنَ التَّنْزِیْهِ کَمَا وَرَدَ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْئٌ وَتَشْبِیْهٍ کَمَا نُصَّ عَلَیْهِ فِی (وَهُوَ الظَّاهِرُ) وَفِیْ حَدِیْثِ الْبُخَارِیْ هُوَ یَتَجَلّٰی هُوَ سُبْحَانَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ صُوْرَةٍ اَنْکَرُوْهَا الخ بمضمونہ اہل بصیرت پر اس سے روز روشن کی طرح ثابت ہُوا کہ ایمان بجمیع ماجاء بہ الرسل علیہم السّلام کیساتھ اس پاک گروہ کو حاصل ہے

جسکو محجوبین بزعم خود ملحد و مشرک و کافر و الکفر سمجھتے ہیں اور فرمایا مشاہدہ بے مثالی تنزیہہ ہے اور مشاہدہ ذوقی یعنی آفاقی و انفسی تشبیہہ ہے اور کمال دونوں کے جمع کرنے سے ہوتا ہے ⁂

اور مکتوبات حضرت خواجہ معین الدین اجمیری علیہ الرحمۃ میں ہے کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پرسید یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مراد کلمہ چیست۔ رسول علیہ السلام فرمود اے عمرؓ مراد لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ این است کہ نیست موجود کسے سوائے ذات واحد و محمد ظہور خدا است یعنی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کلمہ سے کیا مراد ہے۔ رسول علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ اے عمرؓ مراد کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے یہ ہے کہ نہیں موجود کوئی سوائے ذات واحد کے اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہور خدا کا ہیں ⁂

باز عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پرسید یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم گویا وشنوا و دانا و بینا دریں قالب خاکی کیست و چیست۔ پیغامبر علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمود هُوَ الْكَلِيْمُ هُوَ السَّمِيْعُ هُوَ الْبَصِيْرُ یعنی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سوال کیا کہ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اس خاک کے پتلے میں بولنے والا سننے والا جاننے والا اور دیکھنے والا کون ہے اور کیا ہے۔ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ وہی (خدا) بولنے والا ہے وہی سننے والا ہے اور وہی دیکھنے والا ہے۔ عمر رضؓ پرسید یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات خاص حضرتؐ چہ باشد پیغامبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمود اَنَا اَحْمَدٌ بِلَا مِيْم یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آنجنابؐ کی ذات پاک کیا ہے۔ پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اَنَا اَحْمَدٌ بِلَا مِيْم (یعنی میں احمد ہوں بلا میم یعنی احد جل) ⁂

اور فرمایا اے میرے ہمراز قطب الدینؒ یہ نکات پوشیدہ اور راز مخفی تھے جو حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے خلیفہ ہمراز حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تعلیم فرمائے تھے۔ تم کو لکھ دیئے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ تم ان نکات پر اعتبار اور اقرار کرو گے

ہمیں کج فہم یعنی علمائے ظاہری سے کچھ سروکار نہیں۔ اُن کا علاج اللہ تعالیٰ ہی کر سکتا ہے کیونکہ سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کے قبضہ میں ہے لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی چیز حرکت نہیں کر سکتی۔ یہی ہر مسلمان کا اعتقاد ہے اور اسی پر ایمان ہے۔

نیز مِرْاٰۃُ الْعَارِفِین میں سیّد الکونین امام القبلتین سیّد الشہداء امام عالیمقام حضرت امام حُسین پاک علیہ الصّلوٰۃ والسّلام ارشاد فرماتے ہیں فَاَمَّا اللّٰهُ فَهُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ الْفَاعِلَةِ وَالْقَابِلَةِ وَالْحَقِيْقَةِ الْمُسْتَعِدَّةِ لِلْفَاعِلَةِ وَالْقَابِلَةِ فَارْسُمْ فِيْهِمَا دَآئِرَةً اُخْرٰى كَمَا قُلْتُ وَاثْبِتِ الْفَاعِلَةَ فِي الْاَيْمَنِ وَالْقَابِلَةَ فِي الْاَيْسَرِ وَالْحَقِيْقَةَ الْمُسْتَعِدَّةَ لَهُمَا فِي الْبَرْزَخِ كَمَا تَرٰى فَاشْهَدْ هٰكَذَا۔

دَائِرَةُ اللّٰهِ



ترجمہ۔ اور لیکن اللہ سو وُہ شامل ہے اوپر تمام ناموں کے اور صفات فاعلہ اور قابلہ کے اور حقیقت کے جو قوّت رکھنے والی ہے واسطے فاعلہ اور قابلہ کے۔ پس لکھ اس کے نیچ دائرہ دوسرا جیسا کہ مَیں نے کہا ہے اور ثابت رکھ فاعلہ کو نیچ دائیں طرف اور قابلہ کو نیچ بائیں طرف کے اور حقیقت کو جو قوّت رکھنے والی ہے واسطے اِن دونوں کے نیچ برزخ کے جیسا کہ تُو دیکھتا ہے پس لکھ اِس طرح ؂

وضاحت کیلئے یہ مسکین خادم درویشاں وخاکپائے ایشاں دائرۃ اللہ کو ذرا سادہ الفاظ میں پیش کرتا ہے۔

دائرۃ اللہ

قوس حقیّ

برزخ جامع



قوسِ خلقی

جاننا چاہیئے کہ تمام وجود مثل ایک دائرہ کے ہے جو کہ مرکز دائرہ پر نصف میں ایک خط کے گذرنے کے ساتھ دو قوسوں پر منقسم ہے اوپر والی قوس کا نام قوس حقی ہے اور نچلی قوس کا نام قوس خلقی ہے اور دونوں قوسیں ایک ہی دائرہ کی ہیں یعنی حق ہونا اُسی کی شان ہے اور خلق ہونا بھی اُسی کی شان ہے اور وسطانی خط جس نے دائرہ کو دو قوسوں میں تقسیم کر دیا ہے برزخ جامع ہے کیونکہ دونوں قوسوں کو شامل ہے اور حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات ہے جو کہ اوصافِ کمال کیساتھ موصوف اور جلال اور جمال کی جامع اور اللہ بزرگ اور بلند کی صفتوں سے آراستہ اور ذاتِ الٰہی کے نور سے ازلوں اور ابدوں میں مشرف اور ہر کمال حقی اور خلقی پر محیط اور وجود میں ہر فضیلت کو صورت اور معنی حکم اور عین غیب اور شہادت ظاہر اور باطن میں پورے طور پہ حاصل کرنیوالی ہے کیونکہ آنحضرت ختمی مرتبت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم برزخ کُلّی ہیں جو کہ وجودِ قدیم اور حادث کی دونوں طرفوں میں قائم ہے۔ پس آپؐ ذات اور صفات میں دونوں جہتوں کی حقیقت ہیں کیونکہ آپؐ نورِ ذات سے پیدا ہوئے ہیں اور ذات اپنی صفات اور افعال

اور آثار اور مؤثرات کی از رُوئے حکم اور عین کے جامع ہے۔

پس معلوم ہُوا کہ مقامِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم صورت و معنیٰ کے اعتبار سے تمام کمالاتِ الٰہیہ اور کمالاتِ خلقیہ کا جامع ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم حقائقِ حقیہ اور حقائقِ خلقیہ کے مابین برزخ ہیں کیونکہ آپؐ تمام حقیقتوں کی حقیقت ہیں اور آپؐ کے سوا کمالِ حقی اور خلقی کا کوئی جامع نہیں ہے۔ شہیدی صاحب نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شانِ اقدس میں کیا عمدہ کہا ہے ؎

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل ؛ خواص اس برزخِ کبریٰ میں ہیں حرفِ مشدّد کا

بعض لوگ مسئلہ وحدت الوجود کا انکار کرتے ہیں۔ جنابِ سرورِ کائنات رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین حضور نبی کریم نورِ قدیم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا آئینہ تامہ یعنی مظہرِ اتم نہیں تسلیم کرتے بلکہ حضراتِ صوفیائے کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر اتحاد حلول اور صیرورت کا بُہتان رکھتے ہیں۔ سید العارفین سبطِ رسُولِ رب العالمین سید الشہداء نورِ شیرِ خداؓ امام عالیمقام حضرت امام حسین پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیطرف سے تمام اعتراضات کا جواب باصواب سنیئے اپنے ایمان کو تازہ کیجیے اور اپنے آپ کو ورطۂ ہلاکت سے محفوظ رکھیئے اور شہیدِ کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذاتِ بابرکات کو تحفۂ درود سلام سے دم بدم یاد رکھیے ؎

شاہ است حسینؑ و پادشاہ است حسینؑ ؛ دین است حسینؑ و دین پناہ است حسینؑ
سر داد نہ داد دست در دستِ یزید ؛ حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسینؑ (اجمیریؒ)

وَقَالَ الْإِمَامُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَبَيْنَ ذَاتِ الْحَقِّ سُبْحٰنَهٗ وَذَاتِ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ مُضَاهَاةٌ مِنْ جِهَةِ الْكُلِّيِّ وَالْإِجْمَالِيِّ وَكَوْنِ الْأَشْيَآءِ فِيْهِمَا عَلَى الْوَجْهِ الْكُلِّيِّ وَالْإِجْمَالِيِّ وَبَيْنَ عِلْمِ الْحَقِّ وَعِلْمِ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ مُضَاهَاةٌ مِنْ حَيْثُ مَظْهَرِيَّتِهٖ لِتَفْصِيْلِ مَا أُجْمِلَ فَالْإِنْسَانُ الْكَامِلُ مِرْاٰةٌ تَامَّةٌ لِلذَّاتِ بِسَبَبِ هٰذِهِ الْمُضَاهَاةِ

وَالذَّاتُ مُتَجَلِّيَةٌ عَلَيْهِ عَلَى الْوَجْهِ الْكُلِّيِّ وَالْجُمْلِيِّ وَعِلْمُ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ مِرْاٰةٌ لِعِلْمِ الْحَقِّ وَعِلْمُ الْحَقِّ مُتَجَلٍّ عَلَيْهِ وَظَاهِرٌ بِهٖ فَمَا فِي الذَّاتِ مُنْدَرِجٌ عَلَى الْوَجْهِ الْكُلِّيِّ وَالْإِجْمَالِيِّ فَهُوَ فِي الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ مُنْدَرِجٌ عَلٰى ذٰلِكَ الْوَجْهِ وَمَا فِيْ عِلْمِ الْحَقِّ ظَاهِرٌ عَلَى الْوَجْهِ الْجُزْئِيِّ وَالتَّفْصِيْلِيِّ فَهُوَ فِيْ عِلْمِ الْإِنْسَانِ الْكَامِلِ ظَاهِرٌ عَلَى الْوَجْهِ الْجُزْئِيِّ وَالتَّفْصِيْلِيِّ بَلْ عِلْمُهٗ عِلْمُهٗ وَذَاتُهٗ ذَاتُهٗ بِلَا اِتِّحَادٍ مَعَهٗ وَلَا حُلُوْلٍ فِيْهِ وَلَا صَيْرُوْرَتِهٖ هُوَ لِأَنَّهَا مُحَالٌ لِأَنَّ الْإِتِّحَادَ يَحْصُلُ مِنَ الْوُجُوْدَيْنِ وَكَذَا الْحُلُوْلُ وَالصَّيْرُوْرَةُ وَمَا ثَمَّ إِلَّا وُجُوْدٌ وَّاحِدٌ وَالْأَشْيَاءُ مَوْجُوْدَةٌ بِهٖ مَعْدُوْمَةٌ بِنَفْسِهَا فَكَيْفَ يَتَّحِدُ مَنْ هُوَ مَوْجُوْدٌ بِهٖ وَمَعْدُوْمٌ بِنَفْسِهٖ ؁ (مِرْاٰةُ الْعَارِفِيْنَ)

یعنی ذاتِ حق اور ذاتِ انسانِ کامل میں مشابہت ہے بسبب کلیت اور اجمال کے اور بسبب ہونے اشیاء کے اِن دونوں میں بر وجہ کلی اور اجمالی کے اور علم حق اور علم انسانِ کامل میں مشابہت ہے بسبب مظہر ہونے علم کے واسطے تفصیل اُس چیز کے جو مجمل ہے۔ پس انسانِ کامل ذاتِ حق کا آئینہ تامہ ہے بسبب اس مشابہت کے اور ذاتِ حق اُس پر بر وجہ کلی اور جملی متجلی ہے اور علم انسانِ کامل آئینہ ہے واسطے علم حق کے اور علم حق اُس پر متجلی ہے اور اُس میں ظاہر ہے پس جو کچھ ذاتِ حق میں بر وجہ کلی اور اجمالی مُندرج ہے وُہی انسانِ کامل میں بر وجہ کلی اور اجمالی مُندرج ہے اور جو کچھ علم حق میں بر وجہ جُزی اور تفصیلی ظاہر ہے وُہی علم انسانِ کامل میں بر وجہ جزی اور تفصیلی ظاہر ہے بلکہ علم انسان علم حق ہے اور ذاتِ انسان ذاتِ حق ہے سوائے اتحاد کے ساتھ اُس کے اور سوائے حلول کے اُسی میں اور سوائے اُس کے کہ وُہ وُہ ہو جائے اس لئے کہ یہ تینوں امر محال ہیں کیونکہ اتحاد دو وجودوں سے حاصل ہوتا ہے ایسے ہی حلول اور صیرورت بھی دو وجودوں میں پائے جاتے ہیں اور یہاں ایک ہی وجود ہے اور اشیاء اُسی کیساتھ موجود اور بذاتِ خود معدوم ہیں پس کس طرح متحد ہو سکتا ہے وُہ جو اُس کے ساتھ موجود

اور بذاتِ خود معدوم ہے ؎

مثال کے طور پر تمام موجودات کائنات کو ایک کتاب تصوّر کریں اور تمام اشیاء کو اس کتاب کے علیحدہ علیحدہ حروف اور الفاظ تصور کریں جیسا کہ کتاب الف سے لیکر یٰ تک یعنی ساری کی ساری ایک ہی سیاہی سے لکھّی ہوئی ہے اور تمام حروف اور الفاظ کی صورت پر سیاہی ہی جلوہ نما ہے ایسا ہی کتابِ عالم ذاتِ الٰہی والی سیاہی سے لکھّی ہوئی ہے اور تمام اشیاء کی صورت پر حضرتِ حق سبحانہٗ و تعالیٰ متجلّی ہے ؎

جیسا کہ کسی حرف یا لفظ کا وجود سوائے سیاہی کے محال ہے ایسا ہی کسی موجود کا وجود سوائے ذاتِ حق کے محال ہے اور جیسے حروف عین سیاہی ہیں اور سیاہی عین حروف ایسے ہی حوادثاتِ عالم عین حق ہیں اور حق عین حوادثاتِ عالم ؎

اب غور فرمائیے سیاہی کا حروف کے ساتھ اتحاد حلول یا صیرورت کا تعلق نہیں بلکہ سیاہی حروف کی صورت پر متشکل ہے۔ اتحاد حلول اور صیرورت کیلئے دو علیحدہ مستقل وجود چاہیں تاکہ ایک دوسرے کیساتھ متحد ہو یا ایک دوسرے میں حلول کرے یا ایک بدل کر دوسرا بنے اور یہاں صرف ایک ہی وجود ہے یعنی سیاہی کا وجود۔ حروف کا سیاہی کے سوا علیحدہ مستقل ذاتی وجود ہے ہی نہیں بلکہ اُن کا وجود ساتھ سیاہی کے ہے یعنی حروف کا وجود سوائے سیاہی کے ہو ہی نہیں سکتا ؎

حروف اگرچہ موجود ہیں مگر ان کا وجود ساتھ سیاہی کے ہے بذاتِ خود نیست ہیں ایسے ہی اشیاء عالم اگرچہ بظاہر موجود ہیں لیکن اُن کا وجود ساتھ باری تعالیٰ کے ہے۔ بذاتِ خود سب نیست اور معدوم ہیں یعنی اُن کا ذاتِ حق کے سوا اپنا علیحدہ ذاتی مستقل وجود کوئی نہیں ؎

اب کتاب میں بعض حروف سیدھے اور بعض ٹیڑھے ہیں لیکن یاد رکھئے سیدھے ہیں تو حروف ٹیڑھے ہیں تو حروف، سیاہی سیدھے ٹیڑھے ہونے سے منزّا، مقدس

اور معرّا ہے اِن تمام اضافات کی نسبت حروف پر عائد ہوتی ہے نہ کہ سیاہی پر حالانکہ سیاہی ہی تمام حروف کی صورت پر متشکل ہے ؎

اب کسی حرف کو سیاہی کے ساتھ ملنے کا شوق دامنگیر ہو تو وُہ کیا کرے؟ چاہیئے کہ اپنی حقیقت کو شناخت کرے جیسا کہ مخبرِ صادق حضور نبی کریم نورِ قدیم جناب رسولِ پاک صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ یعنی جس نے پہچانا اپنے نفس کو پس تحقیق اُس نے پہچانا اپنے ربّ کو۔ نفس بمعنی ذات یعنی حقیقت ہے۔

اب کوئی حرف اپنی حقیقت شناخت کرنے کے بعد پکار اُٹھے کہ مَیں سیاہی ہُوں تو اِس میں کوئی خطا ہے؟ نہیں! بلکہ اگر وُہ یہ کہے کہ سیاہی سے علیحدہ میرا اپنا ذاتی مستقل وجود ہے تو یہ خطا ہے تو پس حضرت منصور حلّاج علیہ الرحمۃ نے اپنی حقیقت کو شناخت کر کے فرمایا بھائی یہ وجُود میرا وجُود نہیں ہے بلکہ ذاتِ حق کا وجود ہے تو اِس میں کون سی خطا ہے یہ تھی مراد انا الحق سے اُن کی ؎

تو پس تمام موجودات کی صورت پر حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ متجلّی ہے لیکن تجلّی کیا ہے ہر شے کی اِستعداد اور قابلیّت کے مطابق اور حضور نبی کریم نورِ قدیم رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ختم المرسلین جناب محمّد پاک صاحبِ لولاک تاجدارِ انّا ارسلناک صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے آئینہ تامّہ یعنی مظہرِ اَتم ہیں۔ ذرا غور فرمائیے! امام پاک نے اللہ تعالیٰ کو جناب رسُولِ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کے تعیّن خاص میں حصر نہیں فرمایا بلکہ آئینہ تامّہ یعنی مظہرِ اَتم قرار دیا ہے برخلاف یہود اور نصاریٰ کے جنہوں نے وجودِ باری تعالیٰ کو اپنے رسُولوں کے تعیّنات میں حصر کر دیا اور باقی تمام موجودات کائنات کو غیر اللہ ٹھہرایا یہ عقیدہ واقعی شرک اور کفر ہے ؎

اور حدیث شریف لَا تُطْرُوْنِیْ کَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰی عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ (مجھے ایسا نہ اتراؤ جیسا کہ نصاریٰ نے عیسیٰ ابنِ مریمؑ کو اترایا) سے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی مراد واللہ

اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ۔ یہ ہے کہ جیسے قوم نصاریٰ نے عیسیٰ ابنِ مریمؑ کو خدا کہا تم الیسا مت کرو کہ مجھے میری جہت حقیقت کے اعتبار سے خدا کہنے لگو اور میری جہتِ بشریّت کی قطعاً نفی کر دو بلکہ اعتدال کی صورت پر مقامِ تمکین و استقامت میں میری صورت بشری کا بھی اعتقاد رکھو کہ اَنَا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ (مَیں خدا کا بندہ اور اُس کا رسول ہوں) اور میری صورتِ حقّی پر بھی ایمان لاؤ کہ مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَیَ الْحَقَّ (جس نے مجھ کو دیکھا تحقیق اُس نے خدا کو دیکھا)

نیز قومِ نصاریٰ الوہیّت کو عیسیٰ علیہ السّلام میں حصر کرنے کی وجہ سے کافر ہوئے جیسا کہ شیخ الاکبر قدس سرہٗ اِس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ بِاَنْ حَصَرُوا الْاُلُوْھِیَّۃَ فِیْہِ وَقَیَّدُوا الْاِلٰہَ بِتَعَیُّنِہٖ۔ یعنی وہ لوگ کافر ہوئے جو کہتے ہیں کہ اللہ مسیح ابن مریمؑ ہے اسلئے کہ اُنہوں نے الوہیّت کو عیسیٰ علیہ السّلام میں حصر کیا اور اللہ تعالیٰ کو اُس کے تعیّن کے ساتھ مقیّد کر دیا انتہیٰ لیکن عارفِ کامل اللہ تعالیٰ کو تعیّنِ محمّدی صلّی اللہ علیہ وسلّم میں حصر نہیں کرتا بلکہ وُہ کہتا ہے اِنَّہٗ صُوْرَۃُ کُلِّ شَیْئٍ وَّعَیْنُ کُلِّ شَیْئٍ یعنی اللہ تعالیٰ ہر شئے کی صورت اور ہر شئے کا عین ہے (فتوحات باب ۵۰ھ) لیکن صُورتِ محمّدی و حقیقتِ احمدی صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ذاتِ الٰہی و صفاتِ خداوندی کا مظہرِ اتم و مجموعہ کامل مانتا ہے اور اِس مظہریّتِ تامّہ اور جامعیّتِ کاملہ کے باعث اور مرتبہ فنا فی اللہ و بقا باللہ کے ساتھ کماحقّہٗ مشرّف ہونے کے سبب تمام مخلوقات کے علاوہ صرف آں ذات جامع الاسماء والصفات علیہ افضل الصّلوات و اکمل التحیّات کا اِسم اللہ کے ساتھ تسمیہ صحیح جانتا ہے اور یہ خاصۂ آنخلاصۂ موجودات صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہے چنانچہ حضرت شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہٗ ناموسِ اعظم میں فرماتے ہیں لَاخِلَافَ عِنْدَ الْمُحَقِّقِیْنَ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّصِفٌ مُتَحَقِّقٌ بِجَمِیْعِ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی وَالصِّفَاتِ الْعُلْیَا بَالِغٌ فِیْ ذٰلِکَ مِنَ الْکَمَالِ مَبْلَغًا لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ سِوَاہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ۔ یعنی محققین علیہم الرضوان

اِس بات پر متفق ہیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم تمام اسمائے حسنیٰ اور صفات عالیہ کے ساتھ موصوف اور متحقق ہیں اور اِس کمال میں اُس مقام پر پہنچے ہیں جس کا آپؐ کے سوا مخلوقات میں کوئی لائق نہیں ہے اللہ تعالیٰ کا آپؐ پر اور آپؐ کی آل پر اور اصحاب پر دُرود اور سلام ہو۔
ایک دِن قبلۂ کونین و کعبۂ دارین قطب الاقطاب و فرد الاحباب وحیدِ عصر و یکتائے روزگار عالی سرکار جناب غوث الاعظم ثانی ولاثانی مخزنِ علوم سُبحانی و معدنِ فیوضات یزدانی سیّدی مُرشدی و مولائی اعلیحضرت مولانا غلام محمد صاحب قبلہ جلو آنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے رسالہ مرآۃ العارفین کا خلاصہ ایک نقشہ کی صورت میں تیار کیا اور قبلۂ عالمیان جناب قطب الاقطاب حضرت پیر سید قطب علی شاہ صاحب قدس سرہٗ والی پیر محل شریف کی خدمت اقدس میں پیش کیا۔ نقشہ دیکھکر آنجناب قطب الاقطاب رو پڑے اور اپنی زبان دُر فشان سے ارشاد فرمایا "آج کل کے علماء مرآۃ العارفین کا ایک حرف بھی نہیں سمجھ سکتے اور آپ رضؓ ہیں کہ مرآۃ العارفین کا ایک پھول بنا دیا ہے" اور فرمایا "نہج البلاغت کی چھان بین جیسے ہم نے کی ہے کسی نے نہیں کی اور مرآۃ العارفین کی چھان بین جیسے آپ رضؓ نے کی ہے کسی نے نہیں کی"۔
نقشہ خلاصہ مرآۃ العارفین ملاحظہ فرمائیے اور سیّدی مرشدی و مولائی قدسنا اللہ تعالیٰ بسرہٖ المبارک کی ذات بابرکات جامع الصفات کو دعائے خیر سے یاد فرمائیے۔

نقشہ خلاصہ مرآۃ العارفین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



وَاَمَّا الْاِنْسَانُ الْکَامِلُ فَھُوَ نُسْخَۃٌ جَامِعَۃٌ لِجَمِیْعِ النُّسَخِ وَھُوَ الْمُسْتَخْرَجُ وَالْمُسْتَنْبَطُ مِنَ الْکُلِّ وَھُوَ الْجَامِعُ بَیْنَ الْحَقَائِقِ الْاِلٰھِیَّۃِ وَالْکَوْنِیَّۃِ

(ترجمہ) اور لیکن انسان کامل پس وہ کتاب جامع ہے تمام نسخوں کو اور وہ نکالا گیا اور استنباط کیا گیا ہے کل سے اور وہ جامع ہے درمیان حقائق الٰہیہ اور کونیہ کے ؛



پس جو کچھ ذاتِ حق میں مجمل ہے وُہ ذاتِ انسانِ کاملؒ میں مجمل ہے اور جو کچھ علمِ حق میں مفصّل ہے وُہ علمِ انسان میں مفصّل ہے اور جو کچھ قلم میں مجمل ہے وُہ رُوحِ انسان میں مجمل ہے اور جو کچھ لوح میں مفصّل ہے وُہ قلبِ انسان میں مفصّل ہے اور جو کچھ عرش میں مجمل ہے وُہ جسمِ انسان میں مجمل ہے اور جو کچھ کرسی میں مفصّل ہے وُہ نفسِ انسان میں مفصّل ہے فَالْاِنْسَانُ کِتَابٌ جَامِعٌ لِجَمِیْعِ الْکُتُبِ الْاِلٰہِیَّۃِ وَالْکَوْنِیَّۃِ (ترجمہ) پس انسانِ کاملؒ تمام کتبِ الٰہیۃ اور کونیۃ کا جامع ہے۔

آیات متشابہات کی تفسیر

از تفسیر شیخ الاکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اور قَوْلُہٗ تعالیٰ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰہَا فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِکْرٰہَا اِلٰی رَبِّکَ مُنْتَہٰہَا کی تفسیر میں فرمایا اَیْ فِیْ اَیِّ شَیْءٍ اَنْتَ مِنْ عِلْمِہَا وَ ذِکْرِہَا اِنَّمَا اِلٰی رَبِّکَ یَنْتَہِیْ عِلْمُہَا فَاِنَّ مَنْ عَرَفَ الْقِیَامَۃَ ھُوَ الَّذِیْ اَمْحٰی عِلْمُہٗ اَوَّلًا بِعِلْمِہٖ تعالیٰ ثُمَّ فَنِیَتْ ذَاتُہٗ فِیْ ذَاتِہٖ فَکَیْفَ یَعْلَمُہَا وَ لَا عِلْمَ لَہٗ وَلَا ذَاتَ فَمِنْ اَیْنَ اَنْتَ وَ غَیْرُکَ مِنْ عِلْمِہَا بَلْ لَا یَعْلَمُہَا اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ ۞ (النازعات) +

یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا (اے رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم لوگ آپؐ سے سوال کرتے ہیں کہ قیامت کب ہو گی اُس کے ذکر میں آپؐ کس چیز میں ہیں اُس کا انجام آپؐ کے رب کی طرف ہے) یعنی قیامت کے علم اور اُس کے ذکر میں آپؐ کہاں ہیں۔ اُس کا علم خدا ہی کیطرف منتہی ہوتا ہے اِسلیئے کہ جو قیامت کو جانتا ہے وہ پہلے اپنے علم کو اللہ کے علم میں مٹاتا ہے پھر اُس کی ذات خدا کی ذات میں فنا ہو جاتی ہے۔ پس جب نہ اُس کی ذات ہے نہ علم تو وہ قیامت کو کیسے جان سکتا ہے۔ پس قیامت کے علم میں آپؐ اور آپؐ کا غیر کہاں ہیں بلکہ اللہ واحد ہی قیامت کو جانتا ہے۔ ف اِس میں تصریح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی ذات میں فنا ہو کر مرتبہ بقا باللہ میں علمِ الٰہی سے قیامت کیوقت کو جانتے ہیں +

از تفسیر عرائس البیان

اور قولہٗ تعالیٰ وَاخْفِضْ جَنَاحَکَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ کی تفسیر میں فرمایا جَنَاحُ ھِمَّتِکَ اِرْتَفَعَتْ مِنَ الْکَوْنَیْنِ وَ وَصَلَتْ اِلٰی قَابَ قَوْسَیْنِ لِاَنَّہَا اَجْنِحَۃُ اَلُوْہِیَّۃٍ رَبَّانِیَّۃٍ قُیُّوْمِیَّۃٍ اَیْ اِخْفِضْ جَنَاحَ الرَّبُوْبِیَّۃِ الَّتِیْ اتَّصَفَتْ بِہَا لِاَھْلِ الْعُبُوْدِیَّۃِ حَتّٰی یَطِیْرُوْا بِجَنَاحِ نُبُوَّتِکَ اِلٰی مَعَادِنِ رِسَالَتِکَ وَیَجِدُوْنَ بِمُتَابَعَتِکَ وَ ھِمَّتِکَ الْمَقَامَاتِ الشَّرِیْفَۃِ

وَالْوِلَایَاتِ الرَّفِیْعَةَ وَمَعَ ذٰلِكَ لَاتَتَكَلَّمْ مِنْ حَیْثُ اَنْتَ فَاَنْتَ مِنْ حَیْثُ اَنَا وَلٰكِنْ تَكَلَّمْ مَعَھُمْ مِنْ حَیْثُ اَنْتَ فِیْ مَقَامِ الْعُبُوْدِیَّةِ (حجر)

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بازو مومنین کے لئے جھکائیے) یعنی اپنی ہمت کے بازو جو دونوں جہان سے بلند ہو کر قاب قوسین تک پہنچ گئے ہیں کیونکہ وہ بازو الٰہی ربانی قیومی ہیں یعنی ربوبیت کے بازو جس سے آپ متصف ہیں اہل عبودیت کیلئے نیچے کیجئے تاکہ وہ آپ کے بازوئے نبوت سے آپ کے معدن رسالت کی طرف پرواز کریں اور آپ کی متابعت اور ہمت کے ساتھ مقامات شریفہ اور ولایات رفیعہ تک پہنچ جائیں اور باینہمہ آپ اپنی حیثیت سے کلام نہ کریں۔ کیونکہ آپ میری حیثیت سے ہیں لیکن اُن کے ساتھ جس حیثیت سے کہ آپ مقام عبودیت میں ہیں کلام فرمادیں ؎

اور قولہٗ تعالیٰ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ فرمادیں کہ میں تمہاری ہی مثل بشر ہوں لیکن میری طرف وحی آتی ہے) کی تفسیر میں فرمایا۔ اِنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَهٗ زَیَّنَ حَبِیْبَهٗ بِاَنْوَارِ الرُّبُوْبِیَّةِ وَجَعَلَهٗ مُتَّصِفًا بِصِفَاتِهٖ مُتَخَلِّقًا بِخُلُقِهٖ وَكَانَ مِرْاٰةَ الْحَقِّ فِی الْعَالَمِ یَتَجَلّٰی مِنْهُ لِلْعَالَمِیْنَ فَمَنْ كَانَ لَهٗ عَیْنٌ مِّنْ عُیُوْنِ اللّٰہِ مَكْحُوْلَةٌ بِسَنَا ذَاتِهٖ یَنْظُرُ بِھَا اِلَیْهِ وَیَرٰی بِالْحَقِّ فِیْهِ جَمَالَ الْحَقِّ فَكَادَ مِنْ غَلَبَةِ شَوْقِهٖ اِلٰی جَمَالِهٖ اَنْ لَّا یَبْرَحَ لَحْظَةً مِّنْ عِنْدِهٖ وَلَا یَتَفَرَّغَ اِلٰی صُوْرَةِ الْعِبَادَةِ فَاَخْبَرَ اللّٰہُ سُبْحَانَهٗ بِلِسَانِهٖ بِاَنَّهٗ مَخْلُوْقٌ وَاِنْ كَانَ مُتَخَلِّقًا بِخُلُقِهٖ بِقَوْلِهٖ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَمَرَهٗ بِاَنْ یُعَرِّفَھُمْ اِفْرَادَ الْقِدَمِ عَنِ الْحُدُوْثِ بَعْدَ كَوْنِھِمْ فِیْ رُؤْیَةِ عَیْنِ الْجَمْعِ فَلَا یَرْضٰی عَنْھُمْ بِرُؤْیَةِ عَیْنِ الْجَمْعِ بَلْ یَرْضٰی عَنْھُمْ بِرُؤْیَةِ جَمْعِ الْجَمْعِ لِذٰلِكَ قَالَ اِنَّمَآ اِلٰھُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ اَیْ مَنْ نَّظَرَ اِلٰی غَیْرِهٖ وَاِنْ كَانَ مُتَلَبِّسًا بِنُوْرِهٖ مُلْتَبِسًا بِسَنَائِهٖ فَقَدْ اَشْرَكَ فِی التَّوْحِیْدِ لِذٰلِكَ قَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَا تُطْرُوْنِیْ كَمَا اُطْرِیَ

النَّصَارٰی الْمَسِیْحَ (الکہف) ٭

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلّی اللہ علیہ وسلّم کو انوارِ ربوبیت سے سنوارا اور آپ کو اپنی صفات سے متصف اور اپنے اخلاق سے متخلق بنایا اور آپ عالم میں آئینۂ خدا ہیں جس سے اللہ تعالیٰ عالمین کیلئے ظاہر ہوتا ہے۔ پس جس کی آنکھ اللہ تعالیٰ کی آنکھوں سے ہے اور اُس کی ذات کی روشنی سے سُرمگین ہے وُہ اُسی سے اُس کی طرف نگاہ کرتا ہے اور اُس میں حق کیساتھ جمالِ حق کو دیکھتا ہے پس قریب تھا کہ جو آپ کے جمالِ پاک کے عاشق ہیں وُہ ایک لحظہ بھی آپ سے جُدا اور عبادت کیلئے فارغ نہ ہوں اِسلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے قول قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ میں خبر دی کہ آپ مخلوق بھی ہیں اگرچہ خلقِ آلہی کے ساتھ متخلق ہیں اور آپ کو فرمایا کہ اُن کو عین جمع ہونے کے بعد قِدَم کا حدوث سے طاق ہونا سمجھائیں پس اُن کے عین جمع کی رؤیت سے راضی نہ ہوئے بلکہ جمع الجمع یعنی فرق بعد الجمع کی رؤیت سے خوش ہوئے (کیونکہ مقامِ جمع الجمع میں حق اور خلق کی تمیز ہے۔ بخلاف مقامِ جمع کے کہ اِس میں بوجہ غلبۂ وحدت حق اور خلق کی تمیز نہیں رہتی) اسلئے فرمایا اِنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ یعنی تمہارا فقط ایک معبود ہے یعنی جس نے غیر کو دیکھا اگرچہ وُہ نورِ الٰہی سے ملبوس ہو اُس نے توحید میں شرک کیا اسی لئے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ مجھ کو ایسا نہ بڑھاؤ جیسے نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السّلام کو بڑھایا ٭

اور قولہ تعالیٰ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ (تحقیق آپ بھی مرنے والے ہیں اور وُہ بھی مرنے والے ہیں) کی تفسیر میں فرمایا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَ مَوْتِ حَبِيْبِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ مَوْتِ غَيْرِهٖ فِيْ مَضْمُوْنِ الْخِطَابِ وَمَظِنَّةِ الْاِشَارَةِ اَيْ اِنَّكَ مَيِّتٌ عِنْدَ صَعَقَاتِ سَطَوَاتِ تَجَلِّيْ اٰهِلِيَّاتِيْ حَيْثُ تَفْنٰى فِيْ ضَبَابِ عِصْمَتِيْ عِنْدَ ظُهُوْرِ اَنْوَارِ كِبْرِيَائِيْ حَتّٰى لَا تُحَاسَبُ عَنْ وُجُوْدِكَ فِيْ ظُهُوْرِ وُجُوْدِيْ لَكَ فَاِنَّ الْحَادِثَ اِذَا قُوْرِنَ بِالْقَدِيْمِ زَالَ الْحَادِثُ وَبَقِيَ الْقَدِيْمُ وَاِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ بِنَزْعِ الْاَرْوَاحِ (و

قَالَ) وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّكَ مَيِّتٌ عَنْ بَشَرِيَّتِكَ بِاطِّلَاعِ بَرَكَاتِ الْحَقِّ عَلَيْكَ وَقِيْلَ اِنَّكَ مَيِّتٌ عَنْ رُؤْيَةِ الْاَكْوَانِ بِمَا فِيْهَا بِمُشَاهَدَةِ الْمُكَوِّنِ (زمر)

یعنی اس آیت کے مضمونِ خطاب میں اشارتاً اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے غیر کی موت میں فرق بیان فرمایا ہے یعنی آپ میری تجلیات ازلی کے غلبات کی مستیوں سے میت ہیں کیونکہ آپ میری عصمت کے بادلوں میں میری عظمت کے انوار ظاہر ہونے کے وقت فانی ہیں اسلئے کہ جب حادث قدیم کے قریب ہوتا ہے تو حادث زائل ہوکر قدیم باقی رہ جاتا ہے اور وہ یعنی آپ کے غیر رُوحوں کے دم توڑنے سے میت ہیں (اور فرمایا) بعض عارفوں نے کہا ہے کہ آپ اپنی بشریت سے میت ہیں اسلئے کہ اپنی ذات پر خدا کی برکتوں سے مطلع ہیں۔ نیز عارفین کا قول ہے کہ آپ اکوان کی رؤیت سے اُس میں مشاہدۂ مکوّن کی وجہ سے میت ہیں۔ ف۔ اس سے ثابت ہُوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت سے آپ کا صفاتِ بشریت سے فانی ہونا مراد ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام زندہ ہیں جیسا کہ مشکوٰۃ شریف کے باب الجمعہ میں حدیث شریف موجود ہے اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ فَنَبِيُّ اللّٰهِ حَيٌّ يُرْزَقُ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ) یعنی اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء علیہم السلام کے اجسام کا کھانا حرام کردیا ہے پس خدا کے نبی زندہ ہیں اور روزی دیئے جاتے ہیں اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

اور قولہٗ تعالیٰ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ جان لیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور اپنی لغزش کی معافی مانگیں) کے تحت میں فرمایا اَلَيْسَ رُوْحُ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُوْرًا مِنْ نُوْرِ عِلْمِهٖ وَجَعَلَهٗ عَالِمًا بِعِلْمِهٖ وَمُتَّصِفًا بِصِفَتِهٖ فَلَمَّا بَاشَرَ ذٰلِكَ النُّوْرُ نُوْرَ رُوْحِهٖ وَتَجَلَّى الْحَقُّ لِسِرِّهٖ مِنْ عَيْنِ عِلْمِهٖ صَارَ عَالِمًا بِعِلْمِ الْحَقِّ عَلَى الْحَقِّ (وَقَالَ) وَ

اُسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ اَیْ مِنْ وُجُوْدِكَ فِیْ مُطَالِعَتِیْ وَوُجُوْدِ جَلَالِیْ فَاِنَّ بَقَاءَ وُجُوْدِ الْحَدَثِ فِیْ بَقَاءِ الْحَقِّ اَعْظَمُ الذُّنُوْبِ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ÷

یعنی اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے رُوحِ مقدس کو اپنے نورِ علم سے نور عطا فرمایا اور اپنے علم کیساتھ آپؐ کو عالم اور اپنی صفت کیساتھ موصوف بنایا۔ پس جب وُہ نور آپؐ کے رُوح کے نُور سے ملا اور اللہ تعالیٰ اپنے عین علم سے آپؐ کے باطن میں ظاہر ہُوا تو آپؐ نے علمِ الٰہی سے اللہ تعالیٰ کو جان لیا (اور فرمایا) اَے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خطا سے معافی طلب کریں یعنی میری ذات اور میرے وجودِ جلال کے مشاہدہ میں اپنی ہستی سے استغفار کریں اِسلئے کہ بقائے حق میں وجودِ حادث کا باقی ہونا تمام گناہوں سے بڑا گناہ ہے ÷

اور قولہ تعالیٰ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰی (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپؐ کو حیران پایا پس راہ دکھائی) کی تفسیر میں فرمایا وَوَجَدَكَ مُتَحَيِّرًا عَنْ اِدْرَاكِ حَقِيْقَتِنَا فَكَحَلْنَاكَ بِكُحْلِ اَنْوَارِ رُبُوْبِيَّتِنَا اَدْرَكْتَنَا بِنَا (الضحیٰ) ÷

یعنی ہم نے آپؐ کو اپنی حقیقت کے ادراک میں متحیر پایا تو آپؐ کی آنکھوں میں اپنی رُبوبیت کے انوار کا سُرمہ لگایا حتیٰ کہ آپؐ نے ہمارے ساتھ ہماری ذات کا ادراک کیا ÷

از تفسیر رُوح البیان

اور آیۂ ذیل کی تفسیر میں فرمایا قولہٗ تعالیٰ (وَلَا اَعْلَمُ الْغَيْبَ) فَاِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخْبِرُ عَمَّا مَضٰى وَعَمَّا سَيَكُوْنُ بِاِعْلَامِ الْحَقِّ وَقَدْ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ (قَطَرَاتٌ فِیْ حَلْقِیْ قَطْرَةٌ عَلِمْتُ مَا كَانَ وَمَا سَيَكُوْنُ) فَمَنْ قَالَ اِنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ فَقَدْ اَخْطَأَ فِيْمَا اَصَابَ (وَلَا اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّیْ مَلَكٌ) وَاِنْ كُنْتُ قَدْ عَبَرْتُ عَنْ مَقَامِ الْمَلَكِ حِيْنَ قُلْتُ لِجِبْرَائِيْلَ تَقَدَّمْ فَقَالَ لَوْ دَنَوْتُ اَنْمُلَةً لَاحْتَرَقْتُ (العام) ÷

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپؐ فرماویں کہ میں تم سے یہ نہیں

کہنا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کو جانتا ہوں) کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلام الٰہی سے گذشتہ اور آئندہ کی خبریں دی ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ معراج کی رات میرے حلق میں ایک قطرہ ڈالا گیا اور میں نے جو کچھ ہو چکا ہے اور جو آئندہ ہوگا سب جان لیا۔ پس جس نے کہا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم غیب کو نہیں جانتے اُس نے خطا کی اُس چیز میں جس چیز میں پہنچا۔ اور فرمایا (نہ میں تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں) حالانکہ فرشتے کے مقام سے آگے گذر گیا ہوں کیونکہ جب میں نے معراج میں جبرئیل علیہ السلام سے کہا کہ آگے چلو تو اُس نے جواب دیا کہ اگر میں انگلی کے برابر نزدیک ہوں تو جل جاؤں گا۔

اور قولہ تعالیٰ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ (میں پیروی نہیں کرتا مگر اُس چیز کی جو میری طرف وحی کی گئی ہے آپ فرماویں کیا اندھا اور بینا برابر ہیں) کی تفسیر میں فرمایا یعنی لَا اُخْبِرُکُمْ عَنْ مَقَامَاتِیْ وَاَحْوَالِیْ مِمَّالِیْ مَعَ اللّٰهِ وَقَدْ لَا یَسَعُنِیْ فِیْهِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ اِلَّا عَمَّا یُوْحٰی اِلَیَّ اَنْ اُخْبِرَکُمْ وَکَیْفَ اُخْبِرُکُمْ عَمَّا اَعْمَی اللّٰهُ بَصَائِرَکُمْ عَنْهُ وَاَنَا بِهٖ بَصِیْرٌ فَلَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ (انعام)۔

یعنی میں تم کو اپنے اُن مقامات اور احوال کی جو میرے لئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہیں جن میں فرشتہ مقرب اور نبی مُرسل نہیں سما سکتا خبر نہیں دیتا ہوں مگر اس چیز کی جس کی تم کو خبر دینے کے لئے مجھے وحی ہوئی ہے اور میں تم کو اُس شے کی کیسے خبر دے سکتا ہوں جس سے خدا نے تمہاری آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے اور میں اُسے دیکھتا ہوں۔ پس اندھا اور دیکھنے والا برابر نہیں ہیں۔

اور قولہ تعالیٰ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰهَا الخ (لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ قیامت کب ہوگی) کے تحت میں فرمایا قَدْ ذَهَبَ بَعْضُ الْمَشَائِخِ اِلٰی اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَعْرِفُ وَقْتَ السَّاعَةِ بِاِعْلَامِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَهُوَ لَا یُنَافِی الْحَصْرَ فِی

الْاٰيَةِ كَمَا لَا يَخْفٰى۔ وَفِیْ صَحِیْحِ مُسْلِمٍ عَنْ حُذَیْفَةَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَا هُوَ كَائِنٌ اِلٰی اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ (اعراف)

یعنی بعض مشائخ علیہم الرضوان اِس طرف گئے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کا وقت بھی اعلامِ الٰہی سے جانتے ہیں اور اُن کا کلام اِس آیت کے حصر کے خلاف نہیں ہے جیسا کہ مخفی نہیں۔ اور صحیح مسلم میں حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سب چیزوں کی خبر دی جو قیامت تک ہونیوالی ہیں۔

اور قولہٗ تعالیٰ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ (اللہ وہ ہے جس نے تم کو نفس واحد سے پیدا کیا) کے تحت میں فرمایا هُوَ اٰدَمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَكَمَا اَنَّ النُّفُوْسَ خُلِقَتْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ هِیَ نَفْسُ اٰدَمَ فَكَذَا الْاَرْوَاحُ خُلِقَتْ مِنْ رُوْحٍ وَّاحِدٍ هُوَ رُوْحُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ هُوَ اَبَا الْاَرْوَاحِ كَمَا كَانَ اٰدَمُ اَبَا الْبَشَرِ لِقَوْلِهٖ عَلَیْهِ السَّلَامُ (اِنَّمَا اَنَا لَكُمْ كَالْوَالِدِ لِوَلَدِهٖ) وَقَوْلِهٖ (اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ رُوْحِیْ) ۔

گر بصورت من ز آدم زادہ ام ! من بمعنیٰ جد جد افتادہ ام (اعراف)

یعنی نفس واحد آدم علیہ السلام ہیں پس جیسا کہ تمام نفوس نفس واحد سے پیدا ہوئے ہیں اور وہ نفس آدم علیہ السلام ہے ایسے ہی تمام ارواح روح واحد سے پیدا ہوئے ہیں اور وہ روح محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم ابو الارواح ہیں جیسا کہ آدم علیہ السلام ابو البشر ہیں چنانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں تمہارے لئے ایسا ہوں جیسے باپ بیٹے کیلئے اور فرمایا سب سے پہلے جو چیز خدا نے پیدا کی وہ میری روح ہے ۔ اگرچہ ظاہر میں میں آدم علیہ السلام کی اولاد سے ہوں لیکن درحقیقت میں جد کی جد ہوں۔

اور قولہٗ تعالیٰ لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ (نہیں جانتا اُن کو مگر اللہ) کے تحت میں فرمایا یَقُوْلُ الْفَقِیْرُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اَعْلَمَ حَبِیْبَهٗ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَیْلَةَ الْمِعْرَاجِ جَمِیْعَ مَا كَانَ

وَمَا سَيَكُوْنُ وَهُوَ لَا يُنَافِي الْحَصْرَ فِي الْاٰيَةِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى فِيْ اٰيَةٍ اُخْرٰى (فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ) يَعْنِيْ بِهٖ جَنَابَهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ (ابراهیم)*

یعنی فقیر کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کی رات تمام مَا کَانَ وَمَا سَیَکُوْنُ (جو ہو چکا ہے اور جو ہو گا) کا علم عطا فرما دیا اور یہ آیت میں حصر کے منافی نہیں ہے اسلیئے کہ اللہ تعالیٰ نے دوسری آیت میں فرمایا ہے کہ وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا ہاں مگر اپنے برگزیدہ رسول کو اور اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں*

اور قولہ تعالیٰ مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ (یعنی کفار نے کہا یہ تمہاری ہی مثل ایک بشر ہے یہ وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو) کے تحت میں فرمایا قَالَ حَضْرَةُ الشَّيْخِ الشَّهِيْرُ بِاُفْتَادَهْ اَفَنْدِيْ قُدِّسَ سِرُّهٗ كَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَبِيْتُ عِنْدَ رَبِّهٖ فَيُطْعِمُهٗ وَيَسْقِيْهِ مِنْ تَجَلِّيَاتِهِ الْمُتَنَوِّعَةِ وَاِنَّمَا اَكْلُهٗ فِي الظَّاهِرِ لِاَجْلِ اُمَّتِهِ الضَّعِيْفَةِ وَاِلَّا فَلَا اِحْتِيَاجَ لَهٗ اِلَى الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَمَا رُوِيَ مِنْ اَنَّهٗ كَانَ يَشُدُّ الْحَجَرَ فَهُوَ لَيْسَ مِنَ الْجُوْعِ بَلْ مِنْ كَمَالِ لَطَافَتِهٖ لِئَلَّا يَصْعَدَ اِلَى الْمَلَكُوْتِ بَلْ يَسْتَقِرَّ فِي الْمُلْكِ لِلْاِرْشَادِ (مومنین)*

یعنی حضرت شیخ افتادہ آفندی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے رب کے پاس رات گزارتے تھے اور اللہ تعالیٰ آپؐ کو اپنی قسم قسم کی تجلیات سے کھلاتا اور پلاتا تھا اور آپؐ کا ظاہر میں کھانا پینا صرف امتِ ضعیفہ کی خاطر تھا ورنہ آپؐ کو کھانے پینے کی حاجت نہ تھی اور جو مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیٹ پر پتھر باندھتے تھے وہ بھوک کی وجہ سے نہیں بلکہ کمالِ لطافت کی وجہ سے تھا تاکہ ایسا نہ ہو کہ آپؐ ملکوت کی طرف صعود کر جائیں بلکہ آپؐ چاہتے تھے کہ عالمِ ملک میں ارشاد و ہدایتِ خلق کیلئے قائم رہیں۔

فؔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیٹ پر پتھر باندھنے کے متعلق علمائے ظاہر و علمائے باللہ میں کتنا فرق ہے ؎ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا۔ سچ ہے ؎

نگر ہر کس بقدر ہمت اوست ⁂

اور قولہٗ تعالیٰ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ (پس آپ جان لیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنی لغزش کی معافی مانگیں اور مومن مردوں اور عورتوں کیلئے بھی) کی تفسیر میں فرمایا قَالَ بَعْضُ الْكِبَارِ اَلذَّنْبُ الْمُضَافُ اِلَى الرَّسُوْلِ الْاَكْرَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ مَا اُشِيْرَ اِلَيْهِ فِيْ قَوْلِهٖ فَاعْلَمْ وَلَا يَفْهَمُهٗ اِلَّا اَهْلُ الْاِشَارَةِ۔ يَقُوْلُ الْفَقِيْرُ لَعَلَّهٗ ذَنْبُ نِسْبَةِ الْعِلْمِ اِلَيْهِ فِيْ مَرْتَبَةِ الْفَرْقِ اِذْ هُوَ الْحَقُّ فِيْ مَرْتَبَةِ الْجَمْعِ وَلِذَا قِيْلَ لِيْ فِي الرَّوْضَةِ الْمُنِيْفَةِ عِنْدَ رَأْسِهِ الشَّرِيْفِ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا تَجُوْزُ السَّجْدَةُ لِمَخْلُوْقٍ اِلَّا لِبَاطِنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ الْحَقُّ۔ وَالذَّنْبُ الْمُضَافُ اِلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ هُوَ قُصُوْرُهُمْ فِيْ عِلْمِ التَّوْحِيْدِ بِالنِّسْبَةِ اِلَى النَّبِيِّ الْمُحْتَرَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ⁂

یعنی بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جو لغزش منسوب ہے اُس کیطرف اللہ تعالیٰ نے اپنے قول فَاعْلَمْ میں اشارہ فرمایا ہے اور اسے اہلِ اشارت ہی سمجھتے ہیں۔ فقیر کہتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نسبتِ علم کی لغزش مرتبۂ فرق میں ہے کیونکہ آپ مرتبۂ جمع میں عینِ حق ہیں اور اسی لئے مجھے روضۂ اقدس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سرِ مبارک کے نزدیک کہا گیا کہ کسی مخلوق کو سجدہ جائز نہیں ہے مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے باطن کو سجدہ کرنا روا ہے کیونکہ آپ باطن میں حق ہیں۔ اور جو گناہ مومن مردوں اور عورتوں کیطرف منسوب ہے وُہ عِلم توحید میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بہ نسبت اُن کا قصور ہے ⁂

اور قولہٗ تعالیٰ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا الخ (بے شک ہم نے آپ کو ظاہر فتح دی تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کی اگلی اور پچھلی لغزشیں معاف کرے) کی تفسیر میں فرمایا فِي التَّاوِيْلَاتِ النَّجْمِيَّةِ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا يُشِيْرُ اِلٰى فَتْحِ بَابِ قَلْبِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلٰى حَضْرَتِ

رُبُوبِيَّتِهٖ بِتَجَلِّیٖ صِفَاتِ جَمَالِهٖ وَجَلَالِهٖ وَ فَتَحَ مَا انْغَلَقَ عَلٰی جَمِیْعِ الْقُلُوْبِ لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ اَیْ یَسْتُرَ لَکَ بِاَنْوَارِ جَلَالِهٖ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِ وُجُوْدِکَ مِنْ بَدْءِ خَلْقِ رُوْحِکَ وَهُوَ اَوَّلُ شَیْئٍ تَعَلَّقَتْ بِهِ الْقُدْرَۃُ کَمَا قَالَ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ رُوْحِیْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ نُوْرِیْ وَمَا تَاَخَّرَ اَیْ مِنْ ذَنْبِ وُجُوْدِکَ اِلَی الْاَبَدِ وَذَنْبُ الْوُجُوْدِ هُوَ الشِّرْکَۃُ فِی الْوُجُوْدِ وَغُفْرُہٗ سَتْرُہٗ بِنُوْرِ الْوَحْدَۃِ لِمَحْوِ اٰثَارِ الْاِثْنَیْنِیَّۃِ اِنْتَهٰی (فتح)٭

یعنی تاویلاتِ نجمیہ میں ہے کہ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا (اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلّم ہم نے آپ کو ظاہر فتح دی) اِسطرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفاتِ جمالی و جلالی کے ظہور سے حضرتِ ربوبیّت کیطرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کا دروازہ کھول دیا جو دوسرے تمام دلوں پر بند ہے۔ لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ (تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے اگلے گناہ بخش دے) یعنی اپنے انوارِ جلال سے آپ کے وجود کے اگلے گناہ کو ڈھانپ لے اور وہ آپ کے رُوح کی پیدائش ہے کہ جس پر سب سے پہلے قدرت جاری ہوئی ہے جیسا کہ فرمایا سب سے پہلے جو چیز خدا نے پیدا کی وہ میری رُوح ہے اور ایک روایت میں ہے کہ سب سے پہلے خدا نے میرا نور پیدا کیا وَمَا تَاَخَّرَ (اور تاکہ پچھلا گناہ بخش دے) یعنی ابدتک آپ کے وجود کی خطا معاف کر دے اور وُجود کا گناہ وجودِ حق میں شریک ہونا ہے اور اُس کا بخش دینا دویانگی کے آثار کو مٹا کر نورِ وحدت میں چھپاتا ہے۔ انتہیٰ٭

اور قولہٗ تعالیٰ قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِکُ لَکُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا (اے حبیب صلّی اللہ علیہ وسلم آپ فرمادیں کہ مَیں تمہارے لئے بُرائی اور بھلائی کا اختیار نہیں رکھتا) کی تفسیر میں فرمایا فِی التَّاوِیْلَاتِ النَّجْمِیَّۃِ اَیْ مِنْ حَیْثُ وُجُوْدِ الْمُضَافِ اِلَیْهِ کَمَا قَالَ اِنَّکَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَاَمَّا مِنْ حَیْثُ وُجُوْدِهِ الْحَقِّ الْمُطْلَقِ فَاِنَّهٗ یَمْلِکُ الضَّرَرَ

وَالرَّشَدَ كَقَوْلِهٖ وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (جن)

یعنی تاویلاتِ نجمیہ میں ہے کہ یہ باعتبار اُس وجود کے ہے جو آپؐ کی طرف منسوب ہے جیسا کہ فرمایا اِنَّكَ لَاتَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ (آپؐ ہدایت نہیں کر سکتے جسے چاہیں) (قصص) لیکن باعتبار اپنے وجودِ حق مطلق کے آپؐ برائی اور بھلائی کے مالک ہیں جیسا کہ سورہ شوریٰ میں فرمایا اِنَّكَ لَتَهْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ (بے شک آپؐ صراطِ مستقیم کیطرف ہدایت کرتے ہیں) ف: اس میں تصریح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ظاہر میں وجود بشری اور باطن میں وجود حقی ہے۔

اور قولہٗ تعالیٰ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی (اور آپؐ کو فقیر پایا پس غنی کر دیا) کی تفسیر میں فرمایا فِی التَّاوِیْلَاتِ النَّجْمِیَّةِ اَیْ فَقِیْرًا فَانِیًا عَنْ اَنِیَّتِكَ وَاَنَانِیَّتِكَ بِحَسْبِ اِسْتِعْدَادِكَ الْقَدِیْمِ فَاَغْنٰی بِالْبَقَاءِ بِوُجُوْدِهٖ وَجُوْدِهٖ وَاَسْمَائِهٖ وَصِفَاتِهٖ اِنْتَهٰی فَالْفَقْرُ الْحَقِیْقِیُّ هُوَ التَّخَلِّیْ عَمَّا سِوَی اللّٰهِ وَبَذْلُ الْوُجُوْدِ وَمَا یَتْبَعُهٗ وَهُوَ الَّذِیْ وَقَعَ الْاِفْتِخَارُ بِهٖ (الضحیٰ)

یعنی تاویلاتِ نجمیہ میں ہے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو استعدادِ قدیم کے موافق اپنی انیت اور انانیت سے فقیر اور فانی پایا۔ پس آپؐ کو اپنے وجود اور جود اور اسماء اور صفات کیساتھ بقا سے غنی کر دیا انتہیٰ پس فقر حقیقی ماسوی اللہ سے خالی ہونا اور وجود اور اُس کے توابع کو (اللہ تعالیٰ پر) قربان کر دینا ہے اور یہی وہ فقر ہے جس کیساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فخر کیا ہے۔

از فتوحاتُ المکیّہ

اور فتوحات کے جز ثانی باب ۷۳ میں صـ ۱۳۸ پر فرمایا كَمَا قِیْلَ لَهٗ فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ مِّمَّا اَنْزَلْنَا اِلَیْكَ فَاسْاَلِ الَّذِیْنَ یَقْرَءُوْنَ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكَ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّهٗ لَیْسَ فِیْ شَكٍّ فَالْمَقْصُوْدُ مَنْ هُوَ فِیْ شَكٍّ مِّنَ الْاُمَّةِ وَكَذٰلِكَ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَقَدْ عَلِمَ اَنَّهٗ لَایُشْرِكُ فَالْمَقْصُوْدُ مَنْ اَشْرَكَ فَهٰذِهٖ صِفَتُهٗ فَكَذٰلِكَ قِیْلَ لَهٗ لِیَغْفِرَ لَكَ

اللهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَهُوَ مَعْصُوْمٌ مِنَ الذُّنُوْبِ وَهُوَ الْمُخَاطَبُ بِالْمَغْفِرَةِ وَالْمَقْصُوْدُ مَنْ تَقَدَّمَ مِنْ اٰدَمَ اِلٰى زَمَانِهٖ وَمَا تَأَخَّرَ مِنَ الْاُمَّةِ مِنْ زَمَانِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَاِنَّ الْكُلَّ اُمَّتُهٗ فَاِنَّهٗ مَا مِنْ اُمَّةٍ اِلَّا وَهِيَ تَحْتَ شَرْعٍ مِنَ اللّٰهِ وَقَدْ قَرَّرْنَا اَنَّ ذٰلِكَ هُوَ شَرْعُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِسْمِهِ الْبَاطِنِ حَيْثُ كَانَ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ وَهُوَ سَيِّدُ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ فَاِنَّهٗ سَيِّدُ النَّاسِ وَهُمْ مِنَ النَّاسِ وَمِمَّنْ تَقَدَّمَ تَقْرِيْرُ هٰذَا كُلِّهٖ فَبَشَّرَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهٖ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ بِعُمُوْمِ رِسَالَتِهٖ اِلَى النَّاسِ كَآفَّةً وَكَذٰلِكَ قَالَ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ اِلَى النَّاسِ كَآفَّةً وَّمَا يَلْزَمُ النَّاسَ رُؤْيَةُ شَخْصِهٖ فَكَمَا وَجَّهَ فِيْ زَمَانِ ظُهُوْرِ جِسْمِهٖ رَسُوْلَهٗ عَلِيًّا وَمُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ لِتَبْلِيْغِ الدَّعْوَةِ كَذٰلِكَ وَجَّهَ الرُّسُلَ وَالْاَنْبِيَاءَ اِلٰى اُمَمِهِمْ مِنْ حِيْنِ كَانَ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ فَدَعَا الْكُلَّ اِلَى اللّٰهِ فَالنَّاسُ اُمَّتُهٗ مِنْ اٰدَمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَبَشَّرَهُ اللّٰهُ بِالْمَغْفِرَةِ لِمَا تَقَدَّمَ مِنْ ذُنُوْبِ النَّاسِ وَمَا تَأَخَّرَ مِنْهُمْ فَكَانَ هُوَ الْمُخَاطَبُ وَالْمَقْصُوْدُ النَّاسُ فَيَغْفِرُ اللّٰهُ لِلْكُلِّ وَيُسْعِدُهُمْ وَهُوَ اللَّائِقُ بِعُمُوْمِ رَحْمَتِهِ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَبِعُمُوْمِ مَرْتَبَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ بُعِثَ اِلَى النَّاسِ كَآفَّةً بِالنَّصِّ وَلَمْ يَقُلْ اَرْسَلْنٰكَ اِلٰى هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَاصَّةً وَّلَا اِلٰى اَهْلِ هٰذَا الزَّمَانِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ خَاصَّةً وَاِنَّمَا اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ مُرْسَلٌ اِلَى النَّاسِ كَآفَّةً وَّالنَّاسُ مِنْ اٰدَمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَهُمُ الْمَقْصُوْدُوْنَ بِخِطَابِ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ لِمَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبٍ وَّمَا تَأَخَّرَ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ لٰكِنْ ثَمَّ مَغْفِرَةٌ فِي الدُّنْيَا وَثَمَّ مَغْفِرَةٌ فِي الْقَبْرِ وَثَمَّ مَغْفِرَةٌ فِي الْحَشْرِ وَثَمَّ مَغْفِرَةٌ فِي النَّارِ بِخُرُوْجٍ مِنْهَا وَبِغَيْرِ خُرُوْجٍ لٰكِنْ يُسْتَرُ عَنِ الْعَذَابِ اَنْ يَّصِلَ اِلَيْهِ بِمَا يَجْعَلُ لَهٗ مِنَ النَّعِيْمِ فِي النَّارِ مِمَّا يَسْتَعْذِبُهٗ فَهُوَ عَذَابٌ بِلَا اَلِيْمٍ ۞

یعنی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے فَاِنْ كُنْتَ مِنْ شَكٍّ الخ (یونس) اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ کو اس میں شک ہے جو ہم نے آپ پر نازل کیا ہے تو اُن سے پوچھ لیجئے جو آپ سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں اور یہ ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہرگز شک نہیں ہے۔ پس اس سے وہ شخص مراد ہے جو آپ کی اُمت سے شک میں ہے اور ایسے ہی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ (زمر) یعنی اگر تو نے شرک کیا تو تیرے عمل ضائع ہو جائیں گے اور یہ ہر ایک جانتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شرک سے پاک ہیں مقصود یہ ہے کہ جو شرک کرے یہ اُس کی صفت ہے۔ پس اسی طرح اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ (فتح) یعنی تاکہ اللہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ بخش دے حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گناہوں سے پاک ہیں۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مغفرت کے ساتھ خطاب کئے گئے ہیں اور ما تقدم سے آدم علیہ السلام سے لے کر آپ کے زمانہ تک اور ما تاخر سے آپ کے زمانہ سے لے کر قیامت تک آپ کی اُمت مراد ہے کیونکہ تمام آپ کی اُمت ہیں اسلئے کہ ہر اُمت شرع الٰہی کے ماتحت ہے اور ہم ثابت کر چکے ہیں کہ وہ اسم باطن کے اعتبار سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت ہے کیونکہ آپ اُسوقت نبی تھے جب آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے اور آپ سید الانبیاء والمرسلین ہیں کیونکہ آپ سید الناس ہیں اور انبیاء بھی انسانوں میں سے ہیں اور یہ پہلے ثابت ہو چکا ہے پس اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے قول لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ میں تمام لوگوں کیطرف آپ کی رسالت عام ہونے کی بشارت دی ہے اور ایسے ہی فرمایا وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ یعنی ہم نے آپ کو تمام لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا ہے اور لوگوں کو آپ کے وجودِ مبارک کا دیکھنا ضروری نہیں ہے پس جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ظہورِ جسمانی کے زمانہ میں حضرت علی اور معاذ رضی اللہ عنہما کو یمن کیطرف دعوت اسلام کی تبلیغ کے واسطے متوجہ فرمایا ایسے ہی رسولوں اور

نبیوں کو اُن کی اُمّتوں کی طرف اُسوقت متوجّہ فرمایا۔ جب کہ آپؐ نبی تھے اور آدم علیہ السّلام
پانی اور مٹی کے درمیان تھا۔ پس آپؐ نے کل مخلوق کو خدا کی طرف دعوت دی اور تمام لوگ
آدم علیہ السّلام سے لے کر قیامت تک آپ کی اُمّت ہیں سو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو تمام
لوگوں کے اگلے اور پچھلے گناہوں کی مغفرت کی خوشخبری دی ہے۔ پس آپؐ مخاطب ہیں
اور لوگ مُراد ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ سب کو بخش دیگا اور اُن کو سعید کریگا اور یہ اللہ تعالیٰ کی عام
رحمت کے جو ہر شئے کو وسیع ہے اور محمّد پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کی عام منزلت کے لائق ہے۔
کیونکہ آپؐ نص کے ساتھ تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہیں اور اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ
ہم نے آپؐ کو خاص اِسی اُمّت کی طرف اور خاص اسی زمانہ والوں کی طرف قیامت تک بھیجا
ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو خبر دی ہے کہ آپؐ تمام لوگوں کی طرف رسول ہیں اور لوگ
آدم علیہ السّلام سے لیکر قیامت تک ہیں پس وُہ اگلے اور پچھلے گناہوں میں مغفرتِ الٰہی
کے خطاب سے مقصود ہیں اور اللہ بڑے فضل والا ہے لیکن یہاں ایک مغفرت دنیا میں
ہے اور ایک قبر میں اور ایک حشر میں اور ایک مغفرت دوزخ میں اُس سے باہر نکلنے اور
بغیر نکلنے میں ہے لیکن وُہ عذاب سے محفوظ رہتا ہے یہاں تک کہ دوزخ میں اُسے ایسی
نعمت حاصل ہوتی ہے جس سے وُہ لذّت اُٹھاتا ہے۔ پس وُہ عذاب بلا رنج ہے ۞

از کتاب اَلشّفاءُ بتعریفِ حقوقِ المُصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

وَحَکَی السَّمَرْقَنْدِیُّ عَنِ الْکَلْبِیِّ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالیٰ وَاِنَّ مِنْ شِیْعَتِہٖ لَاِبْرَاھِیْمَ اَنَّ الْھَاءَ
عَائِدَۃٌ عَلیٰ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْ اِنَّ مِنْ شِیْعَۃِ مُحَمَّدٍ لَاِبْرَاھِیْمَ اَیْ
عَلیٰ دِیْنِہٖ وَمِنْھَاجِہٖ وَاَجَازَہُ الْفَرَّاءُ وَحَکَاہُ عَنْہُ مَکِّیٌّ وَقِیْلَ الْمُرَادُ نُوْحٌ
عَلَیْہِ السَّلَامُ ۞

فقیہ ابو اللیث سمرقندی کلبی سے اِس آیتِ کریمہ وَاِنَّ مِنْ شِیْعَتِہٖ لَاِبْرَاھِیْمَ پ ۲۳ ع
(اور بیشک اِسی کے گروہ سے ابراہیم ہے) کی تفسیر میں روایت کرتے ہیں کہ ھا ضمیر کا مرجع

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یعنی بلاشک حضرت ابراہیم علیہ السلام گروہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہیں اور آپؐ کے دین و مذہب پر ہیں اور قرآن نے بھی اس کو جائز رکھا اور مکی نے بھی اسی سے روایت کی۔ ایک روایت میں ہے کہ اس سے حضرت نوح علیہ السلام مراد ہیں :

اور وَمِنْ اَسْمَائِہٖ تَعَالٰی اَلْقُدُّوْسُ وَمَعْنَاہُ الْمُنَزَّہُ عَنِ النَّقَائِصِ الْمُطَھَّرُ عَنْ سِمَاتِ الْحَدَثِ وَسُمِّیَ بَیْتُ الْمَقْدِسِ لِاَنَّہٗ یُتَطَھَّرُ فِیْہِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَمِنْہُ الْوَادِی الْمُقَدَّسُ وَرُوْحُ الْقُدُسِ وَوَقَعَ فِیْ کُتُبِ الْاَنْبِیَاءِ فِیْ اَسْمَائِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُقَدَّسُ اَیِ الْمُطَھَّرُ مِنَ الذُّنُوْبِ کَمَا قَالَ تَعَالٰی لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ اَوِ الَّذِیْ یُتَطَھَّرُ بِہٖ مِنَ الذُّنُوْبِ وَیُتَنَزَّہُ بِاتِّبَاعِہٖ عَنْھَا کَمَا قَالَ تَعَالٰی وَیُزَکِّیْھِمْ وَقَالَ یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ اَوْ یَکُوْنُ مُقَدَّسًا بِمَعْنٰی مُطَھَّرًا مِّنَ الْاَخْلَاقِ الذَّمِیْمَۃِ وَالْاَوْصَافِ الدَّنِیَّۃِ :

اللہ تعالیٰ کے ناموں میں ایک القدوس ہے اُس کے معنے تمام عیوب سے منزّہ اور علامات حدث وفنا سے پاک کئے ہیں۔ بیت المقدس کا نام اسی وجہ سے رکھا گیا ہے کہ وہاں گناہوں سے پاک کیا جاتا ہے اسی قبیل سے وادی مقدس اور روح القدس ہے گزشتہ انبیاء علیہم السلام کی کتابوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء میں المقدس یعنی گناہوں سے پاک کرنیوالا یا گناہوں سے منزّہ مکتوب ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ۔ پارہ ۲۶ رکوع ۹۔ (تاکہ اللہ تعالیٰ آپؐ کے سبب آپؐ کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخشدے) یا یہ کہ اس کی وجہ سے گناہوں سے پاک ہوجاتا ہے اور اسی کے اتباع سے ستھرا بنا جاتا ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَیُزَکِّیْھِمْ یعنی اُن کو پاک کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَیُخْرِجُھُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ (ان کو اندھیریوں سے نور کی طرف نکالتا ہے) یا یہ کہ اُسکے معنی مقدس یعنی اخلاق ذمیمہ اور اوصاف رذیلہ سے پاک و مبرّا ہو :

وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِنْ کَانَ مِنَ الْبَشَرِ وَیَجُوْزُ عَلٰی جِبِلَّتِہٖ مَا یَجُوْزُ

عَلَى جِبِلَّةِ الْبَشَرِ فَقَدْ قَامَتِ الْبَرَاهِينُ الْقَاطِعَةُ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ الْإِجْمَاعِ عَلَى خُرُوجِهِ عَنْهُمْ وَتَنْزِيهِهِ عَنْ كَثِيرٍ مِنَ الْآفَاتِ الَّتِي تَقَعُ عَلَى الْاِخْتِيَارِ وَعَلَى غَيْرِ الْاِخْتِيَارِ كَمَا سَنُبَيِّنُهُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى فِيمَا نَأْتِي بِهِ مِنَ التَّفَاصِيلِ

(فصل) فِي حُكْمِ عَقْدِ قَلْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَقْتِ نُبُوَّتِهِ

اِعْلَمْ مَنَحَنَا اللّٰهُ وَإِيَّاكَ تَوْفِيقَهُ اَنَّ مَا تَعَلَّقَ مِنْهُ بِطَرِيقِ التَّوْحِيدِ وَالْعِلْمِ بِاللّٰهِ وَصِفَاتِهِ وَالْإِيمَانِ بِهِ وَبِمَا أُوحِيَ اِلَيْهِ فَعَلَى غَايَةِ الْمَعْرِفَةِ وَوُضُوحِ الْعِلْمِ وَالْيَقِينِ وَالْاِنْتِفَاءِ عَنِ الْجَهْلِ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ اَوِ الشَّكِّ اَوِ الرَّيْبِ فِيهِ وَالْعِصْمَةِ مِنْ كُلِّ مَا يُضَادُّ الْمَعْرِفَةَ بِذٰلِكَ وَالْيَقِينَ هٰذَا مَا وَقَعَ اِجْمَاعُ الْمُسْلِمِينَ عَلَيْهِ وَلَا يَصِحُّ بِالْبَرَاهِينِ الْوَاضِحَةِ اَنْ يَكُونَ فِي عُقُودِ الْاَنْبِيَاءِ سِوَاهُ وَلَا يُعْتَرَضُ عَلَى هٰذَا بِقَوْلِ اِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ بَلَى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي اِذْ لَمْ يَشُكَّ اِبْرَاهِيمُ فِي اِخْبَارِ اللّٰهِ تَعَالَى لَهُ بِاِحْيَاءِ الْمَوْتَى وَلٰكِنْ اَرَادَ طُمَأْنِينَةَ الْقَلْبِ وَتَرْكَ الْمُنَازَعَةِ لِمُشَاهَدَةِ الْاِحْيَاءِ فَحَصَلَ لَهُ الْعِلْمُ الْاَوَّلُ بِوُقُوعِهِ وَاَرَادَ الْعِلْمَ الثَّانِيَ بِكَيْفِيَّتِهِ وَمُشَاهَدَتِهِ • اَلْوَجْهُ الثَّانِي اَنَّ اِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّمَا اَرَادَ اِخْتِبَارَ مَنْزِلَتِهِ عِنْدَ رَبِّهِ وَعِلْمَ اِجَابَةِ دَعْوَتِهِ بِسُؤَالِ ذٰلِكَ مِنْ رَبِّهِ وَيَكُونُ قَوْلُهُ تَعَالَى اَوَلَمْ تُؤْمِنْ اَيْ تُصَدِّقْ بِمَنْزِلَتِكَ مِنِّي وَخُلَّتِكَ وَاصْطِفَائِكَ • اَلْوَجْهُ الثَّالِثُ اَنَّهُ سَأَلَ زِيَادَةَ يَقِينٍ وَقُوَّةَ طُمَأْنِينَةٍ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِي الْاَوَّلِ شَكٌّ اِذِ الْعُلُومُ الضَّرُورِيَّةُ وَالنَّظَرِيَّةُ قَدْ تَتَفَاضَلُ فِي قُوَّتِهَا وَطَرَيَانُ الشُّكُوكِ عَلَى الضَّرُورِيَّاتِ مُمْتَنِعٌ وَمُجَوَّزٌ فِي النَّظَرِيَّاتِ فَاَرَادَ الْاِنْتِقَالَ مِنَ النَّظَرِ اَوِ الْخَبَرِ اِلَى الْمُشَاهَدَةِ وَالتَّرَقِّيَ مِنْ عِلْمِ الْيَقِينِ اِلَى عَيْنِ الْيَقِينِ فَلَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ وَلِهٰذَا قَالَ سَهْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَأَلَ كَشْفَ غِطَاءِ الْعِيَانِ لِيَزْدَادَ بِنُورِ الْيَقِينِ تَمَكُّنًا فِي حَالِهِ • اَلْوَجْهُ الرَّابِعُ اَنَّهُ لَمَّا احْتَجَّ عَلَى الْمُشْرِكِينَ بِاَنَّ رَبَّهُ يُحْيِي وَيُمِيتُ طَلَبَ ذٰلِكَ مِنْ رَبِّهِ لِيَصِحَّ احْتِجَاجُهُ عِيَانًا • اَلْوَجْهُ الْخَامِسُ

قَوْلُ بَعْضِهِمْ هُوَ سُؤَالٌ عَلَى طَرِيقِ الْأَدَبِ الْمُرَادُ أَقْدِرْنِي عَلَى إِحْيَاءِ الْمَوْتَى وَقَوْلُهُ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي عَنْ هَذِهِ الْأُمْنِيَّةِ + اَلْوَجْهُ السَّادِسُ أَنَّهُ أَرَى مِنْ نَفْسِهِ الشَّكَّ وَمَا شَكَّ لَكِنْ لِيُجَاوَبَ فَيَزْدَادَ قُرْبُهُ وَقَوْلُ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيمَ نَفْيٌ لِأَنْ يَكُونَ إِبْرَاهِيمُ شَكَّ وَإِبْعَادٌ لِلْخَوَاطِرِ الضَّعِيفَةِ أَنْ تَظُنَّ هَذَا بِإِبْرَاهِيمَ أَيْ نَحْنُ مُوقِنُونَ بِالْبَعْثِ وَإِحْيَاءِ اللهِ الْمَوْتَى فَلَوْ شَكَّ إِبْرَاهِيمُ لَكُنَّا أَوْلَى بِالشَّكِّ مِنْهُ إِمَّا عَلَى طَرِيقِ الْأَدَبِ أَوْ أَنْ يُرِيدَ أُمَّتَهُ الَّذِينَ يَجُوزُ عَلَيْهِمُ الشَّكُّ أَوْ عَلَى طَرِيقِ التَّوَاضُعِ وَالْإِشْفَاقِ إِنْ حُمِلَتْ قِصَّةُ إِبْرَاهِيمَ عَلَى اخْتِبَارِ حَالِهِ أَوْ زِيَادَةِ يَقِينِهِ + فَإِنْ قُلْتَ فَمَا مَعْنَى قَوْلِهِ فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكَ الْآيَتَيْنِ فَاعْلَمْ ثَبَّتَ اللهُ قَلْبَكَ أَنْ يَخْطُرَ بِبَالِكَ مَا ذَكَرَهُ فِيهِ بَعْضُ الْمُفَسِّرِينَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَوْ غَيْرِهِ مِنْ إِثْبَاتِ شَكٍّ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيْهِ وَأَنَّهُ مِنَ الْبَشَرِ فَمِثْلُ هَذَا لَا يَجُوزُ عَلَيْهِ جُمْلَةً بَلْ قَدْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمْ يَشُكَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَسْأَلْ وَنَحْوُهُ عَنِ ابْنِ جُبَيْرٍ وَالْحَسَنِ وَحَكَى قَتَادَةُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا أَشُكُّ وَلَا أَسْأَلُ وَعَامَّةُ الْمُفَسِّرِينَ عَلَى هَذَا وَاخْتَلَفُوا فِي مَعْنَى الْآيَةِ فَقِيلَ الْمُرَادُ قُلْ يَا مُحَمَّدُ لِلشَّاكِّ إِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ الْآيَةَ قَالُوا وَفِي السُّورَةِ نَفْسِهَا مَا دَلَّ عَلَى هَذَا التَّأْوِيلِ قَوْلُهُ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي شَكٍّ مِنْ دِينِي الْآيَةَ وَقِيلَ الْمُرَادُ بِالْخِطَابِ الْعَرَبُ وَغَيْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَالَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ الْآيَةَ الْخِطَابُ لَهُ وَالْمُرَادُ غَيْرُهُ وَمِثْلُهُ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِمَّا يَعْبُدُ هَؤُلَاءِ وَنَظِيرُهُ كَثِيرٌ قَالَ بَكْرُ بْنُ الْعَلَاءِ أَلَا تَرَاهُ يَقُولُ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللهِ الْآيَةَ وَهُوَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ الْمُكَذَّبَ فِيمَا يَدْعُو إِلَيْهِ فَكَيْفَ يَكُونُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِهِ فَهَذَا كُلُّهُ يَدُلُّ عَلَى أَنَّ الْمُرَادَ بِالْخِطَابِ غَيْرُهُ وَمِثْلُ هَذِهِ الْآيَةِ

قَوْلُهُ الرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا اَلْمَأْمُوْرُ هٰهُنَا غَيْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْأَلَ النَّبِيَّ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْخَبِيْرُ الْمَسْئُوْلُ لَا الْمُسْتَخْبِرُ السَّائِلُ وَقَالَ اِنَّ هٰذَا الشَّكَّ الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ غَيْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسُؤَالِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتَابَ اِنَّمَا هُوَ فِيْمَا قَصَّهُ اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِ الْاُمَمِ لَا فِيْمَا دَعَا اِلَيْهِ مِنَ التَّوْحِيْدِ وَالشَّرِيْعَةِ وَمِثْلُ هٰذَا قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَاسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَا الْاٰيَةَ الْمُرَادُ بِهِ الْمُشْرِكُوْنَ وَالْخِطَابُ مُوَاجَهَةً لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَهُ الْعُتْبِيُّ وَقِيْلَ مَعْنَاهُ سَلْنَا عَمَّنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فَحُذِفَ الْخَافِضُ وَتَمَّ الْكَلَامُ ثُمَّ ابْتَدَأَ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ عَلٰى طَرِيْقِ الْاِنْكَارِ اَیْ مَا جَعَلْنَا حَكَاهُ مَكِّيٌّ وَقِيْلَ اُمِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَسْأَلَ الْاَنْبِيَاءَ لَيْلَةَ الْاِسْرَاءِ عَنْ ذٰلِكَ فَكَانَ اَشَدَّ يَقِيْنًا مِنْ اَنْ يَحْتَاجَ اِلَى السُّؤَالِ فَرُوِیَ اَنَّهٗ قَالَ لَا اَسْأَلُ قَدِ اكْتَفَيْتُ قَالَهُ ابْنُ زَيْدٍ وَقِيْلَ سَلْ اُمَمَ مَنْ اَرْسَلْنَا هَلْ جَاءُوْهُمْ بِغَيْرِ التَّوْحِيْدِ وَهُوَ مَعْنٰى قَوْلِ مُجَاهِدٍ وَالسُّدِّيِّ وَالضَّحَّاكِ وَقَتَادَةَ وَالْمُرَادُ بِهٰذَا وَالَّذِیْ قَبْلَهٗ اِعْلَامُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا بُعِثَتْ بِهِ الرُّسُلُ وَاَنَّهٗ تَعَالٰى لَمْ يَأْذَنْ فِیْ عِبَادَةِ غَيْرِهٖ لِاَحَدٍ رَدًّا عَلٰى مُشْرِكِيْنِ الْعَرَبِ وَغَيْرِهِمْ فِیْ قَوْلِهِمْ اِنَّمَا نَعْبُدُهُمْ لِيُقَرِّبُوْنَا اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى وَكَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ اَیْ فِیْ عِلْمِهِمْ بِاَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِنْ لَّمْ يُقِرُّوْا بِذٰلِكَ وَلَيْسَ الْمُرَادُ بِهٖ شَكَّهٗ فِيْمَا ذُكِرَ فِیْ اَوَّلِ الْاٰيَةِ وَقَدْ يَكُوْنُ اَيْضًا عَلٰى مِثْلِ مَا تَقَدَّمَ اَیْ قُلْ يَا مُحَمَّدُ لِمَنِ امْتَرٰی فِیْ ذٰلِكَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ بِدَلِيْلِ قَوْلِهٖ اَوَّلَ الْاٰيَةِ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِیْ حَكَمًا الْاٰيَةَ وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَاطِبُ بِذٰلِكَ غَيْرَهٗ وَقِيْلَ هُوَ تَقْرِيْرٌ كَقَوْلِهٖ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَقَدْ عَلِمَ اَنَّهٗ لَمْ يَقُلْ وَقِيْلَ مَعْنَاهُ مَا كُنْتَ فِیْ شَكٍّ

فَاسْئَلْ تَزْدَدْ طُمَانِیْنَۃً وَّعِلْمًا اِلٰی عِلْمِکَ وَیَقِیْنِکَ وَقِیْلَ اِنْ کُنْتَ تَشُکُّ فِیْمَا شَرَّفْنَاکَ وَفَضَّلْنَاکَ بِہٖ فَاسْأَلْھُمْ عَنْ صِفَتِکَ فِی الْکُتُبِ وَنَشْرِ فَضَائِلِکَ وَحُکِیَ عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ اَنَّ الْمُرَادَ اِنْ کُنْتَ فِیْ شَکٍّ مِنْ غَیْرِکَ فِیْمَا اَنْزَلْنَا فَاِنْ قِیْلَ فَمَا مَعْنٰی قَوْلِہٖ حَتّٰی اِذَا اسْتَیْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّھُمْ قَدْ کُذِبُوْا عَلٰی قِرَاءَۃِ التَّخْفِیْفِ قُلْنَا الْمَعْنٰی فِیْ ذٰلِکَ مَا قَالَتْہُ عَائِشَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا مَعَاذَ اللّٰہِ اَنْ تَظُنَّ ذٰلِکَ الرُّسُلُ بِرَبِّھَا وَاِنَّمَا مَعْنٰی ذٰلِکَ اَنَّ الرُّسُلَ لَمَّا اسْتَیْأَسُوْا ظَنُّوْٓا اَنَّ مَنْ وَعَدَھُمُ النَّصْرَ مِنْ اَتْبَاعِھِمْ کَذَبُوْھُمْ وَعَلٰی ھٰذَا اَکْثَرُ الْمُفَسِّرِیْنَ وَقِیْلَ اَنَّ ضَمِیْرَ ظَنُّوْٓا عَائِدٌ عَلَی الْاَتْبَاعِ وَالْاُمَمِ لَا عَلَی الْاَنْبِیَاءِ وَالرُّسُلِ وَھُوَ قَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّالنَّخْعِیِّ وَابْنِ جُبَیْرٍ وَجَمَاعَۃٍ مِّنَ الْعُلَمَاءِ وَبِھٰذَا الْمَعْنٰی قَرَأَ مُجَاھِدٌ کَذَبُوْا بِالْفَتْحِ فَلَا تَشْغَلْ بَالَکَ مِنْ شَاذِّ التَّفْسِیْرِ بِسِوَاہُ مِمَّا لَا یَلِیْقُ بِمَنْصِبِ الْعُلَمَاءِ فَکَیْفَ بِالْاَنْبِیَاءِ ۞

نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم اگرچہ نوعِ انسانی میں سے بشر ہیں اور آپ کی جبلت (طبیعت) پر ان باتوں کا اطلاق جائز و ممکن ہے جو دیگر انسانوں کی جبلّت و طبیعت پر ہوتی ہے لیکن یقینی طور پہ دلائل قاطعہ قائم ہو چکی ہیں اور کلمۂ اجماع پورا ہو چکا ہے کہ آپؐ عام انسانوں کی جبلت و طبیعت سے باہر ہیں اور ہر اُس آفت سے منزّہ و مبرّا ہیں جو قصد و اختیار سے یا بغیر قصد و اختیار کے واقع ہوں جیساکہ عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ تفصیل کے ساتھ ہم بیان کریں گے ۞

فصل دربارہ حضور نبی پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کی عقدِ قلبی

نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی دل پختگی اظہارِ نبوّت کے وقت سے ہی تھی چنانچہ ہمیں اور تمہیں اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ معلوم ہونا چاہیئے کہ حضور سیّدِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو توحید باری، علم و صفاتِ الٰہی، ایمان باللہ اور جو کچھ کہ آپؐ پر وحی کی گئی ان سب پر اعلیٰ درجہ کی معرفت علم واضح اور یقین کامل حاصل تھا۔ ان میں نہ تو کسی قسم کی جہالت تھی اور نہ شک و شبہ اس معرفت

ویقین کے جو مخالف ہو سکتا تھا ان سب سے آپ معصوم اور منزہ تھے۔ یہ ایسی بات ہے
جس پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے اور براہین واضحہ سے یہ بات صحیح نہیں کہ انبیاء علیہم السلام
کا اعتقاد اس کے سوا ہو۔ اب یہ اعتراض بے جا ہے اگر کوئی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے
اس مقولہ پر معترض ہو کہ انہوں نے رب تعالیٰ سے عرض کیا کہ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ الآیۃ
(پ۳ ع ۳) ایمان تو ہے لیکن اطمینان قلبی کا خواستگار ہوں۔ اسلئے کہ (۱) حضرت ابراہیم علیہ السلام
کو مُردوں کو زندہ کرنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی خبروں میں قطعاً شک نہ تھا ان کی مُراد
تو اطمینانِ قلب اور مُردوں کے مشاہدہ سے تنازعہ کو ختم کرنا تھا ورنہ انہیں اس واقعہ سے پہلے
علم حاصل تھا اب اِن کیفیاتِ احیاءِ موتیٰ کے مشاہدہ کے ذریعہ مزید علم کا حصول مقصود تھا۔ (۲)
دوسری وجہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بارگاہ الٰہی میں اپنی قرب و منزلت معلوم کرنی مقصود تھی
اور یہ کہ اس کی بارگاہ میں اپنے سوال کی مقبولیت کا علم حاصل کرنا تھا (کہ اپنا مرتبہ پہچانیں) اس وجہ
کی بنا پر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ (کیا تم ایمان نہیں رکھتے) یعنی اے ابراہیمؑ کیا تم اس
مرتبہ اور اپنی اس برگزیدگی و خلت پر یقین نہیں رکھتے جو میری بارگاہ میں ہے۔ (۳) تیسری وجہ
یہ کہ حضرت ابراہیمؑ نے یقین کی زیادتی اور اطمینان کی تقویت کا سوال کیا اگرچہ انہیں پہلے ہی سے
شک نہیں تھا کیونکہ علوم ضروریہ اور نظریہ کبھی اپنی قوت میں بڑھتے رہتے ہیں اور ضروریات میں
شکوک کا جاری رہنا محال اور نظریات میں جائز ہوتا ہے لہٰذا نظر یا خبر سے مشاہدہ کیطرف جانے
اور علم الیقین سے عین الیقین تک ترقی کرنے کا ارادہ کیا اسلئے کہ خبر ہرگز مشاہدہ کا مقام نہیں رکھتی۔
اسی بنا پر تو سہل بن عبداللہ نے کہا کہ انہوں نے آنکھوں سے ظاہری پردے اٹھا دینے کا سوال
کیا تاکہ نورِ یقین کیساتھ اپنی اس حالت پر مزید یقین حاصل ہو جائے۔ (۴) چوتھی وجہ یہ کہ مشرکوں پر
اسطرح پر حجت قائم کر دی جائے کہ یوں اللہ تعالیٰ زندہ کرتا اور مارتا ہے اس بنا پر انہوں نے اپنے
رب سے سوال کیا تاکہ علانیہ طور سے ان پر حجت قوی ہو جائے۔ (۵) پانچویں وجہ یہ کہ بعض
کا قول ہے کہ ان کا یہ سوال بطریقِ ادب تھا لیکن مُراد یہ تھی کہ اے خدا تُو مجھے مردے زندہ کرنے

کی قدرت مرحمت فرما۔ اور "لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ" سے یہ مراد تھی کہ میرا دل اس تمنا سے تسلی پائے۔
(۶) چھٹی وجہ یہ کہ اُنھوں نے صفتِ شک کی حقیقت کو کشف میں مثالی صورت میں دیکھا اور آپ نے خود شک نہیں کیا۔ آپ نے قرب کی زیادتی کا سوال کیا۔ اور ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ (ہم حضرت ابراہیمؑ سے شک کے زیادہ مستحق ہیں) یہ درحقیقت حضرت ابراہیمؑ کے شک کی نفی ہے اور کمزور طبیعتوں کی مقامِ معرفت سے دوری ہے کہ وہ حضرت ابراہیم کی طرف ایسے گمان کی نسبت کریں۔ مطلب یہ کہ ہم اُٹھائے جانے اور اللہ تعالیٰ کے احیاءِ موتیٰ پر یقین رکھتے ہیں۔ پس اگر حضرت ابراہیم نے شک کیا تو یقیناً ہم اُن سے زیادہ شک کریں گے یہ بطریقِ ادب فرمایا یا اس سے آپ کی وہ امت مراد ہے جن پر شک جائز ہے۔ یا بطریقِ تواضع و شفقت فرمایا یہ اس صورت میں ہے جب کہ حضرت ابراہیم کے اس واقعہ کو انکی اپنی حالت کی آزمائش یا یقین کی زیادتی پر کلام کو محمول کیا جائے۔ اسکے بعد اگر تم یہ کہو کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے کیا معنی ہیں کہ فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْاٰيٰتِ (پ۱۱ ع ۱۵) پس اگر تم شک میں ہو اس کے جو ہم نے تم پر نازل کیا ہے تو اسے پڑھنے والے تو اس سے خوفزدہ رہ! اور تیرے دل کو اللہ تعالیٰ مضبوط رکھے کہ تیرے دل میں اس خطرے کی گنجائش نکلے۔ جو بعض مفسرین نے حضرات ابن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ سے نقل کیا جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے بارے میں (معاذاللہ) شک کا اثبات ہے اور یہ کہ آپؐ بشر ہیں اس قسم کے خطرات کا آپ پر اطلاق ہرگز جائز نہیں ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی کے بارے میں ہرگز شک نہیں کیا اور نہ آپ نے کسی سے استفسار کیا۔

اسی طرح ابن جبیرؓ اور حسنؓ سے مروی ہے جسے قتادہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ کبھی مجھے شک گزرا اور نہ اس بارے میں کسی سے دریافت کیا۔ بالعموم مفسرین اسی قول پر ہیں۔ البتہ مفسرین نے اس کے معنی میں کئی قول بیان کئے ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ

اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم شک کرنے والوں کو فرمادیجئے اگر تم شک کے مریض ہو تو...... الآیۃ مفسرین
نے کہا کہ اس سورۃ میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جو اس تاویل پر دلالت کرتی ہو اور اللہ تعالےٰ کا
یہ فرمان کہ یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِنْ کُنْتُمْ فِیْ شَکٍّ مِّنْ دِیْنِیْ الآیۃ (پ۱۱ ع ۱۶) تم فرماؤ اے لوگو! اگر تم
میرے دین کی طرف سے کسی شبہ میں ہو..... اس تفسیر میں ایک قول یہ ہے کہ اسمیں اہل عرب کو
خطاب ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں ہے جیساکہ خود ہی فرمایا لَئِنْ اَشْرَکْتَ لَیَحْبَطَنَّ
عَمَلُکَ۔ الآیۃ (پ۲۴ ع ۴) اے سننے والے اگر تو نے اللہ کا شریک کیا تو ضرور تیرا سب کیا دھرا
اکارت جائیگا۔ اگرچہ اس آیت میں مخاطب تو حضورؐ ہیں مگر مراد حضورؐ کے سوا ہیں۔ اسی کے مثل یہ
قول باری ہے فَلَا تَکُ فِیْ مِرْیَۃٍ مِّمَّا یَعْبُدُ ھٰٓؤُلَآءِ الآیۃ (پ۱۲ ع ۹) اے محبوب تم اس سے
کہ یہ لوگ عبادت کرتے ہیں شبہ میں نہ پڑو۔ اسطرح کی مثالیں قرآن مجید میں بکثرت ہیں بکر بن العلا
کہتے ہیں تم نے یہ نہ دیکھا کہ اللہ تعالیٰ فرمارہا ہے وَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ
اللّٰہِ الآیۃ (پ۱۱ ع ۱۵) اور ہرگز ان میں سے نہ ہونا جنہوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں۔ حالانکہ حضور
نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم تو وہ ہیں کہ جس دعوت کی تبلیغ فرماتے ہیں یہ لوگ آپؐ کی تکذیب
کرتے ہیں پھر آپ سے یہ کیسے ممکن تھا کہ آپؐ ان مکذبین کی ہمنوائی کرنے والوں میں سے ہو
جائیں۔ یہ تمام دلائل اس بات پر شاہد ہیں کہ بظاہر خطاب حضور کو ہوتا ہے لیکن دوسرے لوگ مراد
ہوتے ہیں۔ اسی طرح اللہ کا یہ فرمان ہے کہ اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِہٖ خَبِیْرًا۔ الآیۃ (پ۱۹ ع ۳) رحمٰن ہی
پس اس سے خبر دینے والے کو پوچھو۔ ایسا جنہیں حکم دیا جارہا ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کے سوا لوگ ہیں تاکہ وہ حضور سے سوال کریں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو خبر دینے والے اور
مسئول عنہ ہیں نہ کہ خبر طلب کرنے والے اور سوال کرنے والے۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ شک جس
کیساتھ غیر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو ان لوگوں سے سوال کرنے کا حکم دیا گیا جو کتاب پڑھتے ہیں سو
وہ اس بارے میں ہے جن کا اللہ تعالیٰ نے قصہ بیان کیا ہے یعنی اُمتوں کی خبریں وغیرہ نہ کہ وہ
امر جس کیطرف آپ کو بلایا ہے یعنی توحید و شریعت۔ اسی کے مثل اللہ کا یہ فرمان ہے کہ وَاسْئَلْ

مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ الآیۃ (پ ۲۵ ع ۱۰) اور ان سے پوچھو جو ہم نے تم سے پہلے رسول بھیجے۔ مُتّنبی کے قول کے بموجب بظاہر خطاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے لیکن مراد مشرکین ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ ہم سے ان نبیوں کے بارے میں دریافت کرو جو آپ سے پہلے ہم نے بھیجے ہیں یہاں خافض (یعنی حرف جرعن مَنْ اَرْسَلْنَا میں) محذوف ہے۔ اور کلام پورا ہو گیا۔ پھر شروع کیا کہ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً الآیۃ (پ ۲۵ ع ۱۰) کیا ہم نے سوائے رحمٰن کے کچھ اور خدا ٹھیرائے .... یہ بطریق انکار ہے یعنی ہم نے نہیں کیا۔ اسے مکّی نے بیان کیا اور ایک قول یہ ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا گیا کہ شب معراج انبیاء علیہم السلام سے اس بارے میں استفسار فرماویں۔ مگر آپ کا یقین اس سے زیادہ پختہ تھا کہ آپ ان سے استفسار کے محتاج ہوں۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا میں سوال نہیں کروں گا مجھے اسی پر یقین ہے۔ اسے ابن زید نے بیان کیا اور ایک قول یہ ہے کہ ہمارے رسولوں کی امتوں سے دریافت کیجئے کیا وہ بغیر توحید کے آئے تھے۔ اسی معنی میں مجاہد، سدی، ضحاک اور قتادہ کا قول ہے۔

اس آیہ کریمہ اور ماقبل کی آیت کے معنی و مراد یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ آگاہ فرمانا تھا کہ اسی کے ساتھ تمام رسول مبعوث ہوئے تھے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو غیر اللہ کی عبادت کا حکم نہیں دیا۔ دراصل اس میں مشرکین عرب وغیرہ کا رد فرمانا مقصود ہے کہ وہ کہتے تھے کہ "ہم اسلئے ان غیر اللہ کی عبادت کرتے ہیں کہ وہ اللہ کے قریب کر دیں" (پ ۲۳ ع ۱۵) ایسے ہی اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ الآیۃ (پ ۸ ع ۱) اور جن کو ہم نے کتاب دی وہ جانتے ہیں کہ تیرے رب کی طرف سے سچ اترا تو اے سننے والے تو ہرگز شک والوں میں نہ ہو۔ مطلب یہ کہ ان کے علم میں یہ شک ہے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اگرچہ وہ زبان سے اس کا اقرار نہیں کرتے ہیں۔ اس سے حضور کا شک مراد نہیں ہے جیسا کہ پہلی آیت میں مذکور ہوا۔ اور ممکن ہے یہ

آیت بھی پہلے معنی کی طرح حامل ہو۔ یعنی اے حبیب (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ان لوگوں سے فرمائیں جو اسمیں شک و تردد رکھتے ہیں کہ تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہو اس پر پہلی آیت دلیل بن جائیگی کہ فرمایا أَفَغَيْرَ اللّٰهِ أَبْتَغِي حَكَمًا الآیۃ (پ ع ۱) تو کہا اللہ کے سوا میں کسی اور کا فیصلہ چاہوں .... بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسطرح پر دوسرں کو خطاب فرما رہے ہیں۔ بعض نے کہا یہ تقریر و بیان ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ءَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلٰهَيْنِ مِنْ دُونِ اللّٰهِ الآیۃ (پ ع ۶) کیا تو نے لوگوں سے کہہ دیا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو دو خدا بنالو اللہ کے سوا۔ یقیناً انہیں معلوم تھا کہ انہوں نے یہ نہیں فرمایا۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ تم کو تو شک نہیں ہے۔ پس سوال کرو تمہارا اطمینان و علم اپنے علم و اطمینان کیساتھ زیادہ ہو جائے گا اور ایک قول یہ ہے کہ اگر تم کو اس بارے میں شک ہے کہ ہم نے تمکو شرافت و فضیلت عنایت فرمائی تو ان سے اپنی صفت اور فضیلت کے بارے میں سوال کرو جو ان کی کتابوں میں مذکور ہے۔ ابو عبیدہ سے مروی ہے کہ إِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ سے مُراد آپ کے غیر وہ لوگ ہیں جن پر ہم نے اُتارا ہے۔ اب اگر کوئی یہ پُوچھے کہ اللہ کے اس فرمان کے کیا معنی ہیں کہ حَتّٰى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا الآیۃ (پ ۱۳ ع ۶) یہاں تک کہ جب رسولوں کو ظاہری اسباب کی اُمید نہ رہی اور لوگ سمجھے کہ رسولوں نے اِن سے غلط کہا تھا تو ہم کہیں گے کہ اسکے وہ معنی ہیں جو ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ معاذ اللہ کیا رسول اپنے رب سے یہ گمان کریں۔ بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ جب رسول مایوس ہو گئے تو گمان کیا کہ وہ متبعین جنہوں نے ان سے مدد کا وعدہ کیا تھا انہوں نے ان سے جھوٹ بولا تھا۔ اسی قول پر اکثر مفسرین ہیں ایک قول یہ ہے کہ ظَنُّوا کی ضمیر متبعین اور امتوں کیطرف راجع ہے نہ کہ انبیاء و رُسُل کیطرف یہ قول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اور نخعی، ابن جبیر اور ایک جماعت علماء کا ہے اسی معنی کی رعایت سے مجاہد نے كَذَبُوا (فتح کیساتھ) پڑھا ہے اس کے بعد اب تیرا دل کسی شاذ تفسیر کی طرف راغب نہیں ہونا چاہیئے جب یہ علماء کے منصب کے لائق نہیں تو انبیاء کیساتھ

کیونکر درست ہو سکتا ہے۔

فَإِنْ قُلْتَ فَمَا مَعْنَى قَوْلِهِ تَعَالَى لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ شَاءَ اللهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْجٰهِلِينَ وَقَوْلِهِ لِنُوحٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَلَا تَسْئَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ إِنِّي أَعِظُكَ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْجٰهِلِينَ فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا يُلْتَفَتُ فِي ذٰلِكَ إِلَى قَوْلِ مَنْ قَالَ فِي آيَةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكُونَنَّ مِمَّنْ يَجْعَلُ أَنَّ اللهَ لَوْ شَاءَ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ وَفِي آيَةِ نُوحٍ لَا تَكُونَنَّ مِمَّنْ يَجْعَلُ أَنَّ وَعْدَ اللهِ حَقٌّ لِقَوْلِهِ وَإِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ إِذْ فِيهِ إِثْبَاتُ الْجَهْلِ بِصِفَةٍ مِنْ صِفَاتِ اللهِ وَذٰلِكَ لَا يَجُوزُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ وَالْمَقْصُودُ وَعْظُهُمْ أَنْ لَا يَتَشَبَّهُوا فِي أُمُورِهِمْ بِسِمَاتِ الْجَاهِلِينَ كَمَا قَالَ إِنِّي أَعِظُكَ وَلَيْسَ فِي آيَةٍ مِنْهَا دَلِيلٌ عَلَى كَوْنِهِمْ عَلَى تِلْكَ الصِّفَةِ الَّتِي نَهَاهُمْ عَنِ الْكَوْنِ عَلَيْهَا فَكَيْفَ وَآيَةُ نُوحٍ قَبْلَهَا فَلَا تَسْئَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَحَمْلُ مَا بَعْدَهَا عَلَى مَا قَبْلَهَا أَوْلَىٰ لِأَنَّ مِثْلَ هٰذَا قَدْ يَحْتَاجُ إِلَى إِذْنٍ وَقَدْ تَجُوزُ إِبَاحَةُ السُّؤَالِ فِيهِ إِبْتِدَاءً فَنَهَاهُ اللهُ أَنْ يَسْأَلَهُ عَمَّا طَوَىٰ عَنْهُ عِلْمَهُ وَأَكَنَّهُ مِنْ غَيْبِهِ مِنَ السَّبَبِ الْمُوجِبِ لِهَلَاكِ ابْنِهِ ثُمَّ أَكْمَلَ اللهُ تَعَالَى نِعْمَتَهُ عَلَيْهِ بِإِعْلَامِهِ ذٰلِكَ بِقَوْلِهِ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ حَكَى مَعْنَاهُ مَكِّيٌّ كَذٰلِكَ أُمِرَ نَبِيُّنَا فِي الْآيَةِ الْأُخْرَىٰ بِالْتِزَامِ الصَّبْرِ عَلَى إِعْرَاضِ قَوْمِهِ وَلَا يُحْرَجُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَيُقَارِبُ حَالَ الْجَاهِلِ بِشِدَّةِ التَّحَسُّرِ حَكَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ فُورَكٍ وَقِيلَ مَعْنَى الْخِطَابِ لِأُمَّةِ مُحَمَّدٍ أَيْ فَلَا تَكُونُوا مِنَ الْجَاهِلِينَ حَكَاهُ أَبُو مُحَمَّدٍ مَكِّيٌّ وَقَالَ مِثْلُهُ فِي الْقُرْآنِ كَثِيرٌ فَبِهٰذَا الْفَضْلِ وَجَبَ الْقَوْلُ بِعِصْمَةِ الْأَنْبِيَاءِ مِنْهُ بَعْدَ النُّبُوَّةِ قَطْعًا۔

اگر تم یہ دریافت کرو کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جو یہ فرمایا تو اس کا کیا مطلب ہے کہ وَلَوْ شَاءَ اللهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْجٰهِلِينَ۔ الآیۃ (پ ع ۱۰) اور اللہ چاہتا تو انہیں ہدایت پر جمع کر دیتا تو اے سننے والے ہرگز نادان نہ بن۔ اور حضرت نوح علیہ السلام سے

فرمایا کہ فَلَا تَسْئَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنِّیْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ الآیۃ (پ۱۲ ع ۴)
تو مجھ سے وُہ بات نہ مانگ جس کا تجھے علم نہیں میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ نادان نہ بن۔ تو واضح
ہونا چاہیئے کہ اس بارے میں اُس قائل کی طرف توجہ نہ کی جائے گی جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ
وسلّم کیلئے اس آیت کی تفسیر میں کہتا ہے کہ آپ اُن لوگوں میں سے نہ ہو جائیں جو اس سے جاہل
ہیں۔ اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا۔ اسی طرح حضرت نوح کے بارے میں کہ
آپ ان میں سے نہ بنیں جو اس سے جاہل ہیں" یقیناً اللہ تعالیٰ کا وعدہ حق ہے کیونکہ فرماتا
ہے کہ اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ۔ الآیۃ (پ۱۲ ع ۴) بیشک تیرا وعدہ حق ہے۔ اس تفسیر کی طرف التفات
اسلیئے نہ ہوگا کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی صفات میں ایک صفت (معاذ اللہ) "جہل" کا اثبات ہوتا
ہے جس کا صدور انبیاء علیہم السّلام کیطرف سے جائز نہیں۔ اور مقصود تو ان کو نصیحت کرنا ہے
کہ وُہ اپنے امور میں جاہلوں کی روش کی مشابہت نہ کریں جیسا کہ فرمایا اِنِّیْٓ اَعِظُكَ میں تمہیں
نصیحت کرتا ہوں۔ اور ان آیتوں میں کوئی دلیل اس پر نہیں ہے کہ وُہ اُس صفت پر تھے جن
سے اُنہیں منع کیا گیا تھا۔ بھلا یہ کیسے ان سے ہو سکتا ہے۔ حالانکہ آیتِ نوح اس سے پہلے ہے
کہ فَلَا تَسْئَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ط الآیۃ (پ۱۲ ع ۴) یعنی مجھ سے وہ بات نہ پوچھو جسکا تمہیں
علم نہیں۔ لہٰذا اسکے مابعد کو ماقبل پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہے کیونکہ اس کا مثل اذن کا محتاج
ہوتا ہے اور ابتداء میں اس کا سوال کرنا جائز ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اُن کو اُس سے منع فرمایا
جسے اس کا علم حاوی اور اسکا غیب اس پر طاری جو ایسا سبب تھا جس میں اُن کے بیٹے کی
ہلاکت تھی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اُن پر اپنی نعمت یہ بتا کر پُوری فرمادی کہ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ
اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ط (پ۱۲ ع ۴) بیشک وُہ تمہارے اہل سے نہیں کیونکہ اس کا عمل
اچّھا نہیں۔ یہ معنی مکی نے بیان کئے۔ اسی طرح ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلّم کو دُوسری آیت میں
آپ کی قوم کی رُوگردانی پر آپ کو لزوم صبر کی تلقین فرمائی تا کہ اُسوقت آپ دِل تنگ نہ ہوں
کہ لاعلمی میں کہیں شدّت کیساتھ افسُردگی نہ فرمائیں۔ اسے ابو بکر بن فورک نے بیان کیا۔ اور ایک

قول یہ ہے کہ یہ خطاب آپ کی امت کیلئے ہے یعنی تم لوگ جاہلوں میں سے نہ بنو۔ اسے ابو محمد مکی نے بیان کیا اور کہا قرآن میں اس کی مثالیں بکثرت ہیں اور اسی فضیلت کی بنا پر نبوت کے بعد قطعی طور پر انبیاء کی عصمت کا قائل ہونا ضروری ہے ۔

از شرح فتوح الغیب

وَ اَمَّا فِی الْبَاطِنِ وَالْعِلْمِ وَالْحَالِ فِیْمَا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ اللّٰهِ وَ اما تغیر و تبدل در باطن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و در علم متعلق بباطن و در حال وی کہ میانِ وی و میانِ خداست عزّ وجلّ فَکَانَ یَقُوْلُ پس بود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و اشارت می کند بآن بقول خود اِنَّهٗ لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ بدرستی کہ شان اینست کہ پردہ کردہ شود بر دلِ من و پوشیدہ میشود و غین ابرِ رقیق را گویند کہ آفتاب را بپوشد فَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ سَبْعِیْنَ مَرَّةً پس طلب آمرزش میکنم خدا را در ہر روز ہفتاد بار وَیُرْوٰی در روایت کردہ میشود مِائَةَ مَرَّةً یعنی استغفار میکنم خدا را ہر روز صد بار پوشیدہ شدنِ دل کنایت تغیر و تبدلِ احوال است و استغفار ہم ازاں جہت بود چنانکہ می فرمایند کَانَ بود آنحضرت صلعم یَنْتَقِلُ مِنْ حَالَةٍ اِلٰی اُخْرٰی بردہ میشد از حالتی بسوئے حالتی دیگر و در بعضے نسخ این لفظ زیادت آمدہ کہ فَتُبَدَّلُ بِحَالَةٍ اُخْرٰی پس بدل کردہ میشود آنحالت را بحالتِ دیگر وَیُسْرٰی بِهٖ و بُردہ میشد وبیرون کردہ میشد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ مَنَازِلِ الْقُرْبِ وَمَیَادِیْنِ الْغَیْبِ در منزلہای و میدانہای غیب کہ ذات و صفاتِ حق است و عوالمِ دیگر کہ بچشمِ سَر نہ نماید وَ تَغَیَّرُ عَلَیْهِ خِلَعُ الْاَنْوَارِ و تغییر و تبدیل کردہ میشود بروی خلعتہای و لباسہای نورانی کہ عبارتست از تجلیات و مکاشفات کہ وی پوشید و احاطہ میکرد قلب شریف او را چنانکہ خلعت بدن را می پوشد و لہذا بعضے صوفیہ گفتہ اند کہ ہذا غین الانوار لاغین الاغیار و بحقیقت انوارِ صفات کہ پردہ ذاتند بر دلِ آنحضرت کشف کردہ میشد فَتَتَبَیَّنُ الْحَالُ الْاُوْلٰی عِنْدَ مَا یَلِیْهَا ظُلْمَةً وَّ نُقْصَانًا پس ظاہر میشد حالت نخستین کہ نخست در وے بودہ نزدِ ظہور حالتِ دوم کہ متصل است او را بمنزلہ تاریکی و نقصان از جہت قوت و شدتِ نورانیت حالت دوم د

مِنْہُ تَقْصِیْراً فِیْ حِفْظِ الْحُدُوْدِ وظاہر میشود آنحالت نخستین از آنحضرت بمثابۂ تقصیر وسستی در نگاہ داشت حدود وآداب باعتبار علوِّ مقام ومنزلت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ چرا دراں حالت نخستیں بود وتوقف شود وحاصل این وجہ آنست کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دائم در ترقی بود وتجلیاتِ انوار متوالی بروی میگذشت بعضی بالای بعض دیگر وبہرِ تجلی فوق کہ میرسید از وقوف در تجلی تحت استغفار میکرد وچوں تجلیاتِ حق را نہایت نیست ترقیات آنحضرت را نیز نہایت نہ وآں نہ مخصوص این نشات است تا ابد الآباد حال ہمبرین منوال خواہد بود۔ بیت ؎

مرا کمالِ محبت ترا کمالِ جمال ❊ دمی مباد کہ نقصان پذیرد ایں دو کمال

توجیہۂ حدیث چنانکہ محققین عرفا گفتہ اند این است ۔ وبعضی علما گویند کہ این غین پردۂ رقیق لطیف بود کہ بحکمِ بشریت از طالبست کثرت واہتمام مہام دین وملت بقدر طرفۃ العین فترتی وغفلتے بر دیدۂ شہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم می نشست ودر آن دیگر متصل باوّل اشتغال نارِ ذکر ظہور ونورِ وحدت اضمحلال می پذیرفت وآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از طریان این حالت وعروض حالت فترت استغفار می کرد کہ حسنات الابرار سیأت المقربین ودر رسالہ مرج البحرین کلام درین مقام زیادہ برین کردہ شدہ است آنجا باید نگریست کہ چگونہ گفتہ شدہ است پس بر ہر تقدیر فَیُلَقِّنُ الْاِسْتِغْفَارَ پس تعلیم وتفہیم کردہ می شد آنحضرت را استغفار اگرچہ ظاہر آن مبنی از وقوع خطا ومعصیت است امّا نہ ازین جہت بود بلکہ لِاَنَّہٗ اَحْسَنُ حَالِ الْعَبْدِ از جہت آنکہ استغفار بہترین احوالِ بندہ است وَالتَّوْبَۃُ فِیْ سَائِرِ الْاَحْوَالِ وہمچنین اظہارِ توبہ اگرچہ در ظاہر گناہی نکردہ باشد بہتر است از بندہ در ہمہ حالہا لِاَنَّ فِیْہِ اِعْتِرَافاً بِذَنْبِہٖ وَقُصُوْرِہٖ زیرا کہ در توبہ اقرارست بگناہ بندہ وکوتاہی بودی وَہُمَا صِفَتَا الْعَبْدِ فِیْ سَائِرِ الْاَحْوَالِ توبہ واستغفار دو صفت بندہ اند ولایق بحالِ عبودیت در ہمہ حال ہا گناہ باشد یا نہ چہ بندہ نسبت بکمالِ عزت وعظمت ربوبیت بی شائبہ تقصیری نبود مَا عَبَدْنَاکَ حَقَّ عِبَادَتِکَ دلیل آنست بیت ؎

دیدم کہ خاطرش زمن آزار می کشد ❊ کردم ازو قبول گناہِ نبودہ را

چنانکه مغفرتِ ذنوب لائقِ مرتبهٔ ربوبیت و عنایت است تشریفاً اگرچه هیچ گناهی درمیان نبود...
لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ ازین بابست فَهُمَا وَرَاثَةٌ مِنْ اَبِي الْبَشَرِ اٰدَمَ
الْمُصْطَفٰى پس توبه و استغفار میراث است از پدر آدمیان که آدم برگزیده شده است علیه الصلوٰة
والسّلام حِيْنَ اِعْتَوَرَتْ صَفَاءَ حَالِهٖ در وقتیکه عارض شد صفای حال آدم را ظُلْمَةُ النِّسْيَانِ
لِلْعَهْدِ وَالْمِيْثَاقِ تیرگی فراموشی کردن اندر روز پیمان آلهی را در نهی از قربان شجره وَاِرَادَةِ الْخُلُوْدِ
فِيْ دَارِ السَّلَامِ و تیرگی خواهش او همیشه بودن در بهشت وَمُجَاوَرَةُ الْحَبِيْبِ الرَّحْمَانِ الْمَنَّانِ و خواهش
و مجاورت همسایگی دوست که خدا مهربان نعمت دهنده است و قرب جناب او در بهشت وَدُخُوْلِ
الْمَلٰئِكَةِ الْكِرَامِ عَلَيْهِ بِالتَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ و خواهش درآمدنِ فرشتگان بزرگ بروی یعنی برآدم و
تعظیم و تکریم و سلام چنانکه در بهشت می باشد این تلمیح است بقول ابلیس که گفت با آدم اگر این شجره
بخوری همیشه در بهشت باشی و هرگز ازین بیرون نیفتی پس آدم در طمع افتاد و اراده آن کرد و ازان
شجره خورد فَوُجِدَتْ هُنَاكَ هَوَاهُ نَفْسِهٖ پس یافته شد اینجای هوای نفس آدم وَمُشَارِكَةُ
اِرَادَتِهٖ لِاِرَادَةِ الْحَقِّ و یافته شد هم انبازی ارادت وی مر انبازی حق را عزّ و جلّ زیرا که اراده ازلی
حق تعالی بران بود که در بهشت نباشد و برزمین افتد تا توالد و تناسل در وجود آید و مصالح دیگر
که لایعد و لایحصی برآن مترتب گردد فَانْكَسَرَتْ لِذٰلِكَ الْاِرَادَةُ پس شکستی یافت ازین جهت
وجود نفس آدم و مشارکت اراده او اراده حق را آن ارادت خلو و مجاورت که آدم کرد علیه السّلام
وَزَالَتْ تِلْكَ الْحَالَةُ و رفت از آدم از تیرگی این ارادت و صفای آنحالت که داشت وَالْعَزَلَتْ
تِلْكَ الْوِلَايَةُ و دور شد و رفت آن ولایت که داشت فَانْهَبَطَتْ تِلْكَ الْمَنْزِلَةُ پس فرو افتاد
آن منزلت و مرتبت که در درگاه عزت داشت وَاَظْلَمَتْ تِلْكَ الْاَنْوَارُ و تاریک گشت از نورها که ویرا
بود وَتَكَدَّرَ ذٰلِكَ الصَّفَا و تیره شدن آن صفای وقت که داشت یعنی زوال آنحالت و انحطاط
مرتبت و عروض کدورت آنهمه از جهت این ارادت و خواست بود که منبعث شد از نفس نه مجرد
ظهور خطیه و معصیت و ظاهر آنست که وی علیه السّلام در انوقت نبی بود تا گویند انبیاء را عزل نمی باشد

یا گویم مراد بالعزال اینجا خلع لباس نبوّت نیست بلکه فتور و نقصان در علو مرتبت و منزلت و صفای
وقت است چنانکه صریح کلام مشعر بدانست اگر گویند ارادهٔ خلود جنت و مجاورت درگاه حق امری
محمودست پس ارادهٔ وی مذموم نباشد جوابش آنکه ارادت جنت و مجاورت در حد ذات حسن و
محمودست امّا چون نهی کرده شد از اکل شجره و ارادهٔ خلود جنت که مرتب بر آنست مذموم و قبیح
باشد و چون آدم صفی علیه السّلام بجهت آن اراده از مرتبهٔ خود فرود افتاد و تقدیر الٰهی بر اجتبا و اصطفای
او رفته بود بتوبه و استغفار از خطای که رفته بود توفیق داده باز تاج کرامت توبه و اجتبا بر سرش
نهاده بطریق صواب هدایت فرموده تا بدانند که هلاک مرد در معصیت نیست بلکه در ترک توبه است
چنانکه میفرماید ثُمَّ نُبِّهَ پس تر آگاهانیده شد آدم علیه السّلام وَذُكِّرَ صَفِيُّ الرَّحْمٰنِ و یاد دهانیده و
بیرون آورده شد از ورطهٔ غفلت آن دوست خدای مهربان را فَعُرِّفَ الْاِعْتِرَافَ بِالذَّنْبِ
ذَا النِّسْيَانِ پس شناسا کرده شد آدم باقرار کردن بگناه و فراموشی وَلُقِّنَ الْاِقْرَارَ بِالْقُصُوْرِ وَالنُّقْصَانِ
و تعلیم و تفهیم کرده شد او را اقرار بتقصیر و کوتاهی و سستی کردن در نگاهداشت امر الٰهی و نقصان حال
خود فَقَالَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ
پس گفت آدم علیه السّلام پروردگارا ستم کردیم ما بر نفسهای خود و تقصیر کردیم در حق تو اگر نیامرزی تو
ما را و رحم نکنی بر ما هر آئینه می باشیم از زیان کاران فَجَاءَتْهُ اَنْوَارُ الْهِدَايَةِ پس آمد آدم را به تعلیم و
تعریف الٰهی روشنائی راه راست نمودن حقتعالی او را وَعُلُوْمُ التَّوْبَةِ وَمَعَارِفُهَا و آمد او را علمها
توبه و معرفتهای آن که توبه باید کرد و چگونه باید کرد و آداب و شرائط آن تا قبول افتد وَالْمَصَالِحُ الْمَدْفُوْنَةُ
فِيْهَا و آمد آدم را مصلحتها و حکمتهای که نهان کرده شده است در توبه یعنی منافع و ثمرات آن
مَا كَانَ غَائِبًا مِنْ قَبْلُ آن علوم و معارف که پنهان و پوشیده بود از آدم پیش ازین فَلَمْ
يُظْهِرْ اِلَّا بِهَا پس پیدا نشد آن علوم و معارف مگر بسبب توبه و تعلیم آن ازینجا معلوم شد که توبه
از بنده بی توفیق و الهام پروردگار تعالی توبه را بروی بوجود نمی آید چنانکه در کلام مجید میفرماید
ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا و توبهٔ خدا بر بنده عبارت است از رجوع برحمت و توفیق

توبه و چون الهام و تعلیم کرده شد آدم را توبه و توبه کرد فَبَدَّلَتْ تِلْكَ الْإِرَادَةُ بِغَيْرِهَا پس بدل
گردانیده شد آن ارادتِ خلودِ جنّت بوجودِ نفس و وسواس شیطان از وی ظهور یافته بود بغیر
آن ارادت که موافق ارادهٔ الٰهی باشد و بگذاشت آن اراده را تابع گشت ارادهٔ حق را وَالْحَالَةُ
الْأُولٰى بِالْأُخْرٰى و بدل گردانیده شد حالت نخستین که در وقت آن اراده داشت از ظلمت و
کدورت بحالتِ دیگر که از برآمدن از اراده و توبه کردن از آن پیدا شد از صفات و نورانیّت
وَجَاءَتْهُ الْوِلَايَةُ الْكُبْرٰى و آمد آدم را بجهت ترک ارادهٔ نفس و تابع ارادهٔ حق و در ضمن شدن بقضای
وی ولایت و بادشاهی بزرگتر از نخست وَسُكُوْنٌ فِي الدُّنْيَا و قرار و آرام و سکونت در دنیا ثُمَّ
فِي الْعُقْبٰى پستر در عاقبت نیز که در عاقبت کار و مال و معاد بجانب اوست فَصَارَتِ الدُّنْيَا
لَهُ وَلِذُرِّيَّتِهِ مَنْزِلٌ پس گشت دنیا مر آدم و فرزندان او را بجای فرود آمدن که تا مدّتی معیّن آنجا
باشند پس از آن بدر روند وَالْعُقْبٰى لَهُمْ مَوْئِلًا وَمَرْجِعًا وَخُلْدًا و گشت آخرت او را و
فرزندانِ او را جای پناه و بازگشت و همیشگی یعنی بجهت ترک اراده و عدم مشارکت باراده حق
برکتِ سعادتِ دنیا و آخرت حاصل گشت و هم اینجا و هم آنجا برکت و خیر بدست آید مصرع

که خوبان بادشاه اند خواه اینجا و خواه آنجا ع

بلندی کسی یافت کو پست شد ✽ در نیستی کوفت تا هست شد

فَلَكَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ پس مر ترا ای بنده مومن و ای سالک راه حق قرب به پیغمبر خدا صلّی اللّٰه علیه وسلّم
مُحَمَّدٍ حَبِيْبِهِ الْمُصْطَفٰى محمد محبوب و محبّ خدا و برگزیدهٔ او وَأَبِيْهِ آدَمَ و پدر وی که آدم
است صَفِيِّ اللّٰهِ دوست خالص خدا عُنْصُرِ الْأَحْبَابِ وَالْأَخِلَّاءِ که اصل و پدر همه دوستان
خداست که انبیاء و اولیاء اند أُسْوَةٌ فِي الْاِعْتِرَافِ بِالْقُصُوْرِ وَالْاِسْتِغْفَارِ فِي الْأَحْوَالِ
كُلِّهَا اقتداست در اقرار بکوتاهی و طلب آمرزش در همه حال وَالذِّلَّةِ وَالْاِفْتِقَارِ فِيْهَا
و اقرار بخواری نفس و حاجت و نیازمندی در جمیع احوال بیت ع

بندگی نبود بجز افگندگی ✽ راست ناید خواجگی با بندگی

بدانکہ حبیب و خلیل ہر دو بمعنی دوست اند و گفتہ اند کہ حبیب آن محب کہ بمقام محبوبی رسیدہ باشد و بعضی مقام خلت را بالاتر از مرتبۂ محبت نہند و محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را جامع ہر دو مرتبت دارند و کلام دردی در مجلس مذکور است و باید دانست کہ تسلیم و ترک ارادت منزل و مقام تمام انبیاست و ملت ابراہیم را کہ حضرت پیغمبر ما صلی اللہ علیہ وسلم بمتابعت و موافقت بادی مامور ست عبارت از ہمین مرتبہ تسلیم دارند کہ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ و تخصیص حضرت حبیب اللہ و صفی اللہ بذکر درین مقام بجہت تقریب وقوع توبہ و استغفار ست از ایشان چنانکہ عبارت شریف دال ست بران یا بجہت ذکر اول و آخر نبوت سلسلۂ نبوت و اوساط و حکم آن خواہند بود و بالجملہ وظیفہ بندگی کہ خواری و افگندگی و توبہ و اعتذار ست کار پیران قوم اینست چہ جای دیگران ابیات ؎

حبذا قومی کہ دید حق بود دیدار شان ✤ محو باشد در شہود ذات حق آثار شان!

از خدا خواہند سر ذات خود در ذات او ✤ این بود ساعت بساعت سر استغفار شان

صلوٰۃ اللہ و سلامہ علی الانبیاء والمرسلین و سیدہم و امامہم محمد النبی الامی الامین و علی آلہ و اصحابہ و اتباعہ سالکی طریق الحق محقق علوم الدین ✤

تجدید

حضرت شیخ الاکبر محی الدین ابن العربی قدس سرہٗ اپنی کتاب فصوص الحکم کے باب فص شیثی میں فرماتے ہیں کہ خاتم الاولیاء رضی اللہ تعالی عنہ خاتم الرسل جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کیطرح واحد ہے اور اُنکا وجود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیطرح قدیم ہے۔ تمام سابقہ رسولوں نے علم ولایت خاتم الاولیاء کی مشکوٰۃ سے حاصل کیا ہے اور علم شریعت سابقہ رسل نے خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی مشکوٰۃ سے حاصل کیا ہے۔ علم ولایت بالاصالت خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم اور خاتم الاولیاء رضی اللہ عنہ ہی جانتے ہیں۔ علم ولایت میں خاتم الاولیاء رضی اللہ تعالی عنہ سابقہ رسل کے پیر و مرشد ہیں لیکن چونکہ ان کا وجود قدیم ہے۔ اسلئے احکام شریعت میں

وُہ سابقہ رُسُل علیہم السّلام کے تابع تھے۔ چونکہ مردانِ حق کے نزدیک فضیلت کا تعلق ساتھ علم باللہ کے ہے اسلئے خاتم الاولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سابقہ رُسُل علیہم السّلام پر فضیلت حاصل ہے۔ اب جو اولیاء رُسُل سے کم درجہ والے ہیں وُہ خاتم الاولیاء سے کیسے بے نیاز ہو سکتے ہیں علم ولایت میں خاتم الرُّسُل صلّی اللہ علیہ وسلّم کا خاتم الاولیاء کیساتھ وُہ ہی تعلق ہے جو سابقہ رُسُل کا ہے۔ یعنی خاتم الرُّسُل صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بھی علمِ ولایت خاتم الاولیاء کی مشکوٰۃ سے حاصل کیا ہے۔ خاتم الاولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ خاتم الرُّسُل جناب محمدؐ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حسنات میں سے ایک حسنہ ہیں ؎

(۱) شارحینِ فصوص الحکم نے اِس بات پر اتفاق کیا ہے کہ خاتم الاولیاء سے مُراد عالی سرکار جناب حضرت غوثِ اعظم پاک محبُوبِ سُبحانی پیرانِ پیر دستگیر بازِ اشہب میراں محی الدین شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں چنانچہ حضرت مولانا محمد اشرف علیؒ صاحب تھانوی قدس سرہٗ اپنی کتاب خصوص الکلم فی حل فصوص الحکم کے صفحہ ۵۵ پر فرماتے ہیں "اور اسی (خزائن الاسرار الکلم) میں ہے کہ بعض عارفین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کو خاتم ولایت خاصہ محمدیہ کہتے ہیں" اس مسئلہ کی تحقیق میں اِس مسکین نے دو کتابیں تفسیر جلوی اور تحقیق الاولیا فی شان سلطان الاصفیاء لکھی ہیں۔ دونوں کتب فضلِ الٰہی کا دستر خوان ہیں۔ دستر خوان پر بیٹھئے اور رنگا رنگ کے آسمانی کھانے تناول فرمائیے۔ اِس جگہ صرف ایک آیت کریمہ پیش کی جاتی ہے۔ ربّ تعالیٰ فرماتا ہے وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ شمس سے مُراد حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم ہیں کیونکہ شمس احدیّت حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی صُورتِ پاک پر طلوع ہے۔ ذاتِ حق نے جب مرتبہ غیب الغیب سے ظہور فرمایا تو آپؐ کی ذاتِ پاک کو اپنے لئے آئینہ ٹھہرایا۔ جب حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے قلب پاک میں شمس احدیت چمکا تو آپؐ ذاتِ حق کیلئے مرآتِ تامّہ ٹھہرے اور ربّ تعالیٰ نے آپ کو شمس سے خطاب کیا۔ وَالشَّمْسِ قسم ہے مجھے شمس احدیت کی یعنی حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی۔ وَضُحٰهَا اور قسم ہے

ہے مجھے شمس کی دھوپ چڑھنے کی یعنی قسم ہے مجھے شمس کے انوارات اور شعاعوں کی یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضان کی جس سے جمیع عوالم منوّر ہو رہے ہیں۔ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا اور قسم ہے چاند کی جب شمس کے پیچھے آوے۔ آیۂ کریمہ میں اشارہ ہے کہ قمر وہ ہستی ہے جس کا ظہور عنصری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہیں بلکہ ابھی اُس کا ظہور ہونا ہے اور اُس کا ظہور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوگا پس رُسل پہلے ہو گذرے ہیں اُن میں سے کوئی قمر نہیں ہو سکتا۔ اسیطرح صحابہ رضی اللہ عنہم اور آئمہ اہل بیت علیہم السّلام کا چونکہ ظہورِ عنصری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ ہے اسلئے اُن میں بھی کوئی قمر نہیں ہو سکتا۔ قمر وہ ہستی ہے جس کا ظہورِ عنصری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوگا۔ لامحالہ قمر سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت کا کوئی ولی ہے جسکا ظہورِ عنصری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوگا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ کون ولی ہے جس سے سابقہ انبیاء علیہم السّلام و جملہ اولیاء رضی اللہ عنہم نے فیض حاصل کیا۔ یہ دعویٰ سوائے عالی سرکار جناب حضرت غوث اعظم پاک رضی اللہ عنہ کے کسی نے نہیں کیا۔ جب آپ کا ظہور عنصری ہُوا تو آپ نے تخت پر بیٹھ کر اعلان کیا: قَدَمِیْ هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ كُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ چونکہ ہر نبی کا ولی ہونا لازمی ہے لہٰذا كُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ ہیں سابقہ انبیاء علیہم السّلام بھی داخل ہیں۔ آنجناب رض کے بعض مریدین نے اِس اعلان مبارک کی وضاحت چاہی تو آپ نے فرمایا یَا غُلَامُ اَلْوِلَایَاتُ هٰهُنَا الدَّرَجَاتُ هٰهُنَا فِیْ مَجْلِسِیْ تَفَرَّقُ الْخِلَعُ وَمَا مِنْ نَبِیٍّ خَلَقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَلَا وَلِیٍّ اِلَّا وَقَدْ حَضَرَ مَجْلِسِیْ هٰذَا الْاَحْيَاءُ بِاَبْدَانِهِمْ وَالْاَمْوَاتُ بِاَرْوَاحِهِمْ یعنی اے لڑکے! ولایات یہاں ہیں درجات یہاں ہیں۔ میری مجلس میں خلعتیں تقسیم ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا نبی یا ولی پیدا نہیں کیا جو میری مجلس میں حاضری نہ دے۔ زندہ اپنے بدنوں کے ساتھ اور فوت شدہ اپنی ارواح کے ساتھ۔ آپ کے یہ دونوں اعلان جملہ اقطاب عارفین واکابر محدثین رضی اللہ عنہم نے تسلیم کئے ہیں (تحقیق الاولیا فی شان سلطان الاصفیاء) نیز صحابہ رض مثل نجوم کے ہیں لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَصْحَابِیْ

کالنجوم۔ اصحابہ میں سابقہ انبیاء علیہم السلام وجملہ اولیاء رضی اللہ عنہم داخل ہیں۔ پس آیہ کریمہ سے ثابت ہوا کہ شمس سے مراد سرکار دوعالم تاجدارِ مدینہ منورہ جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور قمر سے مراد حضرت سلطان غوثِ اعظم پاک جناب شیخ سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ ہے اور صحابہ (جمیع انبیاء و اولیاء علیہم السلام) مثل ستاروں کے ہیں۔

(۲) فصوص الحکم کی سب سے زیادہ سنگین عبارت یہ ہے: فَخَاتِمُ الرُّسُلِ مِنْ حَیْثُ وِلَایَتِہٖ نِسْبَتُہٗ مَعَ الْخَتْمِ لِلْوَلَایَةِ نِسْبَةُ الْاَنْبِیَاءِ وَالرُّسُلِ مَعَہٗ فَاِنَّہُ الْوَلِیُّ الرَّسُوْلُ النَّبِیُّ وَخَاتِمُ الْاَوْلِیَاءِ الْوَلِیُّ الْوَارِثُ الْاٰخِذُ عَنِ الْاَصْلِ الْمُشَاهِدُ لِلْمَرَاتِبِ وَهُوَ حَسَنَةٌ مِّنْ حَسَنَاتِ خَاتِمِ الرُّسُلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یعنی خاتم الرسل کی باعتبارِ ولایت خاتم الاولیاء کے ساتھ وہی نسبت ہے جو انبیاء و رسل کو اس کے ساتھ ہے کیونکہ خاتم الرسل ولی بھی ہیں رسول بھی ہیں اور نبی بھی ہیں اور خاتم الاولیاء ولی ہیں خاتم الرسل کے وارث ہیں، اصلی معدن سے اخذ کرنے والے ہیں، انبیاء و اولیاء کے مراتب کے نگہبان ہیں۔ باوجود ان سب کمالات کے خاتم الاولیاء، خاتم الرسل جناب محمد پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حسنات میں سے ایک حسنہ ہیں۔ مراد یہ ہے کہ خاتم الرسل اگرچہ فیضانِ ولایت خاتم الاولیاء کی مشکوٰۃ سے حاصل کرتے ہیں لیکن خاتم الاولیا خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا ایک مرتبہ ہے۔ یعنی خاتم الاولیاء خاتم الرسل ہی کا ایک وجود ہے۔ تو پس خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم سِرِّ الٰہی ہیں، خاتم الاولیاء کی صورت پہ آپ ہی کا ظہور ہے۔ باعتبار رسالت اس ذات پاک یعنی سِرِّ الٰہی کا نام خاتم الرسل ہے صلی اللہ علیہ وسلم اور باعتبار ولایت اس سِرِّ الٰہی کا نام خاتم الاولیاء ہے۔ پس حقیقت میں خاتم الرسل نے فیضانِ ولایت خاتم الرسل ہی سے حاصل کیا ہے۔ اگرچہ مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ نے فصوص الحکم کے چند مقامات کی شرح کی ہے لیکن اس مسکین کا ان کے بعض عقاید سے اختلاف ہے۔ سبحان اللہ! اس مقام کی شرح میں وہ بھی میرے

ساتھ متفق ہیں۔ خصوص الحکم فی حل فصوص الحکم کے صفحہ ۵۶ پر فرماتے ہیں "حقیقت میں غور کیا جاوے تو یہاں واقع میں دو مشکوٰۃ ہی نہیں۔ صرف ایک مشکوٰۃ خاتم الرسل ہی کی ہے۔ اُسی کا ایک لقب مشکوٰۃ خاتم الاولیاء ہے۔ پس وہ مشکوٰۃ ایک اعتبار سے مشکوٰۃ خاتم الرسل کہلاتی ہے اور ایک اعتبار سے مشکوٰۃ خاتم الاولیاء کہلاتی ہے" ایک عزیز نے سوال کیا کہ قرآن مجید میں تو ہر چیز کا بیان ہے بقولہٖ تعالیٰ وَنَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْكِتَابَ تِبْیَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ آپ کوئی آیت قرآنی پیش کریں جس سے ثابت ہو کہ خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم و خاتم الاولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک ہی وجود ہے۔ معاً محبوب حقیقی نے دل میں القا کیا وَالْفَجْرِ ۙ وَلَیَالٍ عَشْرٍ ۙ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۙ وَالَّیْلِ اِذَا یَسْرِ ۚ هَلْ فِیْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ؕ قسم ہے فجر کی اور قسم ہے دس راتوں کی۔ قسم ہے جوڑے کی اور قسم ہے ایک کی۔ اور قسم ہے اس رات کی جب رات کو چلے۔ ان چیزوں کی قسم میں عقلمندوں کیلئے اشارے ہیں۔ معراج شریف کی رات جب سرکارِ دو عالم حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سلطان غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے کندھوں مبارک پہ سوار ہو کر عرش معلیٰ پر پہنچے تو رب تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس و اطہر پر سے ستر ہزار حجاب جو کسی حکمت کی خاطر ڈالے ہوئے تھے سب ہٹا دیئے تاکہ ملاقات حبیب بلا برقع نصیب ہو۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نورانی پیکر سے جملہ حجب ہٹائے گئے تو آپ کے ذاتی نور نے عرش معلیٰ کو منور کر دیا اور رات کو فجر میں تبدیل کر دیا۔ رب تعالیٰ نے فرمایا وَالْفَجْرِ اے حبیب پاک صلی اللہ علیک وسلم! قسم ہے مجھے آپ کے ذاتی نور کی جس نے عرش معلیٰ کو منور کر دیا ہے اور رات کو فجر میں تبدیل کر دیا ہے۔ جب عرش معلیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذاتی نور سے جگمگا اُٹھا تو آپ کی سیاہ زلفیں مبارک آپکی نورانی پیشانی مبارک پر عجب چمکارے مار رہی تھیں۔ درمیان سے پانچ خمدار زلفیں مبارک دائیں طرف اور پانچ خمدار زلفیں مبارک بائیں طرف تھیں یعنی یہ پانچ پانچ کنڈل مبارک دستار مبارک سے نیچے نظر آ رہے تھے۔ رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وَلَیَالٍ عَشْرٍ اے محبوب پاک صلی اللہ علیک وسلم! قسم ہے مجھے آپ کی دس زلفوں مبارک کی جو آپ کے نورانی

ماتھے مبارک پر عجب سہا رہی ہیں۔ آگے فرمایا وَالشَّفْعِ قسم ہے جوڑے کی یعنی اے محبوب پاک صلّی اللہ علیک وسلّم! قسم ہے آپکی اور قسم ہے آپ کے محبوب محی الدین کی اور فرمایا وَالْوَتْرِ قسم ہے ایک کی یعنی رب تعالیٰ نے اشارہ فرمادیا ہے کہ یہ دو وجود نہیں ہیں بلکہ ایک ہی وجود ہے یعنی حضرت غوث اعظم پاک رضی اللہ عنہ کی صورت پاک پر جناب محمد پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم جلوہ نما ہیں۔ وَالْوَتْرِ قسم ہے ایک کی۔ جب حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنیٰ کے مقام سے مشرف ہوئے تو انوارات الٰہیہ نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نورانی پیکر مبارک کو گھیر لیا اور فرمایا اے محبوب پاک صلّی اللہ علیک وسلّم! میں بے صورت ہوں بے رنگ ہوں بے شبہ و بے نمون ہوں بیچون و بے چگون ہوں لیکن ظہور کیخاطر میں نے آپکی نورانی صورت پاک پسند کی ہے بقولہٖ تعالیٰ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ قسم ہے آپ کی صورت پاک کی کیونکہ یہ صورت الٰہیہ ہے اور قسم ہے اس سمجھانیوالے قرآن کی یعنی آپ کی حقیقت پاک کی کیونکہ آپ ہی کی حقیقت میں میری حقیقت تلاوت کی جارہی ہے۔ پس میں ایک ہوں لیکن آپ ہی کی صورت پاک پر جلوہ نما ہوں لہٰذا یہاں غیر کی گنجائش نہیں۔ آگے فرمایا کہ وَالَّیْلِ اِذَا یَسْرِ قسم ہے اس مبارک رات کی جس میں آپ تشریف لائے ہیں۔ آگے فرمایا هَلْ فِیْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ان قسموں میں عقلمندوں کیلئے اشارات ہیں۔ یعنی مذکورہ بالا اشارات کو وہ اقطاب عارفین رضی اللہ عنہم جانتے ہیں جن کو عقل کل سے بہرہ حاصل ہے۔ جن کی عقل کا دہانہ عقل کل کے سمندر کیساتھ ملا ہوا ہے۔ میرے سلطان حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے چند قصائد شریف تتمہ فتوح الغیب بر حاشیہ بهجة الاسرار و معدن الانوار پر درج ہیں۔ ان میں سے ایک قصیدہ شریف میں آپ نے معراج شریف کی رات حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کیساتھ مقام قَابَ قَوْسَیْنِ میں شریک ہونے کے متعلق ارشاد فرمایا ہے ؎

اَنَا کُنْتُ فِی الْعُلْیَا بِنُوْرِ مُحَمَّدٍ ❊ وَفِیْ قَابَ قَوْسَیْنِ اجْتِمَاعُ اَحِبَّةٍ

یعنی قاب قوسین میں جب دوستوں کا اجتماع ہوا تو اس بلند مقام میں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نور انوار کے ساتھ ہم بھی موجود تھے۔ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ خَیْرِ خَلْقِهٖ وَ نُوْرِ عَرْشِهٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِهٖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ❊ مسکین عطا محمد عفی اللہ عنہ

(مطبوعہ: اشرف پریس لاہور)

صفحہ	عنوان	نمبر شمار
۷۶	از تفسیر عرائس البیان	۲۰
۸۰	از تفسیر روح البیان	[illegible]
۸۶	از فتوحات مکیہ	[illegible]
۸۹	از کتاب الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم	۲۳
۹۱	(فصل) فی حکم عقدِ قلب النبی صلی اللہ علیہ وسلّم من وقتِ نبوّتہٖ	[illegible]
۹۴	(فصل) دربارہ حضور نبیِ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کی عقدِ قلبی	۲۵
۱۰۲	از شرح فتوح الغیب	۲۶
۱۰۷	تجدید	۲۷

اشتہار

جلوی کتب خانہ

اعلیٰ حضرت سراپا رحمت سلطانِ اوتاد تاجدارِ افراد خاتم الاولیا والاصفیا امام ربّانی عالی سرکار غوث الاعظم پاک ثانی ولا ثانی حضور مجسّم نور جانِ جہان پیرِ مغان سیدنا و مولانا پیر غلام محمّد صاحب قبلہ جلوانوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی علمِ تصوّف میں نایاب نادر الوجود صد مایۂ ناز اور ایمان وعرفان افروز تصنیفات طیبات کے مطالعہ عین طالعہ سے اپنے دلوں کو عشقِ رسولِ پاک علیہ الصلوٰۃ والسّلام اور ذوق شوق سے بھرپور فرماویں۔ وَھوھذا:۔

		روپے
۱	اسرار المقطعات ورموز المتشابہات منظوم فارسی بمعہ ترجمہ تحت السطور وشرح سلیس اردو	۱۵/-
۲	اسرار التوحید جلد اوّل یعنی ملفوظات طیبات اُردو	۱۰/- ″
۳	تحقیق الاولیاء فی شان سلطان الاصفیا رضی اللہ عنہ	۱۰/- ″

نمبر	نام کتاب	روپے
۴	تحقیق العارفین فی حقیقۃ سید المرسلین صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (جلد اوّل)	۸/۰۰
۵	(مکتوباتِ طیّبات) یسقون من رحیق مختوم المعروف بہ تعلیم توحید ودقیق علوم	۷/۰۰
۶	تحقیق العارفین فی حقیقۃ سید المرسلین صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم (جلد دوم)	۵/۰۰
۷	تفسیر رُومیؒ	۵/۰۰
۸	تفسیر برزخ جامع	۳/۰۰
۹	نور الایمان فی علم العرفان	۳/۰۰
۱۰	تفسیر جلویؒ	۳/۰۰
۱۱	اسرار المقطعات ورموز المتشابہات منظوم عربی بالاعراب بمعہ ترجمہ تحت السطور وشرح سلیس اُردو	۲/۷۵
۱۲	نورِ ولایت	۲/۵۰
۱۳	دیوانِ عشق	۲/۰۰
۱۴	رمز الوحدت	۱/۵۰
۱۵	پیامِ جلویؒ	۱/۵۰
۱۶	مدیحۃ النبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم	۱/۰۰
۱۷	وصال باکمال سیّد شیر محمّد شاہ صاحب گیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۱/۰۰
۱۸	گلدستۂ عقیدت حصّہ دُوم	۱/۰۰
۱۹	برزخ جامع اروپیہ (۲۰) کمالِ جلویؒ ۷۵ پیسے (۲۱) شجرۂ غوثیہ وعہد نامہ ذاتیہ	۰/۱۳
۲۲	وصال نامہ سیّد قطب علیشاہ صاحب جلوی قدس سرہ العزیز	۰/۳۷

ملنے کا پتہ (۱) مہتمم کتب خانہ آستانہ عالیہ جلوآنہ شریف ڈاکخانہ فیض پور براستہ سمندری ضلع لائلپور
(۲) سگِ مسکین محمّد یار دُتو قادریؒ ڈھڈی والا کلاں ڈاک خانہ لائلپور (مغربی پاکستان)
(۳) سیّد عبدالرحیم شاہ صاحب خطیب جامع مسجد کچہری روڈ گجرات •

المشتہر:- انتظامی کمیٹی دربار پاک جلوآنہ شریف ضلع لائل پور (پاکستان)